11. *[No act done as required by religion or on the basis of the religious rites and usages of any race, sect or class shall be an offence under this Act.]

Saving with respect to religious rites and usages.

[مستثنیات متعلقہ مذہبی رسم و رواج - دفعہ ۱۱ - کوئی فعل جو کسی قوم یا فرقہ یا جماعت کے مذہبی احکام یا رسم و رواج کی بناء پر کیا گیا ہو قانون ہذا کی رو سے جرم نہ ہوگا۔

12. *(1) The Government may for the purposes of this Act make rules generally.

Rules.

قواعد - دفعہ ۱۲ - (۱) - سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ قانون ہذا کے اغراض کے لئے عموماً قواعد وضع کریں۔

(2) Without prejudice to the generality of sub-section (1), the Government shall make rules with respect to the following matters :-

(۲) - ضمن (۱) کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر حسب ذیل امور کے متعلق سرکار عالی قواعد وضع کریں گے :-

(a) the maximum weight to be drawn by an animal ;

(الف) - انتہائی وزن جو کسی جانور کے ذریعہ حمل و نقل کیا جا سکے گا۔

(b) preventing the overcrowding of animals in any place ;

(ب) - جانوروں کو ایک جگہ زیادہ تعداد میں جمع ہونے کی روک۔

(c) prescribing the period during which and the hours between which buffalo shall not be employed for draught purposes ;

(ج) - کھلگا یا بھینس سے باربرداری کا

*As amended by Act No. VII of 1350 Fasli

* ترمیم بموجب قانون نشان (۷)، ۱۳۵۰ف

(d) the application of fines realised under this Act ;

(د) ۔ تحت قانون ہذا جو جرمانہ وصول ہو اُس کا مصرف ۔

(e) registering farriers and awarding them licence ;

(ہ) ۔ نعلبندوں کا نام درج کتاب کرنا اور اُن کو اجازت نامہ دینا ۔

(f) prescribing the bit and harness involving cruelty to animals.

(و) ۔ ایسی لگام اور ساز و سامان کا تعین جس کا استعمال جانوروں کی بیرحمی کا باعث ہو ۔

(3) Any person who contraevnes the rules made under this Act shall be punished with fine which may extend to fifty rupees.

(۳) ۔ کوئی شخص جو قواعد تحت قانون ہذا کی خلاف ورزی کرے اُس کو جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی جس کی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکے گی ۔

(Translation)

THE CONFERRING OF POWERS FOR SUMMONING WITNESSES ACT.

No. I of 1314 FASLI.

Sections.

1. Title of Act and commencement.

2. Government may confer on any Government officer powers of Civil Court for summoning witnesses.

3. Government may make rules regarding mode of inquiry and trial.

4. Court to which appeal against appealable order shall lie.

قانون عطائے اقتدارات طلبی گواہان

نشان (۱) سنہ ۱۳۱۴ ف

دفعہ

۱ نام قانون و تاریخ نفاذ۔

۲ سرکار عالی طلبی گواہان کے متعلق کسی عہدہ دار سرکاری کو عدالت دیوانی کے اختیارات عطا فرما سکتے ہیں۔

۳ سرکار عالی طریقہ تحقیقات و تجویز کے متعلق قواعد وضع فرما سکتے ہیں۔

۴ احکام قابل مرافعہ کا مرافعہ کس عدالت میں ہوگا۔

THE CONFERRING OF POWERS FOR SUMMONING WITNESSES ACT.

NO. I of 1314 FASLI.

(Received the assent of the Madarul-Moham on 20th Thir, 1314 F.)

Whereas it is expedient that power for summoning witnesses may be conferred, when necessary, on the Government officers not vested with judicial powers; It is hereby enacted as follows:—

Title of Act and commencement.

1. This *Act may be called "The Conferring of powers for Summoning Witnesses Act" and it shall come into force from the 1st day of Azur, 1315 F.

**Government may confer on any Government officer powers of Civil Court for summoning witnesses.

2. The **[Government] may, for any special case or any class of cases in particular, or generally, confer by notification, on any Government officer not vested with judicial powers, all the powers for summoning of witnesses which are vested in a Civil Court under

*Published in the Jarida dated 21st of Amardad 1314 Fasli.

**As amended by Act No. III of 1308 Fasli.

قانون عطائے اقتدارات طلبی گواہان

نشان (۱) سنہ ۱۳۱۴ ف

(مدارالمہام سرکار عالی نے بتاریخ ۲۰ تیر سنہ ۱۳۱۴ ف منظور فرمایا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ حسب ضرورت ایسے عہدہ داران سرکاری کو جنھیں عدالتی اختیارات حاصل نہ ہوں طلبی گواہان کا اختیار دیا جاسکے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:—

نام قانون و تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون عطائے اقتدارات طلبی گواہان" موسوم ہوسکے گا۔ اور یکم آذر سنہ ۱۳۱۵ ف سے نافذ ہوگا۔

[سرکار عالی] طلبی گواہان کے متعلق کسی عہدہ دار سرکاری کو عدالت دیوانی کے اختیارات عطا فرما سکتے ہیں۔

دفعہ ۲۔ [سرکار عالی] کو اختیار رہوگا کہ کسی عہدہ دار سرکاری کو جس کو عدالتی اختیارات حاصل نہ ہوں کسی خاص مقدمہ یا اقسام مقدمات کیلئے بالخصوص یا بالعموم بذریعہ اشتہار طلبی گواہان کے متعلق

۔ مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۱ امرداد سنہ ۱۳۱۴ ف

۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

the Code of Civil Procedure for the time being in force.

3. The *[Government] shall, when conferring on and officer the power specified in the preceding section, have power to make rules by notification, regarding the mode of inquiry and trial.

*Government may make rules regarding mode of inquiry and trial.

4. When an officer makes an order under section 2 of this Act, against which an appeal may lie under the law for the time being in force, an appeal against it shall lie, in the city, to the High Court and in the districts to the District Court.

Court to which appeal against appealable orders shall lie.

*As amended by Act No. III of 1308 Fasli.

وہ سب اختیارات عطا فرمائیں جو عدالت دیوانی کو حسب مجموعہ ضابطہ دیوانی نافذ الوقت حاصل ہوں۔

[سرکار عالی] طریقہ تحقیقات و تجویز کے متعلق قواعد وضع فرما سکتے ہیں۔

دفعہ ۳ [سرکار عالی] کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ جب کسی عہدہ دار کو حسب صراحت دفعہ بالا اختیار عطا فرمائیں تو طریقہ تحقیقات و تجویز کے لئے بذریعہ اشتہار قواعد وضع فرمائیں۔

احکام قابل مرافعہ کا مرافعہ کس عدالت میں ہوگا۔

دفعہ ۴۔ جب قانون ہذا کی دفعہ ۲ کے مطابق کوئی عہدہ دار کوئی ایسا حکم صادر کرے جس کا مرافعہ مطابق قانون نافذ الوقت جائز ہو تو اوس کی ناراضی سے بلدہ میں مجلس عالیہ عدالت اور اضلاع میں عدالت ضلع میں مرافعہ ہو سکے گا۔

* ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

(Translation)

THE HYDERABAD FERRIES ACT.

No. II of 1314 Fasli.

Sections.

1. Short title and commencement.
2. Definitions.
3. Powers of Government regarding Government ferries.
4. Inquiries as to compensation in case of private ferry being taken over by Government.
5. Management of Government ferry shall be entrusted to Taluqdar.
6. Government may entrust management of Government ferry to municipality.
7. Leasing out tolls.
8. Amount may be recovered from lessee and his surety under Government Demands Act.

قانون معابر ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۲) سنہ ۱۳۱۴ ف

دفعہ۔

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ ۔

۲ تعریفات ۔

۳ سرکاری معابر کے متعلق سرکار عالی کے اختیارات ۔

۴ خانگی معبر پر سرکار عالی کی جانب سے قبضہ کرنے کی صورت میں معاوضہ کی تحقیقات۔

۵ سرکاری معبر کا انتظام تعلقدار کے سپرد ہوگا ۔

۶ سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ معبر کا انتظام میونسپلٹی کے سپرد کریں ۔

۷ محصولات کا تعہد دیا جانا ۔

۸ تعہد دار اور اس کے ضامن سے حسب قانون مطالبات سرکاری رقم وصول ہوسکے گی۔

9. Cancellation of lease.

10. Surrender of lease by lessee.

11. Power of Government to make rules.

12. No private boat shall be plied within two miles of Government ferry without sanction.

13. Tolls.

14. Table of tolls.

15. Duty of lessee regarding submission of returns required.

16. Application of amounts realised.

17. Rate for use of Government ferry for definite period.

PRIVATE FERRIES.

18. Power to make rules.

19. Tolls.

PENALTIES AND PROCEDURE.

20. Penalty for breach of provisions as to table of toll and preparation of returns.

21. Penalty for collecting in excess of prescribed toll or detaining passengers, etc.

۹ تعہد کا منسوخ ہونا۔

۱۰ تعہد دار کا تعہد سے مستعفی ہونا۔

۱۱ سرکار عالی کو قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

۱۲ سرکاری معبر سے دو میل کے اندر بغیر منظوری کوئی خانگی کشتی نہ چلائی جائیگی۔

۱۳ محصولات۔

۱۴ محصولات کی فہرست۔

۱۵ تعہد دار کا فرض تختہ جات مطلوبہ داخل کرنے کے متعلق۔

۱۶ رقوم جو وصول ہوں کس کام میں لگائی جائیں گی۔

۱۷ معین مدت تک سرکاری معبر استعمال کرنے کی شرح۔

خانگی معابر

۱۸ قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

۱۹ محصولات۔

سزائیں اور ضابطہ کاروائی

۲۰ محصول کی فہرست اور تختوں کی ترتیب کے متعلق احکام کی خلاف ورزی کی سزا۔

۲۱ مقررہ محصول سے زیادہ وصول کرنے

22. Penalty for breach of rules made under section 11 or 18.

23. Lease may be cancelled in case of breach of rules.

24. Penalty to passengers offending.

25. Penalty for maintaining private ferry within prohibited limits.

26. Amount of fine may be paid to lessee.

27. Penalty for negligent plying of boat.

28. Power to arrest without warrant.

29. Power of summary trial.

30. (1) Magistrate to assess damage caused by offender.
(2) Appeal.

MISCELLANEOUS PROVISIONS.

31. Taluqdar may take possession of boats etc., on surrender of lease by lessee or on cancellation of lease.

32. Power to take possession of boats etc., in case of emergency.

33. Suit shall not be cognizable by Civil Court.

یا مسافروں وغیرہ کو روکنے کی سزا۔

۲۲ قواعد مرتبہ حسب دفعہ ۱۱ تا ۱۸ کی خلاف ورزی کی سزا۔

۲۳ قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں تعہد فسخ کیا جاسکتا ہے۔

۲۴ مسافروں کو سزا جو خلاف ورزی کریں۔

۲۵ ممنوعہ حدود کے اندر خانگی معبر رکھنے کی سزا۔

۲۶ جرمانہ کی رقم تعہدار کو ادا کی جاسکتی ہے۔

۲۷ غفلت سے کشتی چلانے کی سزا۔

۲۸ بلا حکم نامہ گرفتاری گرفتار کرنے کا اختیار۔

۲۹ سرسری تحقیقات کا اختیار۔

۳۰ ناظم فوجداری نقصان کا تعین کرسکتا ہے جو مجرم نے پہنچایا ہو۔

متفرق احکام

۳۱ تعہدار کے مستعفی ہونے یا تعہد کے فسخ ہونے پر تعلقدار کشتیوں وغیرہ پر قبضہ کرسکتا ہے۔

۳۲ ضرورت کے لحاظ سے کشتیوں وغیرہ پر قبضہ کرنے کا اختیار۔

۳۳ عدالت دیوانی کو دعوے کی سماعت کا اختیار نہ ہوگا۔

(Translation)

THE HYDERABAD FERRIES ACT.

No. II of 1314 Fasli.

(Received the assent of the Madarul Moham on 24th Thir, 1314 F.)

WHEREAS it is expedient to make a law relating to ferries in H. H. the Nizam's Dominions; it is hereby enacted as follows :—

Short title and commencement.

1. This *Act may be called "The Hyderabad Ferries Act"; and it shall come into force from the 1st day of Azur, 1315 Fasli.

Definitions.

2. For the purposes of this Act, the word "ferries" includes boats and quays and the word "boat" includes vessels, tokras, pontoons, rafts and sangars.

*Published in the Jarida dated 28th Amardad, 1314 F.

قانون معابر ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۲) سنہ ۱۳۱۴ف

(مدارالمہام سرکار عالی نے بتاریخ ۲۴ تیر سنہ ۱۳۱۴ف منظور فرمایا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ معابر ممالک محروسہ سرکار عالی کے متعلق قانون نافذ کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

مختصر نام و تاریخ نفاذ۔ | دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون معابر ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا اور یکم آذر سنہ ۱۳۱۵ف سے نافذ ہوگا۔

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ قانون ہذا کے اغراض کے لئے لفظ "معابر" میں کشتیاں اور رودگھاٹ اور لفظ "کشتی" میں ناؤ۔ لوکرے۔ کڑھائی۔ لکڑی کے بیڑے اور سانگر بھی داخل ہوں گے۔

عہ۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۸ امرداد سنہ ۱۳۱۴ف میں شائع ہوا۔

(Translation)

3. The †[Government] may by notification—

Powers of Government regarding Government ferries.

(a) declare the ferries which shall be deemed Government ferries and the district in which, for the purposes of this act, they shall be deemed to be situate ;

(b) take possession of any private ferry and declare it to be Government ferry ;

(c) establish new Government ferries wherever needed ;

(d) determine the limits of any Government ferry ;

(e) alter the course of any Government ferry ;

(f) discontinue any Government ferry which is not needed :

PROVIDED that when an alteration is necessary in the course or in the limits of a Government ferry by reason of the diversion of a river or brooke, the Taluqdar of the district in which the ferry is situate or other officer whom the †[Government] may appoint may, by an order in writing, make such alteration.

†As amended by Act No. III of 1308 F.

سرکاری معابر کے متعلق سرکار عالی کے اختیارات۔

دفعہ ۳۔ [سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ بذریعہ اشتہار :—

(الف) یہ قرار دیں کہ کون سے معابر سرکاری معابر متصور ہونگے اور قانون ہذا کی اغراض کے لئے کس ضلع میں واقع سمجھے جائیں گے۔

(ب) کسی خانگی معبر پر قبضہ کر کے اُسے سرکاری معبر قرار دیں۔

(ج) جس مقام پر ضرورت ہو جدید معابر سرکاری قائم کریں۔

(د) کسی معبر سرکاری کے حدود کا تعین کریں۔

(ہ) کسی سرکاری معبر کا راستہ بدل دیں۔

(و) کسی سرکاری معبر کو جس کی ضرورت نہ ہو موقوف کر دیں۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب کسی سرکاری معبر کے راستہ یا حدود میں کوئی تبدیل ندی یا دریا کی دھار کے بدلنے کی وجہ سے ضروری ہو تو اُس ضلع کا تعلقدار جس میں وہ معبر واقع ہو یا اور عہدہ دار جسے [سرکار عالی] مقرر کریں بذریعہ حکم تحریری ایسی تبدیل عمل میں لاسکتا ہے۔

ے ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

(Translation)

4. When a private ferry is declared to be a Government ferry under clause (b) of section 3, and any person claims compensation in respect thereof, the Taluqdar of the district in which such ferry is situate shall inquire into the claim and submit his report through the Subedar of the division for order of the *[Government.]

Inquiries as to compensation in case of private ferry being taken over by Government.

دفعہ ۴ - جب کوئی خانگی معبر حسب دفعہ (۳) ضمن (ب) سرکاری معبر قرار دیا جائے اور کوئی شخص اس کے متعلق معاوضہ کا دعویٰ کرے تو اوس ضلع کا تعلقدار جس میں وہ معبر واقع ہو اوس دعوے کی تحقیقات کرکے اپنی رپورٹ صوبہ دار سمت کے توسط سے سرکار عالی کے حکم کیلئے پیش کرے گا۔

خانگی معبر پر سرکار عالی کی جانب سے قبضہ کرنے کی صورت میں معاوضہ کی تحقیقات۔

5. The superintendance of every Government ferry shall be entrusted to the Taluqdar or to such officer as the *[Government] may appoint in this behalf; and the Taluqdar or the said officer shall supply all the material necessary for the management of the ferry and shall be responsible for the collection of the authorised tolls thereat, except that the management in respect of the tolls at such ferry has been made under section 6 or section 7.

Management of Government ferry shall be entrusted to Taluqdar.

دفعہ ۵ - ہر سرکاری معبر کا اہتمام تعلقدار یا اوس عہدہ دار کے سپرد رہے گا جسے سرکار عالی اس کام کے لئے مقرر فرمائیں اور تعلقدار یا عہدہ دار مذکور اوس معبر کے انتظام کے لئے تمام ضروری سامان بہم پہنچائے گا اور اوس پر جائز محصولات کے وصول کرنے کا ذمہ دار ہوگا بجز اس کے کہ اوس معبر کے محصولات کی نسبت حسب دفعہ (۶) یا دفعہ (۷) انتظام کیا گیا ہو۔

سرکاری معبر کا انتظام تعلقدار کے سپرد ہوگا۔

†[6. The *[Government] may entrust the management of any Government ferries to a District Board, Regional,

Government may entrust

[سرکار عالی] دفعہ ۶ - [سرکار عالی] مجاز ہوں گے کہ کسی

[سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ معبر کا انتظام میونسپلٹی کے سپرد کریں۔

*As amended by Act No. III of 1308 F.

†In accordance with clause (a) of Sec. 159 of the Hyderabad District Boards Ain No. III of 1352 F.

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

† حسب دفعہ ۱۵۹ ضمن الف آئین مجالس اضلاع سرکار عالی نشان (۳) بابتہ ۱۳۵۲ف

management of Government ferry to Municipality.

Jagir, Municipal or Town Committee within whose limits such ferries are wholly or partly situate, and may also direct that the whole or part of the proceeds accruing therefrom be credited to the funds of the concerned District Board, Regional, Jagir, Municipal or Town Committee; and thereupon the said ferries shall be managed and the income or any part thereof shall be credited.]

7. *[The lease to collect any toll at a Government ferry may be auctioned by such officer as may be appointed by the Government for this purpose.]

Leasing out tolls.

The lessee shall follow the rules made under this Act for the management of such ferry.

The lessee shall also have to furnish, within the time fixed, such security for the payment of amount as* [the officer appointed by the Government to auction the lease] may deem fit.

*As amended by Act No. IX of 1356 F.

قانون معابر ممالک محروسہ سرکار عالی۔ نشان (۲) ۱۳۱۴ف

سرکاری معابر کا انتظام مجلس ضلع۔ علاقہ یا جاگیری یا بلدی یا قصباتی مجلس کے تفویض کریں جس کے حدود اراضی میں یہ معابر جزءً یا کلاً واقع ہوں۔ نیز یہ حکم دیں کہ آمدنی جو اس سے حاصل ہو کلاً یا جزءً متعلقہ مجلس ضلع۔ علاقہ یا جاگیری یا بلدی یا قصباتی مجلس کے سرمایہ میں جمع کی جائے اور اسکے بعد معابر مذکور کا انتظام کیا جائے گا اور آمدنی یا اس کا کوئی حصہ جمع کیا جائے گا۔]

دفعہ ۷ [سرکاری محصولات کا تعہد دیا جانا۔] معبر پر محصول وصول کرنے کے تعہد کا ہراج ایسے عہدہ دار کے ذریعہ کیا جا سکے گا جس کو اس غرض کے لئے سرکار عالی مقرر کریں۔]

تعہد دار پر ان قواعد کی پابندی لازمی ہوگی جو اس معبر کے انتظام کے لئے حسب قانون ہذا نافذ کئے گئے ہوں۔

تعہد دار کو وقت معینہ کے اندر رقم کی ادائی کے لئے ایسی ضمانت بھی داخل کرنی ہوگی جو [وہ عہدہ دار] مناسب تصور کرے [جس کو سرکار عالی نے تعہد کا ہراج کرنے کے لئے مقرر کیا ہو۔]

۵ے۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۹) بابتہ ۱۳۵۶ف

(Translation)

Amount may be recovered from lessee and his surety under Government Demands Act.

8. The amount recoverable from a lessee or his surety may be recovered under the Government Demands Act No.IV of 1308 F.

دفعہ ۸ - جو رقم کسی تعہدار یا اُس کے ضامن سے واجب الوصول ہو وہ حسب قانون مطالبات سرکاری تسلیم وصول ہوسکے گی -

تعہدار اور اوس کے ضامن سے حسب قانون مطالبات سرکاری تسلیم وصول ہوسکے گی -

ہو وہ حسب قانون مطالبات سرکاری نشان (۴) ۱۳۰۸ف وصول کی جاسکے گی -

Cancellation of lease.

9. (1) The †[Government] may cancel the lease after giving three months' previous notice to the lessee.

When any lease is cancelled under sub-section (1), the Taluqdar shall, after inquiry, submit a report as to the amount of compensation to be paid to the lessee; and the †[Government] may pass proper orders thereon.

تعہد کا منسوخ ہونا - دفعہ ۹ - (۱) - سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ تعہدار کو تین ماہ قبل اطلاع دے کر تعہد کو منسوخ کریں -

(۲) جب کوئی تعہد حسب ضمن (۱) منسوخ کیا جائے تو تعلقدار بعد تحقیقات رپورٹ پیش کرے گا کہ تعہدار کو کس قدر معاوضہ ادا کیا جائے اور اوس پر سرکار عالی حکم مناسب صادر کرسکیں گے -

Surrender of lease by lessee.

10. The lessee may surrender the lease after giving at least one month's previous notice in writing and on payment of such compensation as the Taluqdar may propose with the approval of the Subedar of the division (in case the auction be for one year) or with that of the †[Government] (in case the auction be for a period of more than one year).

تعہدار کا تعہد سے مستعفی ہونا - دفعہ ۱۰ - تعہدار کو اختیار رہوگا کہ کم سے کم ایک ماہ قبل تحریری اطلاع دینے اور اوس قدر معاوضہ ادا کرنے کے بعد جو تعلقدار بمنظوری صوبہ دار سمت (جب کہ ایک سالہ ہراج ہوا ہو) یا بمنظوری سرکار عالی (جب کہ ایک سال سے زیادہ مدت کا ہراج ہوا ہو) تجویز کرے

†As amended by Act No. III of 1308 F.

† ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

(Translation)

11. The †[Government] may make rules for the following matters :—

Power of Government to make rules.

[سرکار عالی] کو قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۱۱۔ [سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ مفصلہ ذیل امور کے متعلق قواعد مرتب کریں :۔

(a) the management of Government ferries and the traffic thereat ;

(الف) سرکاری معابر کے انتظام اور اُن پر آمد و رفت کے متعلق۔

*[(b) the manner for the auction of a lease to collect toll at a Government ferry, the time for the auction of a lease, the period of a lease and the terms thereof and the persons by whom the officer appointed for auctioning the lease, shall cause the proceeding of the auction completed;]

[(ب) کسی سرکاری معبر پر محصول وصول کرنے کے تعہد کے ہراج کا طریقہ۔ تعہد کے ہراج کا زمانہ۔ تعہد کی مدت اور اس کے شرائط اور اشخاص جن کے ذریعہ تعہد کا ہراج کرنے کے لئے مقرر شدہ عہدہ دار ہراج کی کارروائی کی تکمیل کرائے گا۔]

(c) when a ferry is discontinued, for awarding compensation to persons who have already paid the amount for the use of such ferry for a fixed period and the period has not expired ;

(ج) جب کوئی معبر موقوف ہو جائے تو اُن اشخاص کو معاوضہ دینے کے متعلق جو اوس معبر کے ایک مدت معینہ کے استعمال کے لئے رقم ادا کر چکے ہوں لیکن ہنوز وہ مدت ختم نہ ہوئی ہو۔

(d) generally to carry out the purposes of this Act ;

(د) عموماً قانون ہذا کی اغراض کی تکمیل کیلئے اور جب جب دفعہ ۷ تعہد دیا گیا ہو تو امور

†As amended by Act No III of 1308 F.

*As amended by Act No. IX of 1356 F.

† ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

* ترمیم بموجب قانون نشان (۹) یابتہ ۱۳۵۶ف

and, when a lease has been given under section 7, rules may also be made for the following matters :—

(e) for the payment of instalments recoverable from the lessee ;

(f) in cases in which the traffic is by boats—

(1) for regulating the number, kind, dimensions and equipments of the boats ;

(2) for the number of sailors to be kept by the lessee on each boat ;

(3) for the maintenance of the boats continually in good condition ;

(4) for the hours during which the lessee shall ply the boats ;

(5) for the number of passengers, animals and vehicles, and the bulk, and weight of other things which may be sent in the boat in view of its kind.

12. No private boat shall be plied within two miles of Government ferry without sanction.

(1) No person shall establish a private ferry within two miles from the limits of any Government ferry, without the sanction of the Taluqdar or the officer appointed by the *[Govern-

*As amended by Act No. III of 1308 F.

ذیل کے متعلق بھی قواعد مرتب کئے جاسکتے ہیں ۔

(ھ) اُن اقساط کی ادائی کے متعلق جو تعہدار سے واجب الوصول ہوں ۔

(و) جن صورتوں میں کہ کشتیوں پر آمد و رفت ہو ۔ تو

(۱) کشتیوں کی تعداد اور قسم اور عرض و طول اور سامان متعلقہ کے تعین کے لئے ۔

(۲) ملاحوں کی تعداد کے متعلق جو تعہدار کو ہر کشتی پر رکھنی چاہیئے ۔

(۳) کشتیوں کو ہمیشہ اچھی حالت میں رکھنے کے متعلق ۔

(۴) اُن اوقات کے متعلق جن میں کشتیوں کا چلانا تعہدار پر لازم ہوگا ۔

(۵) مسافروں ۔ جانوروں اور گاڑیوں کی تعداد اور دیگر اشیاء کی مقدار اور وزن کے متعلق جو کشتی کی قسم کے لحاظ سے اوس پر بھیجا جاسکے گا ۔

دفعہ ۱۲ ۔ (۱) تعلقدار یا اوس عہدہ دار کی منظوری کے بغیر جس کو [سرکار عالی] نے حسب دفعہ (۵) اس

سرکاری معبر سے دو میل کے اندر بغیر منظوری کوئی خانگی کشتی نہ چلائی جاسکے گی

ے ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ ف

ment] for this purpose under section 5.

کام کے لئے مقرر کیا ہو کسی شخص کو اختیار نہ ہوگا کہ کسی سرکاری معبر کے حدود سے دو میل کے اندر کوئی خانگی معبر قائم کرے۔

(2) The *[Government] may, by notification, reduce or increase the distance of two miles mentioned in sub-section (1), for any specific ferry.

(۲) [سرکار عالی] کو اختیار ہے کہ کسی خاص معبر کے متعلق دو میل کے فاصلہ میں جس کا ضمن (۱) میں ذکر ہے بذریعۂ اشتہار کمی یا بیشی کریں۔

(3) Sub-section (1) shall not apply to the following cases :—

(۳) ضمن (۱) مفصلہ ذیل صورتوں سے متعلق نہ ہوگا:۔

(a) boats which are not plied on hire,

(الف) ایسی کشتیوں سے جو کرایہ پر نہیں چلائی جاتیں۔

(b) boats which the *[Government] may exempt from the provisions of this section,

(ب) ایسی کشتیوں سے جن کو [سرکار عالی] دفعہ ہذا کے احکام سے مستثنیٰ قرار دیں۔

(c) the traffic between two places, the distance between which is not less than three miles and one of which is situate within and the other beyond two miles of the limits of a Government ferry.

(ج) ایسے دو مقامات کی آمد و رفت سے جن کا فاصلہ ایک دوسرے سے تین میل سے کم نہ ہو اور ان میں سے ایک معبر سرکاری کے حدود سے دو میل کے اندر اور دوسرا باہر واقع ہو۔

13. Tolls. Toll, according to the rate as is fixed by the *[Government] shall be levied on every man, animal, vehicle or any other thing crossing any Government ferry.

محصولات۔ دفعہ ۱۳۔ مطابق اوس شرح کے جو [سرکار عالی] مقرر کریں ہر آدمی۔ جانور۔ گاڑی یا کسی اور چیز پر جو سرکاری

*As amended by Act No. III of 1308 F.

ے۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

Provided that :—

(1) when any man, animal, vehicle or other thing crosses for the Government purposes, no toll shall be collected thereon ;

(2) the * [Government] may declare any man, animal, vehicle or other thing to be exempt from toll ;

(3) where after leasing out tolls under section 7, the *[Government] declare any man, animal, vehicle or other thing to be exempt from the toll, the lessee shall be entitled to rebate of such compensation, as may be awarded by the Taluqdar or any other officer whom the *[Government] may appoint for this work.

14. Table of tolls. The lessee or the person authorised to collect toll at any Government ferry shall —

(1) keep affixed at some conspicuous place near the ferry, a table of the prescribed tolls printed or legibly written in Urdu and in the language spoken in the district ;

(2) produce on demand the table of the prescribed tolls bearing the

*As amended by Act No. III of 1308 F.

معبر کے ذریعہ سے عبور کرے محصول لگایا جاے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ :۔

(۱) جب کوئی آدمی۔ جانور۔ گاڑی یا اور چیز بہ اغراض سرکاری بذریعہ معبر عبور کرے تو اوس پر محصول وصول نہ کیا جائے گا۔

(۲) [سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ کسی آدمی۔ جانور۔ گاڑی یا اور چیز کو محصول سے مستثنیٰ قرار دیں۔

(۳) جب حسب دفعہ ۷ محصولات کا تعہد دینے کے بعد [سرکار عالی] کسی آدمی۔ جانور۔ گاڑی یا اور چیز کو محصول سے مستثنیٰ قرار دیں تو تعہد دار اوس کی بابت ایسے معاوضہ کے مجرا پانے کا مستحق ہوگا جو تعلقدار یا اور کوئی عہدہ دار جسے [سرکار عالی] اس کام کے لئے مقرر کریں تجویز کرے۔

محصولات کی فہرست۔ **دفعہ ۱۴**۔ تعہد دار یا اوس شخص پر جو کسی سرکاری معبر کے محصول وصول کرنے کا مجاز ہو لازم ہوگا کہ :۔

(۱) محصولات مقررہ کا مطبوعہ یا صاف لکھا ہوا تختہ اردو میں اور اس ضلع کی مروجہ زبان میں معبر کے قریب کسی نمایاں مقام پر چسپاں رکھے۔

(۲) عند الطلب محصولات مقررہ کا تختہ

ے۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

signature of the Taluqdar or any authorised officer.

پیش کرے جس پر تعلقدار یا کسی عہدہ دار مجاز کے دستخط موجود ہوں -

15. The lessee shall prepare and submit the statements regarding the transit and tolls as required by the Taluqdar or other authorised person.

Duty of lessee regarding submission of returns required.

دفعہ ۱۵ - تعہدوار پر لازم ہوگا کہ عبور و محصولات کے متعلق جو تختہ جات تعلقدار یا اور شخص مجاز طلب کرے مرتب کر کے داخل کرے -

تعہدوار کا فرض تختہ جات مطلوبہ داخل کرنے کے متعلق -

16. †[(a) Subject to the provision of section 6, the amounts realised in accordance with this Act in respect of toll, lease, compensation or fine shall be applied in carrying out the purposes of this Act ;

Application of amounts realised.

دفعہ ۱۶ - [۱](الف) دفعہ ۶ کے احکام کے تابع رقوم جو محصول ، تعہد ، معاوضہ یا جرمانہ کی بابت حسب قانون ہذا وصول ہوں وہ قانون ہذا کی اغراض کی تکمیل کے لئے صرف کی جائیں گی -

رقوم جو وصول ہوں کس کام میں لگائی جائیں گی -

(b) The surplus, if any, may be applied to such works as the *[Government] may direct and are suited for the amenity and welfare of the people.]

(ب) اگر اوس کے بعد کوئی رقم بچ جائے تو وہ ایسے کاموں میں صرف کی جاسکے گی جس کی [۲][سرکار عالی] ہدایت کریں اور جو رعایا کی آسایش و بہبودی کے لئے مناسب ہوں -]

---

†As amended in accordance with clause (b) of section 159 of the Hyd. Dist. Boards A'in No. III of 1352 F.

*As amended by Act No. III of 1308 F.

۱ - ترمیم بموجب دفعہ ۱۵۹ ضمن (ب) آئین مجالس اضلاع سرکار عالی نشان (۳) بابتہ ۱۳۵۲ف

۲ - ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

17. The *[Government] may prescribe a special rate of toll which when once paid shall entitle any person to use a Government ferry for a fixed period.

Rate for use of Government ferry for definite period.

دفعہ ۱۷ ۔ [سرکار عالی] کو اختیار رہوگا کہ محصول کی خاص شرح مقرر کریں جس کے ایک بار ادا کردینے پر کوئی شخص ایک معین مدت تک کسی سرکاری معبر کو استعمال کرسکے ۔

معین مدت تک سرکاری معبر استعمال کرنے کی شرح ۔

PRIVATE FERRIES.

خانگی معابر

18. The *[Government] may make rules for the maintenance of order and for the safety of passengers and property at ferries which are not Government ferries.

Power to make rules.

دفعہ ۱۸ ۔ [سرکار عالی] کو اختیار رہوگا کہ ایسے معابر پر جو سرکاری معابر نہ ہوں انتظام قائم رکھنے اور مسافروں اور مال کی حفاظت کے لئے قواعد مرتب کریں ۔

قواعد مرتب کرنے کا اختیار ۔

19. The tolls collected at such ferries shall not exceed the rate fixed for Government ferries under section 13.

Tolls.

دفعہ ۱۹ ۔ ایسے معابر پر جو محصولات وصول کئے جائیں اُن کی شرح اوس سے زیادہ نہ ہوگی جو حسب دفعہ (۱۳) معابر سرکاری کے لئے مقرر ہو ۔

محصولات ۔

PENALTIES AND PROCEDURE.

سزائیں اور ضابطہ کاروائی

20. (1) If a lessee or other person authorised to collect the

Penalty for breach of provisions as to table

دفعہ ۲۰ ۔ (۱) اگر تعہد دار یا اور شخص

محصول کی فہرست اور تختوں کی ترتیب کے متعلق احکام کی خلاف ورزی کی سزا ۔

*As amended by Act No. III of 1308 F

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

(Translation)

of toll and preparation of returns.

tolls of a Government ferry—

(a) neglects to affix the table of the prescribed tolls mentioned in section 14; or

(b) wilfully removes such table or makes any alteration therein or defaces it or allows it to become illegible; or

(c) does not produce, on demand, the table bearing signature as mentioned in section 14, he shall be liable to fine which may extend to fifty rupees.

(2) If a lessee neglects to furnish any return required under section 15, he shall be liable to fine which may extend to fifty rupees.

Penalty for collecting in excess of prescribed toll or detaining passengers, etc.

21. If a lessee or any person authorised to collect toll or a person in possession of a private ferry demands or collects a toll in excess of the prescribed toll or without any sufficient cause detains any man, animal, vehicle or other thing, he shall be liable to a fine which may extend to one hundred rupees.

جو کسی سرکاری معبر کے محصول وصول کرنے کا مجاز ہو

(الف) محصولات مقررہ کا تختہ متذکرۂ دفعہ (۱۴) چسپاں رکھنے میں غفلت کرے - یا

(ب) ایسے تختہ کو عمداً نکال دے یا اوس میں کوئی تبدیل کرے یا اوس کو بگاڑ دے یا اوس کی حالت ایسی ہو جانے دے کہ وہ پڑھا نہ جا سکے - یا

(ج) طلب کرنے پر دستخطی تختہ متذکرۂ دفعہ (۱۴) پیش نہ کرے -

تو وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکتی ہے -

(۲) اگر متعہد دار کسی تختہ کے پیش کرنے میں غفلت کرے جو حسب دفعہ (۱۵) طلب کیا گیا ہو تو وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکتی ہے -

مقررہ محصول سے زیادہ وصول کرنے یا مسافروں وغیرہ کو روکنے کی سزا -

دفعہ ۲۱ - اگر متعہد دار یا اور شخص جو محصول وصول کرنیکا مجاز ہو یا ایسا شخص جس کے قبضہ میں کوئی خانگی معبر ہو محصول مقررہ سے زیادہ محصول طلب یا وصول کرے یا بلا وجہ کافی کسی آدمی جانور - گاڑی یا اور شئے کو ٹھیرا رکھے تو وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک

Penalty for breach of rules made under section 11 or 18.

22. If any person breaks any rule made under section 11 or section 18, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to two months or with fine which may extend to two hundred rupees, or with both.

قواعد مرتبہ حسب دفعہ (۱۱) یا (۱۸) کی خلاف ورزی کی سزا۔

دفعہ ۲۲ ۔ اگر کوئی شخص کسی ایسے قاعدہ کی خلاف ورزی کرے جو حسب دفعہ ۱۱ یا دفعہ ۱۸ مرتب کیا گیا ہو تو وہ سزائے قید کا جس کی میعاد دو مہینے تک ہو سکتی ہے یا سزائے جرمانہ کا جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

Lease may be cancelled in case of breach of rules.

23. When any lessee makes default in the payment of the amount of the lease, or has been convicted under section 22, or having been sentenced under section 20 or section 21, is again convicted of any offence mentioned in the said sections, the Taluqdar may, with the sanction of the Subedar of the division (in case the auction be for one year), or with that of the *[Government] (in case the auction be for a period of more than one year), cancel the lease and make any other suitable arrangement for the remaining period of the lease.

قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں تعہد فسخ کیا جا سکتا ہے۔

دفعہ ۲۳ ۔ جب کوئی تعہد دار تعہد کی رقم ادا کرنے میں قاصر رہے یا حسب دفعہ ۲۲ مجرم قرار پائے یا حسب دفعہ ۲۰ یا دفعہ ۲۱ سزا پانے کے بعد پھر کسی جرم متذکرۂ دفعات مذکورہ کا مجرم قرار پائے تو تعلقدار بہ منظوری صوبہ دار سمت (جبکہ یک سالہ ہراج ہوا ہو) یا بہ منظوری سرکار عالی (جب کہ ایک سال سے زیادہ مدت کا ہراج ہوا ہو) متعہد کو فسخ کر کے بقید مدت تعہد کے لئے کوئی اور مناسب انتظام کر سکتا ہے۔

*As amended by Act No. III of 1308 F.

* ۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

24. Any person —

Penalty to passengers offending.

(1) who refuses to pay toll after making use of a Government ferry shall be liable to a fine which may extend to twenty-five rupees ;

دفعہ ۲۴۔ شخص مسافروں کی سزا جو خلاف ورزی کریں۔

(۱) کسی سرکاری معبر سے کام لینے کے بعد محصول ادا کرنے سے انکار کرے وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پچیس روپیہ تک ہوسکتی ہے۔

(2) who, with intent to evade payment of toll, fraudulently or forcibly, uses any Government ferry without paying the toll ; or

(۲) اس نیت سے کہ محصول کی ادائی سے بچ جائے فریباً یا جبراً کسی سرکاری معبر کو بلا ادائی محصول کام میں لائے۔ یا

who obstructs any toll-collector, lessee of a Government ferry or any of his clerks, while he is discharging his duties under this Act shall be liable to a fine which may extend to fifty rupees ;

کسی سرکاری معبر کے وصول کنندۂ محصول یا تعہد دار یا اس کے کسی اہلکار کی مزاحمت کرے جب کہ وہ حسب قانون ہذا اپنے فرائض ادا کرتا ہو۔

وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہوسکتی ہے۔

(3) who on being prohibited by a toll-collector, lessee or any of the clerks of a Government ferry takes any animal, vehicle, or other thing or himself goes by any boat, which is in such a state or specially loaded as to endanger human life and property ; or

(۳) کسی سرکاری معبر کے وصول کنندۂ محصول یا تعہد دار یا اوس کے کسی اہلکار کی ممانعت کے بعد کوئی جانور یا گاڑی یا اور چیز کسی ایسی کشتی پر لے جائے یا خود جائے جو ایسی حالت میں ہو یا ایسی لدی ہوئی ہو کہ اس سے انسان کی جان یا مال کو خطرہ ہو۔ یا

who on being requested by a toll-collector, lessee or any of his clerks refuses or neglects to remove any animal, vehicle or other thing from such boat or to alight therefrom shall be liable to a fine which may

وصول کنندۂ محصول یا تعہد دار یا اس کے کسی اہلکار کی درخواست پر کسی جانور یا گاڑی یا اور چیز کو ایسی کشتی پر سے ہٹانے یا خود اس سے اترنے

extend to one hundred rupees.

امکار یا اس میں غفلت کرے۔
وہ سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی
مقدار ایک (۱) سو روپیہ تک ہوسکتی ہے۔

25. Any person who establishes a ferry in contravention of the provisions of section 12, shall be liable to a fine which may extend to three hundred rupees, and if he maintains it on being sentenced shall be liable to a further fine which may extend to one hundred rupees for every day.

Penalty for maintaining private ferry within prohibited limits.

دفعہ ۲۵ ۔ جو شخص خلاف احکام دفعہ ۱۲ کوئی معبر قائم کرے سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار تین (۳) سو روپیہ تک ہوسکتی ہے اور اگر سزا پانے کے بعد بھی اوس کو قائم رکھے تو ہر دن کی بابت ایک سو روپیہ تک مزید جرمانہ ہو سکے گا۔

ممنوعہ حدود کے اندر خانگی معبر رکھنے کی سزا۔

26. When any Government ferry has been leased out in accordance with the provision contained in the above sections, any portion not exceeding two thirds of the amount of fine realised under section 24 or 25 may, notwithstanding the provisions of section 16, be, at the discretion of the Magistrate paid to the lessee.

Amount of fine may be paid to lessee.

دفعہ ۲۶ ۔ جب کسی سرکاری معبر کا حسب احکام مندرجۂ دفعات بالا تعہد دیا جا چکا ہو تو باوجود احکام دفعہ ۱۶ رقم جرمانہ جو حسب دفعہ ۲۴ یا ۲۵ وصول کی جائے اُس کا کوئی جزو جو دو ثلث سے زیادہ نہ ہو حسب صوابدید ناظم فوجداری تعہدار کو دیا جا سکے گا۔

جرمانہ کی رقم تعہدار کو ادا کی جا سکتی ہے۔

27. Any person who plies, draws to a siding or fastens a boat so negligently or carelessly as to damage any Government ferry, shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to three months, or with a fine

Penalty for negligent plying of boat.

دفعہ ۲۷ ۔ جو شخص ایسی غفلت یا بے احتیاطی سے جس سے کسی معبر سرکاری کو صدمہ پہونچے کشتی چلائے یا اُس کو کنارہ پہ لگائے یا باندھے وہ سزائے قید کا

غفلت سے کشتی چلانے کی سزا۔

which may extend to three hundred rupees, or with both; and the toll-collector, lessee or his clerk may detain such boat pending the inquiry and determination of damage mentioned hereinafter.

جس کی میعاد تین مہینے تک ہوسکتی ہے یا سزائے جرمانہ کا جس کی مقدار تین سو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا اور وصول کنندۂ محصول یا ٹھیکہ دار یا اس کے اہلکار کو اختیار ہوگا کہ تاختم تحقیقات و تعین ہرجہ (جس کا آئندہ ذکر کیا جائے گا) ایسی کشتی کو روک رکھے۔

28. The police may arrest without warrant any person committing any offence mentioned in section 24 or section 27.

Power to arrest without warrant.

بلا حکمنامہ گرفتاری گرفتار کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۲۸۔ اہالی کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کو جو کسی جرم متذکرۂ دفعہ ۲۴ یا دفعہ ۲۷ کا ارتکاب کرتا ہو بلا حکم نامہ گرفتاری گرفتار کریں۔

29. Any Magistrate having power for summary trial may try and determine summarily any offence mentioned in this Act.

Power of summary trial.

سرسری تحقیقات کا اختیار۔

دفعہ ۲۹۔ کوئی ناظم فوجداری جسے سرسری تحقیقات کا اختیار ہو کسی جرم متذکرۂ قانون ہذا کی تحقیقات و تجویز بطور سرسری کرسکتا ہے۔

30. (1) A Magistrate trying any offence mentioned in this Act may also determine the compensation for damage caused by an offender to the Government ferry and may in addition to the fine imposed on him under this Act, also order for the payment of the amount of compensation, which shall be recovered as fine

Magistrate to assess damage caused by offender.

ناظم فوجداری نقصان کا تعین کرسکتا ہے جو مجرم نے پہنچایا ہو۔

دفعہ ۳۰۔ (۱) ناظم فوجداری جو کسی جرم متذکرۂ قانون ہذا کی تجویز کرے اس نقصان کے معاوضہ کا بھی تعین کرسکتا ہے جو مجرم نے معبر سرکاری کو پہنچایا ہو اور علاوہ اس جرمانہ کے جو

and which, in case of an offence mentioned in section 27, shall be realised by the sale of the boat causing the damage or of anything belonging to the offender and found on the boat.

(2) Any appeal against compensation ordered under sub-section (1) shall lie in the same court in which the appeal against sentence lies.

Appeal.

MISCELLANEOUS PROVISIONS.

31. When a lessee surrenders the lease under section 10, or his lease is cancelled under section 23, the Taluqdar may keep in use his boats and equipment of ferry, until all necessary materials of ferry have been collected ; in such a case, such compensation as the *[Government] may direct shall be paid to the lessee.

Taluqdar may take possession of boats etc., on surrender of lease by lessee or on cancellation of lease.

*As amended by Act No. III of 1308 F.

اُس پر حسب قانون ہذا کیا گیا ہو رقم معاوضہ کی ادائی کا بھی حکم دے سکتا ہے جو مثل جرمانہ کے وصول کی جائے گی اور بصورت جرم متذکرہ دفعہ ۲۷۔ اُس کشتی کے فروخت سے جس سے نقصان پہنچا ہو یا کسی اور شئے کے فروخت سے وصول کیجائیگی جو ملزم کی ملک ہو اور اُس کشتی پر ملے۔

مرافعہ۔ (۲) معاوضہ جو حسب ضمن (۱) تجویز کیا جائے اُس کا مرافعہ اُسی عدالت میں ہوگا جس میں تجویز سزا کا مرافعہ ہو سکتا ہو۔

متفرق احکام

تعہد دار کے مستعفی ہونے یا تعہد کے فسخ ہونے پر تعلقدار کشتیوں وغیرہ پر قبضہ کر سکتا ہے۔

دفعہ ۳۱۔ جب کوئی تعہد دار حسب دفعہ ۱۰ مستعفی ہو جائے یا اُس کا تعہد حسب دفعہ ۲۳ فسخ کر دیا جائے تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ اوس کے کشتیوں اور معبر کے سامان کو اوس وقت تک استعمال میں رکھے جب تک کہ معبر کے متعلق کل ضروری سامان جمع ہو جائے۔ ایسی صورت میں تعہد دار کو اوس قدر معاوضہ ادا کیا جائیگا جسکی [سرکار عالی] ہدایت کریں۔

۵۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

Power to possession of boats etc., in case of emergency.

32. When a boat or the equipments thereof or any other material of a ferry are emergently required for transport of any man, animal, vehicle or other thing on service of His Highness the Nizam or the Government, the Taluqdar may take possession and use the same :

ضرورت کے لحاظ سے کشتیوں وغیرہ پر قبضہ کرنے کا اختیار -

دفعہ ۳۲ - جب اعلیحضرت بندگانعالی یا سرکار عالی کے کام پر کسی آدمی - جانور - گاڑی یا اور چیز کے عبور کے لئے کسی کشتی یا اوس کے سامان یا معبر کے متعلق کسی اور سامان کی شدید ضرورت ہو تو تعلقدار اوس کو اپنے قبضہ میں لیکر استعمال کر سکے گا -

Provided that such compensation shall be paid for the use thereof as the *[Government] may in each case direct.

مگر شرط یہ ہے کہ ایسے استعمال کی بابت ایسا معاوضہ ادا کیا جائے گا جس کی [سرکار عالی] ہر صورت میں ہدایت کریں -

Suit shall not be cognizable by Civil Court.

33. A suit instituted for the determination of the amount of compensation or abatement of the lease-money when such amount is payable under this Act shall not be cognizable by any Civil Court.

عدالت دیوانی کو دعوے کی سماعت کا اختیار نہ ہوگا -

دفعہ ۳۳ - کوئی عدالت دیوانی کسی ایسے دعوے کی سماعت کی مجاز نہ ہوگی جو رقم معاوضہ کے تعیین یا رقم تہبد کی کمی کی غرض سے دائر کیا جائے جب کہ وہ رقم حسب قانون ہذا واجب الادا ہو -

*As amended by Act No. III of 1308 F.

* - ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ف

(*Translation*)

THE PROTECTION OF NAZIMS AND SERVANTS ACT.

No. IV of 1314 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Title and Commencement.
2. Definitions.
3. (I) Protection of Nazims.
   (2) Protection of servants.

قانون حفاظت نظماء وملازمان

نشان (۴) ۱۳۱۴ ف

دفعہ۔

۔ تمہید ۔

۱ نام وتاریخ نفاذ ۔

۲ تعریفات ۔

۳ حفاظت نظماء ۔

(Translation)

THE PROTECTION OF NAZIMS AND SERVANTS ACT.

No. IV of 1314 Fasli.

(Received the assent of the Madarul Moham on 17th Shehrewar, 1314 Fasli.)

Whereas it is expedient to protect the Nazims and the servants to a reasonable extent ;

Preamble.

It is hereby enacted as follows :—

1. This *[Act] may be called the "Protection of Nazims and Servants Act" and it shall come into force from 1st Azur, 1315 Fasli.

Title and Commencement.

2. Unless there is anything repugnant in the subject or context :—

Definitions.

"Nazim" means every Nazim of a Civil and Criminal Court and every

*Published in the Jarida dated 8th Mehar, 1314 F.

قانون

حفاظت نظماء و ملازمان

نشان (۴) سنہ ۱۳۱۴ف

(صدارالمہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۷ شہریور سنہ ۱۳۱۴ف منظور فرمایا۔)

تمہید۔ | ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ نظماء و ملازمان کی ایک مناسب حد تک حفاظت کیجائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :—

نام و تاریخ نفاذ۔ | دفعہ ۱۔ یہ قانون "قانون حفاظت نظماء و ملازمان" کے نام سے موسوم ہو سکے گا اور یکم آذر سنہ ۱۳۱۵ف سے نافذ ہوگا۔

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ بجز اُس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اُس کے خلاف ہو۔

"ناظم" سے مراد ہر ناظم عدالت دیوانی و فوجداری و ہر حاکم مال اور ہر ایسا شخص ہے جو

*جریدہ اعلامیہ مورخہ ۸ مہر سنہ ۱۳۱۴ف۔

revenue authority and every person appointed by the *[Government]or by a competent officer to enquire into or settle the civil, criminal or revenue disputes.

"servant" also includes a person who is temporarily appointed by the *[Government] or by any Nazim to carry out an order given in connection with a judicial proceeding.

"judicial proceeding" includes every proceeding, order and judgement which a Nazim may adopt, pass or give for the settlement of any civil, criminal or revenue dispute.

Protection of Nazims.

3. †[(1) No suit shall be instituted in a Civil Court against a Nazim in respect of any judicial proceeding whether such proceeding may or may not be within the powers of the Nazim :

Provided that such Nazim believes in good faith that he is competent to adopt such a proceeding.

Protection of servant.

(2) No suit shall lie in a Civil Court against a servant, bound to execute the order of a Nazim, in respect of the execution of an order passed by a Nazim in a judicial proceeding, the execution whereof would have been obligatory on him if the Nazim had acted intra vires.]

*As amended by Act No. III of 1308 F.
†As mended by Act No. III of 1321 F.

دیوانی ۔ فوجداری یا مالی نزاعوں کے تحقیقات یا فیصل کرنے پر[1] سرکار عالی] یا عہدہ دار مجاز کی طرف سے مامور ہو ۔

" ملازم " کے مفہوم میں وہ شخص بھی داخل ہے جس کو عارضی طور پر[1] سرکار عالی] نے یا کسی ناظم نے عدالتی کاروائی کے متعلق کسی حکم کی تعمیل کیلئے مقرر کیا ہو ۔

" عدالتی کاروائی " کے مفہوم میں ہر کاروائی اور حکم اور تجویز جو ناظم کسی نزاع دیوانی یا فوجداری یا مال کے فیصلہ کے لئے کرے داخل ہے ۔

حفاظت نظماء ۔ | دفعہ ۳[2] ۔ (۱) کسی ناظم پر کسی عدالتی کاروائی کی بابت عدالت دیوانی میں دعوی نہ ہو سکے گا خواہ وہ کاروائی ناظم مذکور کے اختیارات کے اندر ہو یا نہ ہو ۔

مگر شرط یہ ہے کہ ناظم مذکور نیک نیتی سے یہ باور کرتا ہو کہ وہ ایسی کاروائی کا مجاز ہے ۔

حفاظت ملازم ۔ | (۲) کسی ملازم پر جس پر کسی ناظم کے حکم کی تعمیل لازم ہو کسی ایسے حکم کی تعمیل کی بابت عدالت دیوانی میں دعوی نہ ہو سکے گا جو کسی ناظم نے عدالتی کاروائی میں صادر کیا ہو اور جس کی تعمیل اس پر لازم ہوتی اگر ناظم مذکور اپنے اختیارات کے اندر عمل کرتا ۔

[1] ۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۱۸ف
[2] ۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۴۲) ۱۳۲۱ف

(Translation)

THE HYDERABAD ABKARI ACT.

قانون آبکاری ممالک محروسہ سرکار عالی

No. I of 1316 Fasli.

نشان (۱) سنہ ۱۳۱۶ف

Sections.

وفہرست۔

Preamble.

تمہید۔

CHAPTER I.

باب (۱)

PRELIMINARY AND DEFINITIONS.

مراتب ابتدائی و تعریفات۔

1. Short title, extent and commencement.

۱ مختصر نام۔ وسعت۔ مقامی و تاریخ نفاذ۔

2. Definitions.

۲ تعریفات

(1) Abkari Revenue.

(2) Abkari Officer.

(2.A.) Excise Commissioner.

(۲) عہدہ دار آبکاری۔

(3) Collector.

(4) Criminal court

(۴) عدالت فوجداری۔

(5) Sendhi.

(۵) سیندھی -

(5-A.) Spirits.

(6) Liquor.

(۶) شراب -

(7) Distilled liquor.

(۷) شراب مقطر -

(8) Fermented liquor.

(۸) شراب مخمر -

(9) Country liquor.

(9-A.) State liquor.

(10) European liquor.

(۱۰) شراب ولایتی -

(11) Foreign liquor.

(12) Intoxicating drugs (omitted).

(۱۲) اشیاء نشی (حذف) -

(13) Import.

(14) Export.

(15) Transport.

(16) Manufacture.

(17) Abkari tree.

(۱۷) درخت آبکاری -

(18) Bottle.

(19) Rectification.

(20) Place.

(21) Materials.

(22) Prescribed.

(23) Sale or selling.

(Translation)

CHAPTER II.

POWERS OF THE GOVERNMENT.

(۳) باب

اختیارات سرکار عالی۔

3. Powers of the Government

۳ سرکار عالی کے اختیارات ۔

3.A. Powers of Commissioner of Abkari.

۳ (الف)۔ اختیارات ناظم آبکاری ۔

4. Power to grant lease.

۴ تعہد دینے کا اختیار ۔

4-A. Establishment of Public Distilleries and Warehouses.

4-B. Power of Government to exempt any articles or any area from the operation of this Act.

5. Power to fix duty.

محصول مقرر کرنے کا اختیار ۔

6. Licensce may issue permits for transport.

7. Procedure for the recovery of excise dues and connected dues.

(Translation)

CHAPTER III.

IMPORT, EXPORT, TRANSPORT, POSSESSION, MANUFACTURE AND SALE.

(۳) باب

درآمد۔ برآمد۔ نقل و ارسال۔ قبضہ۔ ساخت و فروخت

8. Prohibition of import and export of liquor or mohwa flowers.

۸ شراب یا گل مہوہ کے درآمد و برآمد کی ممانعت۔

9. Prohibition of transport of liquor or mohwa flowers.

۹ شراب یا گل مہوہ کے نقل و ارسال کی ممانعت۔

10. Matters prohibited without obtaining licence.

۱۰ بلا حصول اجازت نامہ کن امور کی ممانعت ہے۔

10-A. Prohibition of cutting down or destroying Government Abkari tree.

۱۰ (الف)۔ سرکاری درخت آبکاری کو کاٹنے یا تلف کرنے کی ممانعت۔

11 Prohibition of keeping liquor, etc., in possession.

12. Prohibition to sell liquor, etc.

۱۲ شراب وغیرہ فروخت کرنے کی ممانعت۔

13. Mode of recovering duty.

۱۳ محصول وصول کرنے کا طریقہ۔

13-A. Tax for tapping unlicensed trees from whom leviable.

13-B. Tapping of trees situated on patta lands and payment of owner's fee thereof.

14. Lessee not to declare any person to be his partner.

۱۴ تعہد دار مجاز نہ ہوگا کسی کو اپنا شکمی دار یا حصہ دار قرار دینے۔

CHAPTER IV.

POWERS AND DUTIES OF OFFICERS.

(۴) باب

اختیارات و فرائض عہدہ داران۔

15. Powers of Collector.

۱۵ تعلقدار کے اختیارات۔

16. When licence be suspended or cancelled.

۱۶ اجازت نامہ کب معطل یا منسوخ ہو سکے گا۔

17. Criminal Court may give order for search.

۱۷ عدالت فوجداری تلاشی کا حکم دے سکے گی۔

18. Power to make search without search-warrant.

۱۸ بلا حکم نامہ تلاشی، تلاشی کا اختیار۔

19. Power of arrest.

۱۹ گرفتاری کا اختیار۔

19-A. Liability of certain things to seizure.

20. Abkari Officer may enter into place in occupation of licensee.

۲۰ عہدہ دار آبکاری شخص اجازت یافتہ کے مقبوضہ مقام میں داخل ہو سکتا ہے۔

21. Arrest in order to ascertain name of accused.

۲۱ مجرم کا نام دریافت کرنے کی غرض سے گرفتاری۔

22. Person or property to be produced before Collector.

۲۲ شخص یا مال کا تعلقدار کے روبرو پیش ہونا۔

22-A. Release if bond is furnished.

۲۲ (الف)۔ مچلکہ داخل ہونے پر رہائی۔

22-B. Arrested person shall have to furnish bail with security for release.

۲۲ (ب)۔ گرفتار شدہ شخص کو رہائی کے لئے مچلکہ معہ ضمانت داخل کرنا ہوگا۔

22-C. Procedure to recover penalty in case of non-attendance.

۲۲ (ج)۔ عدم حاضری کی صورت میں وصول تاوان کی کارروائی۔

23. Search, how made and bail, how admitted.

۲۳ تلاشی یا ضمانت کس طرح عمل میں آئے گی۔

24. Assistance to be rendered to Abkari Officer.

۲۴ عہدہ دار آبکاری کی امداد۔

24-A. Offences to be reported by State employees.

25. Matters to be reported by land holder.

۲۵ امور جن کی اطلاع دینا قابض اراضی پر لازم ہے۔

26. Power to hold preliminary enquiry.

27. Power to issue summons.

28. Procedure as to prisoners under trial.

28-A. Report of Abkari Officer gives jurisdiction to Criminal Court.

29. Who shall be placed in charge of property seized.

۲۹ گرفتار شدہ مال کس کے سپرد کیا جائے گا۔

30. Power to close the shop for prevention of breach of peace.

(Translation)

CHAPTER V.

INQUIRIES INTO OFFENCES AND PUNISHMENT.

(۵) باب

جرائم کی تحقیقات اور سزا۔

31. Punishment for contravention of Sections 8,9,10,10-A(1),11 or12.

۳۲ شراب وغیرہ میں دھوکہ وغیرہ دینا۔

32. Cheating in respect of liquor etc.

۳۳ شخص اجازت یافتہ کی ذمہ داری اور اس کی سزا۔

33. Responsibility of licensee and punishment therefor.

34. Punishment for possession of illicit liquor.

34-A. Punishment for rendering or attempting to render denatured spirit fit for human consumption.

35. Punishment of officers acting in contravention of this Act.

36. Punishment for abetment of offences against the Act.

37. Penalty for Abkari Officer leaving his duty without notice.

37-A. Punishment for offences not otherwise provided for in the Act or Rules.

38. Presumption as to commission of offences in certain cases.

39. Order in respect of articles.

۳۹ مال کے متعلق حکم۔

40. Procedure for trials.

41. Bar of action.

۴۱ نالش کی ممانعت۔

41-A. Power to compound offences.

۴۱ (الف) مصالحت کا اختیار۔

(Translation)

CHAPTER VI.

MISCELLANEOUS.

(۶) باب متفرق۔

42. Duties of licensee.

۴۲ اجازت یافتہ کے فرائض۔

43. Procedure for collection of Abkari arrears due to lessees.

44. Effect of provision of this Act on lease containing any condition contrary to intention of this Act.

۴۴ جس قول میں منشاء قانون ہذا کے خلاف کوئی شرط درج ہو اس پر قانون ہذا کے حکم کا اثر۔

45. Appeal and revision.

۴۵ مرافعہ و نگرانی۔

(Translation)

THE HYDERABAD ABKARI ACT.

No. I of 1316 Fasli.

(Received the assent of the Madar-ul-Moham on 12th Bahman, 1316 Fasli.)

Preamble. Whereas it is expedient to make a comprehensive law relating to Abkari ; It is here by enacted as follows :—

CHAPTER I.

PRELIMINARY AND DEFINITIONS.

Short title, extent and commencement. 1. This *Act may be called "The Abkari Act "; and it shall come into force in His Highness the Nizam's Dominions on the first day of Khurdad, 1316 F.

*Published in the Jarida dated 28th Behman , 1316 F.

قانون آبکاری ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۱) سنہ ۱۳۱۶ف

(مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۲ بہمن سنہ ۱۳۱۶ف منظور فرمایا۔)

تمہید۔ ہرگاہ ترقی مصلحت ہے کہ آبکاری کے متعلق ایک مکمل قانون نافذ کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :—

(۱) باب

مراتب ابتدائی و تعریفات۔

(f) by temporary attachment of a non-khalsa village or part of such village in respect of which the arrear is due under section 125.

(و) بذریعۂ ضبطی عارضی موضع غیر خالصہ یا جز و موضع مذکور جس کی بابت باقی واجب الوصول ہو بہ موجب دفعہ ۱۲۵ -

Measures specified applicable to arrears due both for previous years and current year.

117. The measures specified above may be employed for the recovery of arrear, both of previous years and of the current year, but the preference provided in section 105 shall apply only to arrears for the current year, and the preference provided in sec-

تدابیر مفصلہ بقایا سنین ماضیہ اور سال حال دونوں سے متعلق ہیں۔

دفعہ ۱۱۷ - تدابیر مفصلۂ بالا وصول بقایا سنین ماضیہ و سال رواں دونوں کے لئے عمل میں لائی جاسکیں گی۔ لیکن ترجیح مندرجہ دفعہ ۱۰۵ صرف بقایائے سال جاریہ سے اور ترجیح مندرجہ دفعہ ۱۰۴ بقایا ۳ سالہ سے متعلق ہوگی الّا اوس صورت

tion 104 shall apply to arrears for three years, except in case any measure for any arrear commenced in the very year for which it is due but it has not been fully executed by the end of the year and the execution is pending.

NOTICE OF DEMAND.

I18. The Tahsildar may, on any day after the expiry of the date on which the arrear accrues send on any day to the defaulter a notice of demand, and the cost of demand notice being two annas if the amount of demand does not exceed ten rupees, four annas if it exceeds ten rupees but does not exceed twenty five rupees and eight annas in all other cases, may be recovered.

When and by whom notice of demand may be issued and its costs.

119. The Tahsildar may distrain and sell the defaulter's movable property. Such distraint shall be made by officers or clerks appointed by him for this work.

Distraint and sale of defaulter's movable property.

†[120. The *[Taluqdar] or the Second *[ ]Taluqdar may distrain the defaulter's immovable property, other than the land held by him, but where such distrain has been made by the

Distraint and sale of defaulter's immovable property.

†Amended by Act No. III of 1324 F.
*Amended by Act No. III of 1355 F.

میں کہ کسی باقی کے لئے کسی تدبیر کا آغاز نواد سی سال میں ہو چکا ہو جس سال کی وہ باقی ہے لیکن اوس کی تعمیل کا ملا ختم سال تک نہ ہوئی ہو اور کارروائی جاری ہو۔

اطلاع نامہ مطالبہ۔

اطلاع نامہ مطالبہ کب اور کون جاری کرے گا اور اس کا خرچہ۔

دفعہ ۱۱۸۔ تحصیلدار باقی قرار پانے کی تاریخ گزرنے کے بعد کسی روز باقی دار کے نام اطلاعنامہ مطالبہ جاری کرسکے گا اور اطلاع نامہ مطالبہ کا خرچہ جب رقم مطالبہ دس روپیہ سے زائد نہ ہو تو دو آنے اور دس روپیہ سے زائد مگر ۲۵ روپیہ سے زائد نہ ہو چار آنے اور دیگر تمام صورتوں میں آٹھ آنے وصول کیا جاسکے گا۔

قرقی و نیلام مال منقولہ باقی دار۔

دفعہ ۱۱۹۔ تحصیلدار مال منقولہ باقیدار کو قرق و نیلام کرسکے گا اور ایسی قرقی معرفت اون عہدہ داروں یا اہلکاروں کے عمل میں آئے گی جن کو وہ اس کام کے لئے مقرر کرے۔

قرقی و نیلام مال جائداد غیر منقولہ باقی دار۔

دفعہ ۱۲۰[1] [ ] تعلقدار یا دوم[2] [ ] تعلقدار باقیدار کی جائداد غیر منقولہ

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۸ قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۲۴ ف
[2] ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۵۵ ف

order of the Second *[Taluqdar] it shall not be sold except with the sanction of the *[Taluqdar].

(سوائے اراضی مخصوصہ کے) قرق کرے گا۔ مگر جب ایسی قرقی دوم [ ] تعلقدار کے حکم سے ہوئی ہو تو اُس کا نیلام بجز منظوری [ ] تعلقدار کے نہ ہوگا۔

121. All such property of the defaulter shall be exempt from attachment and sale under the preceding sections as is exempt under the Code of Civil Procedure from attachment and sale in execution of a decree of a Court. The Taluqdar's order as to what property of the defaulter shall be exempt from attachment and sale shall be final.

Property of defaulter exempt from attachment.

دفعہ ۱۲۱ - باقیدار کی وہ تمام جائداد دفعات سابق کے مطابق قرقی و نیلام سے مستثنیٰ رہے گی جو حسب ضابطہ دیوانی تعمیل ڈگری عدالت میں قرقی و نیلام سے مستثنیٰ ہو۔ تعلقدار کا حکم نسبت اس امر کے کہ باقیدار کی کوئی جائداد قرقی و نیلام سے مستثنیٰ ہے قطعی ہوگا۔

کون جائداد باقیدار قرقی سے مستثنیٰ رہے گی۔

ARREST AND IMPRISONMENT.

گرفتاری و قید۔

122. After an arrear becomes due, when it may not appear possible to recover it in any other way the defaulter may be kept in custody for ten days in the district or Tahsil office, but if within the said period the arrear, together with penalty or interest and the costs of arrest of and subsistence for the defaulter during custody and the cost of notice that may be recoverable is recovered the de-

Power to arrest defaulter and send him to Civil Jail.

دفعہ ۱۲۲ - باقی قرار پانے کے بعد جب کوئی اور صورت وصول بقایا کی ممکن نظر نہ آئے تو باقیدار کچہری ضلع یا تحصیل میں دس روز تک زیر حراست رکھا جاسکے گا لیکن مدت مذکورہ کے اندر باقی مع تاوان یا سود و اخراجات گرفتاری و خوراک باقیدار بابت ایام حراست و خرچہ اطلاع نامہ جو لائق وصول

باقیدار کی گرفتاری اور اس کو محبس دیوانی میں بھیجنے کا اختیار۔

*Amended by Act No. III of 1355 F.

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ ف

faulter shall forthwith be released.

If, during the period of ten days the amount due is not recovered the Taluqdar may thereafter or if he deems fit before the expiry of ten days, send the defaulter a warrant, to remain in custody in the Civil Jail of his district; but no defaulter shall be kept in imprisonment for a period exceeding one month.

123. The †[Government may declare by notification] the officer or class of officers empowered to arrest under section 122 and the cost of arrest and scale of subsistence for the person under custody.

Power to arrest.

FORFEITURE OF OCCUPANCY AND EVICTION OF DEFAULTER.

*[124. †[(1) The Taluqdar may attach the holding in respect of which land revenue is due and lease it out for a period not exceed-

Lease and sale of occupancy right.

†Amended by Act No. III of 1355 F.
*Substituted by Act No. III of 1324 F.

ہو جائے تو فوراً باقیدار رہا کر دیا جائے گا ۔

جب دس روز کے عرصہ میں رقم واجب الوصول وصول نہ ہو تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ اوس کے بعد یا اگر اوس کی دانست میں مناسب ہو تو دس روز کے اختتام کے قبل ہی اپنے ضلع کے مجلس دیوانی میں اوس باقیدار کو بذریعۂ حکمنامہ زیر حراست رہنے کے لئے روانہ کرے لیکن کوئی باقیدار ایک مہینے سے زیادہ میعاد تک قید نہ رکھا جاسکے گا ۔

اختیارات گرفتاری ۔ دفعہ ۱۲۳ ۔ اس امر کا قرارداد کہ اختیار گرفتاری حسب دفعہ (۱۲۲) کس عہدہ دار یا کس درجہ کے عہدہ داروں کو حاصل ہوگا اور خرچ گرفتاری و خوراک محروس کی شرح کیا ہوگی [سرکار عالی بذریعہ اعلان کریں گے ۔]

قرقی حق مقابضت و بیدخلی باقیدار

حق مقابضت کا قول و مراج ۔ دفعہ ۱۲۴ [(۱)] تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ اوس اراضی مقبوضہ کو جس کی بابت

۱ ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ ف
۲ ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۲۴ ف

ing ten years; but if in his opinion it is proper to sell such land he may, with the sanction of the †[Subedar] sell the right of occupancy of the land. Any sum realised by auction or sale or through other management of the land shall be credited to the account of the defaulter.]

†[(2) The Government may, whenever it appears necessary, by general or special order, authorise any Taluqdar or Additional Taluqdar to sell the land attached under sub-section (1) without the sanciton of the Subedar.]

ATTACHMENT OF VILLAGES.

125. If the land in respect of which an arrear is due consists of an entire village or part of a village and the Taluqdar does not consider it expedient to put into effect any of the measures specified above he may, with the sanction of the Subedar, attach such village or part of the village.

Power to attach defaulter's village and take it under management.

†Amended by Act No. III of 1355 F.

مالگزاری باقی ہو قرق کرکے اسقدر مدت کے لئے قبضہ پر دے جو دس سال سے زائد نہ ہو لیکن اگر اس کی رائے میں اراضی مذکور کا ہراج کیا جانا مناسب ہو تو تعلقدار [صوبہ دار] کی منظوری سے اراضی کے حق مقابضت کو ہراج کرسکے گا۔ ایسی اراضی کے نیلام یا فروخت یا دوسرے انتظام میں کوئی رقم وصول ہو تو باقی دار کے حساب میں جمع کی جائے گی۔]

[(۲) جب کبھی ضروری معلوم ہو سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ عام یا خاص حکم کے ذریعہ سے کسی تعلقدار یا زائد تعلقدار کو صوبہ دار کی منظوری کے بغیر اراضی قرق شدہ تحت ضمن (۱) کو ہراج کرنے کا مجاز کرے۔]

قرقی مواضع۔

باقیدار کا موضع ضبط کرنے اور اوس کے اہتمام کا اختیار۔

دفعہ ۱۲۵۔ اگر اراضی جس کی بابتہ باقی واجب الادا ہو سالم موضع یا جزو موضع ہو اور منجملہ تدابیر مفصلۂ بالا کسی تدبیر کا عمل میں لانا تعلقدار قرین مصلحت نہ سمجھے تو وہ اوس موضع یا جزو موضع کو بحصول منظوری صوبہ دار

سہ ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

ضبط کرے گا۔

Land so attached shall revert to the *[Government] unaffected by all acts and any charge and liability pertaining to such land or subsisting against any sharer or superior holder to the extent of the *[Government] land revenue; but no right of a person in other respects shall extinguish.

ایسی منضبطہ اراضی اصل قابض یا ہر حصہ دار کے جملہ افعال اور نیز ہر ایک مواخذہ یا ذمہ داری سے جو اراضی مذکور سے متعلق یا کسی حصہ دار یا اصل قابض کے مقابل واقع ہو تا بحد مالگزاری سرکار عالی سبرا ہو کر بحق سرکار عالی مسترد ہو جائے گی۔ لیکن دیگر امور میں کسی شخص کا کوئی حق زائل نہ ہوگا۔

The Taluqdar may divest the superior holder or sharers of the management of the land so attached and either manage it himself or through an agent whom he deems fit and shall recover all rent and profits from the Asamies. The property shall be restored to its superior holder after the payment of arrear.

تعلقدار اوس اراضی منضبطہ کا انتظام اوس کے اصل قابض یا حصہ داروں سے علیحدہ کر کے بطور خود یا باہتمام کسی کارندے کے جس کو وہ مناسب خیال کرے کر سکیگا۔ اور تمام زرگان اور منافع اسامیوں سے وصول کریگا۔ ادائے رقم بقایا کے بعد جائداد پھر اوس کے اصل قابض کی طرف مسترد ہو جائیگی۔

Disposal of surplus income of attached land.

126. The income of the land attached after defraying the costs of attachment and management of the land and land revenue for the current year and the costs of survey (if the survey be under the provisions of section 77) shall be applied in payment of the past arrear.

مصرف بچت آمدنی اراضی منضبطہ کا۔ دفعہ ۱۲۶۔ آمدنی اراضی منضبطہ بعد وضع خرچہ ضبطی و اہتمام اراضی و رقم مالگزاری سال جاریہ و اخراجات پیمایش (اگر پیمایش بہ موجب احکام مندرجہ دفعہ ۷۷ ہو) اوس پچھلی باقی کے ادا کرنے میں صرف کی جائے گی۔

Restoration of attached village.

127. If within 12 years for the attachment of a village or part of a village under section 125 the superior holder of such village or part of such village, makes an application for

واگذاشت موضع منضبطہ۔ دفعہ ۱۲۷۔ حسب دفعہ ۱۲۵ کسی موضع یا جزو موضع کی ضبطی ہونیکے بعد ۱۲ سال کے اندر

*Amended by Act No. III of 1308 F.

* ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

its release the Taluqdar may release it and restore its management to him; provided that the arrear has been fully paid or is paid within such period as the Taluqdar may prescribe; and the Taluqdar shall make over to the superior holder the agricultural income in respect of the year in which the application for release is made after deducting arrear and all other costs, but surplus money, if any, of the previous years shall be disposed of by the *[Government.] For purposes of this section the period of twelve years shall be reckoned from the first day of Amardad falling first after attachment.

Village, etc., to vest in Khalsa if not released within twelve years.

128. If application for the restoration is not made within twelve years from attachment of the village or part of the village, or if the holder fails to pay the arrear within the prescribed period, it shall with the sanction of the *[Government] be merged in Khalsa, and no charge or liability created by its superior holder, or any sharer or any predecessor in title, or in any way incurred against them or any one of them shall extend to and affect such village or part of such village. But the personal rights of the land holders shall not be thereby disturbed.

*Amended by Act No. III of 1308 F.

اصل قابض موضع یا جزو موضع مذکور اس کے واگذاشت کی درخواست کرے تو تعلقدار اوس کو واگذاشت اور اوس کا انتظام پھر اوس کے سپرد کرسکے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ باقی کا مالا ادا ہو چکی ہو یا اوس میعاد میں ادا کردی جائے جو تعلقدار معین کرے اور نیز تعلقدار زر زراعت بابتہ اوس سال کے جس میں واگزاشت کی درخواست پیش ہوئی ہو بعد منہائی رقم باقی و دیگر جمیع اخراجات اصل قابض کو واپس کرسکے گا لیکن پچھلے سالوں کا زر فاضل اگر کچھ ہو تو اوس کا تصفیہ [سرکار عالی] سے ہوگا۔ اغراض دفعہ ہذا کے لئے میعاد بارہ سال کا شمار یکم امرداد سے کیا جائے گا۔ جو ضبطی کے بعد پہلے واقع ہو۔

موضع وغیرہ اندرون بارہ سال واگذاشت نہ ہونے کی صورت میں شریک خالصہ ہوگا۔

دفعہ ۱۲۸۔ اگر ضبطی موضع یا جزو موضع سے بارہ سال کے اندر درخواست واگزاشت پیش نہ ہو یا اندرون میعاد معینہ باقی کے ادا کرنے میں قابض قاصر رہے تو وہ بحصول منظوری [سرکار عالی] شریک خالصہ کرلیا جائے گا۔ اور کوئی بار مواخذہ یا ذمہ داری اوس موضع یا جزو موضع سے متعلق و موثر نہ رہے گی۔ جس کو اوس کے اصل قابض

[سرکار عالی] ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۷۶ف

یا کسی حصہ دار یا اون سے پہلے کسی مستحق نے پیدا کیا ہو یا اون کے یا اون میں سے کسی ایک کے مقابلہ میں کسی طرح عائد ہوگئی ہو لیکن قابضان اراضی کے ذاتی حقوق میں اس سے کچھ خلل نہ آئے گا۔

STAY OF PROCEEDINGS FOR RECOVERY OF ARREARS.

موقوفی کارروائی وصول باقیات۔

Recovery proceedings to be stayed on security being given or amount being paid.

129. If, in the presence of the Taluqdar or other officer appointed by him for this purpose and if the defaulter is imprisoned, before the officer of the jail reliable security or amount in cash towards payment of the aforesaid arrears and other costs is furnished to the satisfaction of the Taluqdar or such other officer he shall forthwith be released from custody or imprisonment. Any person against whom, under some measure, any proceeding for the recovery is pending before any officer, may deposit the amount demanded with that officer stating that he has objection for the payment of the said amount.

بصورت ضمانت پیش کرنے یا ادائی رقم کے کارروائی تدبیر وصول موقوف ہوگی۔

دفعہ ۱۲۹۔ جب تعلقدار یا اوس عہدہ دار کے سامنے جس کو اس غرض کے لئے تعلقدار نے مقرر کیا ہو اور باقیدار کے مقید ہونے کی صورت میں عہدہ دار محبس کے سامنے حسب اطمینان تعلقدار یا دیگر عہدہ دار مذکورہ بالا ادائے باقیات و دیگر اخراجات کے لئے معتبر ضمانت یا نقد رقم داخل ہو جائے تو وہ فوراً حراست یا قید سے رہا کر دیا جائے گا۔ کوئی شخص جس کے مقابلہ میں کسی تدبیر سے وصول کی کارروائی کسی عہدہ دار کے سامنے جاری ہو یہ ظاہر کرکے رقم مطلوبہ اوس عہدہ دار کے پاس داخل کر سکے گا کہ اوس کو رقم مذکور کی ادائی میں عذر ہے۔

Procedure for sale and publication of notification.

130. When an order for the sale of the property of the defaulter is made under the provisions of this Chapter, the Tahsildar or any *[ ]Taluqdar or Second *[ ]Taluqdar shall

طریقہ کارروائی نیلام و اشاعت اشتہار۔

دفعہ ۱۳۰۔ جب کوئی حکم جائداد باقیدار کے نیلام کے لئے بموجب

* Amended by Act No. III of 1355 F.

issue a notification in the vernacular as well as in Urdu. The notification shall contain the following particulars :—

احکام باب ہذا صادر کیا جائے تو تحصیلدار یا کوئی [ ] تعلقدار یا دوم [ ] تعلقدار ایک اشتہار بزبان ملکی و نیز اردو جاری کرے گا۔ اشتہار میں امور مندرجہ ذیل درج ہوں گے۔

(a) the time and place of sale ;

(الف) ۔ وقت و مقام نیلام ۔

(b) by whose sanction the sale shall be made final ;

(ب) ۔ نیلام کس کی منظوری سے ختم ہوگا۔

(c) when the property to be sold is revenue land its ,area and revenue ;

(ج) ۔ جائداد نیلام شدنی اراضی محاصلی ہو تو اوس کا رقبہ و محاصل ۔

(d) other matters which the Taluqdar may think necessary.

(د) ۔ دیگر مراتب جو تعلقدار ضروری خیال کرے۔

Such notification shall be affixed at some conspicuous place in the chavdi or any other place in the village wherein the property was attached and the Tahsildar's Office and its substance shall be proclaimed by beat of drum in the village wherein the property was attached and in such places also as the Taluqdar may deem fit. If the property to be sold be immovable property, a copy of the notification shall also be affixed at some conspicuous place in the Taluqdar's Office and its substance shall be published by beat of drum at the headquarters of the district ; and the Taluqdar may in addition to the aforesaid method get every notification published in any other manner also.

ایسا اشتہار جائداد جس موضع میں ضبط ہوئی ہو اوس موضع کی چاوڑی یا کسی دوسرے مقام میں اور کچہری تحصیلدار میں منظر عام پر چسپان کیا جائیگا اور اوس کا مضمون بذریعہ منادی اوس موضع میں جہاں جائداد ضبط ہوئی اور نیز اون مقامات میں جہاں تعلقدار مناسب سمجھے مشتہر کیا جائے گا۔ نیلام شدنی جائداد غیر منقولہ ہو تو اشتہار کی ایک نقل کچہری تعلقدار میں بھی منظر عام پر چسپان کی جائے گی اور اوس کا مضمون بذریعہ منادی مستقر ضلع میں شایع کیا جائے گا۔ اور ہر اشتہار کے لئے

ے ترمیم بموجب قانون نشان ۳ ۱۳۵۵ف

Objection in respect of attached property.

131. When any objection is made by any person in respect of any property for the sale of which notification has been issued and not being a holding the right of occupancy of which has been absolutely forfeited to the *[Government] under section 124, the Taluqdar shall make a summary inquiry and decide it and excluding the property in respect of which the objection is admitted he shall order the rest to be sold.

عذر دار متعلق جائداد مقرونہ۔ | دفعہ ۱۳۱۔ جب کسی جائداد کی نسبت جس کے نیلام کا اشتہار جاری کیا گیا ہو اور وہ از قسم اراضی مقبوضہ نہ ہو جس کا حق مقابضت قطعی طور پر سرکار عالی میں حسب دفعہ (۱۲۴) ضبط کیا گیا ہو کوئی عذر داری کسی شخص کی جانب سے پیش ہو تو تعلقدار بطور سرسری اوس کی تحقیقات اور تصفیہ کرے گا اور باستثنار اوس جائداد کے جس کے متعلق عذر داری منظور ہو جائے باقی جائداد کے نیلام کا حکم دے گا۔

Sale by whom and when to be made.

132. Sale shall be made through such persons as the Taluqdar may appoint for the work on a day not being a public holiday, during ordinary office hours but not within at least thirty days if the property is immovable, and seven days if it is movable, from the issue of the notification referred to in section 130, but this provision shall not apply to perishable articles, which irrespective of the restriction as to said period, shall be sold immediately at the discretion of the officer conducting the sale and he shall have power to finally conclude such sale.

نیلام کون اور کس وقت کرے گا۔ | دفعہ ۱۳۲۔ نیلام معرفت اون اشخاص کے جن کو تعلقدار اس کام کے لئے مقرر کرے کچہری کے معمولی اوقات میں جس روز تعطیل عام نہ ہوگا اور اشتہار متذکرہ دفعہ (۱۳۰) کے جاری ہونے کے اگر جائداد غیر منقولہ ہو تو اقل درجہ تیس دن اور اگر منقولہ ہو تو سات دن کے اندر نہ ہوسکے گا لیکن یہ حکم کسی مال سے جو جلد بگڑنے والا ہو متعلق نہ ہوگا اور ایسا مال بلالحاظ

*Amended by Act No. III of 1308 F.

* ترمیم بموجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ ف

پابندی مدت مذکورہ کے حسب صوابدید عہدہ دار نیلام کنندہ فوراً نیلام کر دیا جائے گا اور وہ نیلام اوسی کے اختیار سے مختتم ہوگا۔

The Taluqdar shall have power to stay from time to time the sale for any sufficient reason.

تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ بوجہ موجہ نیلام وقتاً فوقتاً ملتوی رکھے۔

نیلام کب موقوف ہوسکتا ہے۔

دفعہ ۱۳۳ - تاریخ معینہ نیلام سے پہلے کسی وقت رقم بقایا مع دیگر اخراجات جائز نیلام کنندہ یا اوس شخص کے پاس جو حسب دفعہ (۱۱۲) رقم مال گزاری وصول کرنے کے لئے مقرر ہوا ہو منجانب باقیدار داخل ہو جائے یا حسب دفعہ ۱۲۹ ضمانت معتبر پیش ہو تو نیلام فوراً موقوف کر دیا جائے گا۔

When sale may be stayed.

133. If at any time before the date fixed for the sale the arrear together with the other lawful charges is deposited by the defaulter with the auctioner or the person appointed under section 112 for the recovery of land revenue or if reliable security is furnished under section 129 the sale shall forthwith be stayed.

نیلام کس کی منظوری سے مختتم ہوگا۔

دفعہ ۱۳۴ - ہر نیلام بابت جائداد غیر منقولہ بہ منظوری تعلقدار اور بابت جائداد منقولہ بہ منظوری اوس عہدہ دار کے مختتم ہوگا جس کو تعلقدار نے بذریعہ حکم عام یا خاص اختیار دیا ہو۔

By whose sanction sale shall be final.

134. Every sale of immovable property shall be finally concluded by the sanction of the Taluqdar and that of movable property by the sanction of the officer empowered by the Taluqdar by a general or special order.

طریقۂ ادائی زرثمن نیلام۔

دفعہ ۱۳۵ - مشتری نیلام کو لازم ہے کہ زرثمن حسب ہدایت ذیل داخل کرے:-

Mode of payment of purchase money.

135. The auction-purchaser shall pay the purchase money as directed below :—

(*Translation*)

(a) When the sale is concluded before an officer authorised to confirm and conclude it finally—

(1) on account of movable property, in full, immediately after the sale is concluded or within such period as the officer conducting the sale may fix,

(2) on account of immovable property one-fourth, as deposit, immediately after the sale is concluded and the entire balance within 30 days from the date of sale and if the thirtieth day be a public holiday, then on the first day following the holiday.

(b) When the sale is concluded before an officer who is not authorised to sanction and conclude it finally—

(1) one-fourth, as deposit, immediately after the sale is concluded,

(2) the entire balance, on account of movable property, before sunset of the day on which the notice of sanction of the sale is received, and on account of immovable property within thirty days of the receipt of notice of sanction and if the thirtieth day be a public holiday then on the day following such holiday.

Re-sale if purchase-money is not paid within prescribed time.

136. If purchase money is not paid within the period provided in the preceding section, the deposit money, if any, after defraying therefrom the expenses shall forfeit to the

(الف) جب نیلام ایسے عہدہ دار کے سامنے تکمیل کو پہونچے جو خود اوس کو منظور و مختتم کرنے کا مجاز ہو تو۔

(۱) بابتہ مال منقولہ کل رقم بفور ختم نیلام یا اوس میعاد کے اندر جو عہدہ دار نیلام کنندہ مقرر کرے۔

(۲) بابتہ جائداد غیر منقولہ بفور ختم نیلام ایک ربع بطور امانت اور باقی کل رقم تاریخ نیلام سے ۳۰ دن کے اندر اور اگر تیسویں دن کوئی تعطیل عام ہو تو ختم تعطیل کے بعد پہلے روز۔

(ب) جب نیلام ایسے عہدہ دار کے روبرو تکمیل کو پہونچے جو خود اوس کو منظور و مختتم کرنے کا مجاز نہ ہو۔ تو

(۱)۔ بفور تکمیل نیلام ربع رقم بطور امانت۔

(۲) باقی کل رقم بابتہ جائداد منقولہ منظوری نیلام کی اطلاع یابی کی تاریخ کو قبل غروب آفتاب اور بابتہ جائداد غیر منقولہ اطلاع یابی منظوری کے تیس دن کے اندر اور اگر تیسویں دن کوئی تعطیل عام ہو تو ختم تعطیل کے بعد پہلے روز۔

اوقات مقررہ پر زر ثمن داخل نہونیکی صورت میں مکرر نیلام ہوگا۔

دفعہ ۱۳۶۔ زر ثمن اوقات مقررہ دفعہ بالا

*[Government] and there shall be a resale and for every such resale ; when it does not take place on the day fixed and in the meeting of the first sale, action shall be taken for the issue of a notice under section 130. If the amount for which the resale was concluded be less than the first sale the deficiency shall be recovered from the purchaser at the first sale as an arrear of land revenue and the purchaser at the first sale shall have no claim to the property sold and the amount of deposit forfeited.

پر داخل نہ ہو تو زر امانت (اگر کوئی ہو) بعد وضع اخراجات [سرکار عالی] میں ضبط اور از سر نو نیلام کیا جائے گا۔ اور ایسا ہر نیلام ثانی جب وہ بروز مقررہ و جلسۂ نیلام اولیٰ میں نہ ہو تو اوس کے لئے حسب دفعہ (۱۳۰) اشتہار کی کارروائی کیجائیگی نیلام ثانی جس رقم پر ختم ہوا اگر وہ رقم نیلام اولیٰ کے مقابلہ میں کم ہو تو مشتری نیلام اولیٰ سے وہ کمی مثل باقی مالگزاری وصول کی جائے گی اور جائداد نیلام شدہ و رقم امانت منضبط پر مشتری نیلام اولیٰ کو کوئی حق نہ ہوگا۔

137. On payment of the purchase money the auction purchaser shall get a receipt and after payment of full amount of purchase money such sale shall, subject to the provisions of sections 138 and 139, become absolute in favour of the purchaser as against all other persons.

Receipt for purchase money to be furnished and sale as concluded to become absolute.

دفعہ ۱۳۷۔ زرثمن ادا ہونے پر مشتری نیلام کو رسید ملے گی اور کل زرثمن ادا ہونے کے بعد نیلام مذکور بہ تعمیل احکام دفعہ ۱۳۸ و ۱۳۹ بمقام جمیع اشخاص و بگز حق مشتری قطعی ہو جائے گا۔

زرثمن کی رسید دی جائے گی اور نیلام مختتمہ قطعی ہوگا۔

138. At any time within thirty days from the date of sale of immovable property application may be made to the Taluqdar to set aside the sale on the ground of illegality of proceedings, material mistake, or fraud, in con-

Application to set aside sale of immovable property.

دفعہ ۱۳۸۔ تاریخ نیلام جائداد غیر منقولہ سے تیس دن کے اندر کسی وقت تعلقدار کے سامنے درخواست فسخ نیلام بر بنائے ناجوازی کارروائی یا غلطی نفس الامری یا

درخواست تنسیخ نیلام جائداد غیر منقولہ۔

* Amended by Act No. III of 1308 F.

سہ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ف

ducting sale or publishing notification but no sale shall be set aside on such application only unless the applicant proves to the satisfaction of the Taluqdar that he has sustained loss by reason of the illegality, mistake or fraud. If such application be allowed the Taluqdar shall make order to set aside the sale with the direction that it should be re-sold.

فریب جو متعلق عمل نیلام یا اشاعت اشتہار ہو گزر سکے گی لیکن کوئی نیلام صرف ایسی درخواست کی بنا پر اوس وقت تک فسخ نہوگا جبتک کہ درخواست گذار حسب اطمینان تعلقدار یہ ثابت نہ کرے کہ اوس کے حق میں بوجہ اوس ناجوازی یا غلطی یا فریب کے نقصان ہوا ہے۔ بصورت منظوری درخواست مذکور تعلقدار حکم فسخ نیلام اس ہدایت کے ساتھ دے گا کہ ازسرنو نیلام کیا جائے۔

Order confirming or setting aside sale.

139. If application for setting aside the sale is not made under the preceding section or has been made and rejected the Taluqdar shall make an order confirming the sale; and if he thinks that the sale may be set aside on reasonable ground though no such grounds were set forth in the application rejected, he may, after recording his reasons, make an order setting aside the sale.

حکم منظوری یا تنسیخ نیلام۔ | دفعہ ۱۳۹۔ اگر درخواست فسخ نیلام حسب دفعۂ بالا پیش نہ ہو یا پیش ہو کر نامنظور ہو جائے تو تعلقدار منظوری نیلام کا حکم صادر کریگا اور اگر وہ خیال کرے کہ بوجہ موجہ نیلام قابل فسخ ہے۔ گو اوس درخواست نامنظور شدہ میں وہ وجوہ درج نہ تھے تو اپنے وجوہ قلمبند کر کے حکم فسخ نیلام صادر کر سکے گا۔

Refund of purchase-money if sale is not confirmed or set aside.

140. Where the sale of any property is not confirmed or is set aside the purchaser shall be entitled to receive back the purchase money or the deposit.

واپسی زرثمن بصورت نامنظوری یا فسخ نیلام۔ | دفعہ ۱۴۰۔ جب نیلام کسی جائداد کا نامنظور یا فسخ کیا جائے تو مشتری زرثمن یا امانت کے واپس پانے کا مستحق ہوگا۔

قانون مالگزاری اراضی نشان (۸) ۱۳۱۷ ف

Putting purchaser into possession of holding sold and entering his name as pattadar in village record.

141. Where a sale of a holding for which an arrear of land revenue is due is confirmed in accordance with the aforesaid provisions, the Taluqdar shall put the auction-purchaser into possession of the same and shall grant him a certificate to the effect that the person has purchased the occupancy right of the land. The certificate shall be treated as an authority for transfer of that land and the name of the auction-purchaser shall be entered into the village records as a pattadar ; and no suit against the purchaser whose name has been recorded in such certificate shall be entertained in a Civil Court on the ground that the certificate holder is not in fact the purchaser but that by mutual agreement certificate has been made in his name.

اراضی مقبوضہ نیلام شدہ پر مشتری کو قبضہ دلانا اور کاغذ دیہی میں بطور پٹہ دار اس کا نام درج کرنا۔

دفعہ ۱۴۱ - جب اراضی مقبوضہ کا نیلام جس کی بابت بقایائے مالگزاری واجب الوصول ہو حسب قاعدۂ مرقومہ بالا بحال رکھا جائے تو تعلقدار مشتری نیلام کو اوس پر قبضہ دلائے گا اور اس مضمون کا صداقت نامہ عطا کرے گا کہ اس شخص نے حق قبضہ اراضی خرید کیا ہے۔ صداقت نامۂ مذکور واسطے انتقال اوس اراضی کے سند متصور ہوگا۔ اور مشتری نیلام کا نام کاغذات دیہی میں بطور پٹہ دار درج ہوگا اور کوئی نالش عدالت دیوانی میں بمقابل اوسی مشتری کے جس کا نام صداقت نامۂ مذکور میں درج ہو اس بنیاد پر سماعت نہ کی جائیگی کہ صاحب صداقت نامہ نفس الامری مشتری نہیں ہے بلکہ بر بنیاد معاہدہ باہمی صداقت نامہ اوس کے نام کرایا گیا تھا۔

Application of purchase-money.

142. The purchase money after the sale has been concluded shall be applied first to the payment of expenses of the sale and then to the payment of arrears due by the defaulter at the date of conclu-

زرثمن نیلام کا انتظام۔

دفعہ ۱۴۲ - زرثمن بعد اس کے کہ نیلام ختم ہو جائے اولاً بہ ادائے خرچہ نیلام اور اوس کے بعد اون رقوم بقایا کے ادا میں جو بتاریخ ختم ہونے نیلام کے باقیدار کے ذمہ واجب الادا

sion of the sale and recoverable as an arrear of land revenue, and the person whose property has been sold shall be entitled to the surplus, if any. The expenses of the sale shall be assessed according to rules and orders approved by the *[Government.]

اور مثل باقیات مالگزاری قابل وصول ہوں محسوب کیا جائے گا اور اگر کچھ رقم بچیگی وہ اوس شخص کا حق ہوگی جس کی جائداد نیلام ہوئی ہو۔ اخراجات نیلام بموجب قواعد و احکام منظورہ [سرکار عالی] مشخص کئے جائینگے۔

Liability of purchaser for payment of land revenue.

143. The person whose name has been entered in the sale certificate as purchaser of occupancy right of the Government land shall be liable for the payment of all instalments of land revenue due in respect of such land subsequent to the date of sale.

ذمہ داری مشتری بابتہ ادائی مال گزاری۔

دفعہ ۱۴۳۔ جس شخص کا نام صداقت نامہ نیلام میں بلطور مشتری کسی حق مقابضت اراضی سرکاری کے لکھا جائے وہ جملہ اقساط مالگزاری کے ادا کا ذمہ دار ہوگا جو تاریخ نیلام کے بعد اوس اراضی کی بابتہ واجب الوصول ہوں۔

Sums recoverable under provisions of this Chapter.

144. All the Government sums under the following heads may be recovered under the provisions of this Chapter :—

کونسی رقوم حسب احکام باب ہذا وصول ہوں گی۔

دفعہ ۱۴۴۔ تمام رقوم سرکاری متعلق بہ ابواب ذیل حسب احکام باب ہذا وصول کی جاسکیں گی۔

(1) Land revenue.

(1) مالگزاری اراضی۔

(2) Quit-rent.

(2) پٹن۔

(3) Nazrana.

(3) نذرانہ۔

* Amended by Act No. III of 1308 F.

* ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

(4) Peshkesh.

(5) Taxes.

(6) Local cess.

(7) Fine and penalties.

(8) Income from lands.

(9) Rusum.

(10) Fees.

(11) Charges.

(12) Penal interest.

(13) Lease money.

(14) Moneys recoverable from sureties.

*[(15) Taccavi loans.]

*[(16)] All sums in respects of which provision has been made in this Act or in any other Act that they be recovered as arrears of land revenue.

CHAPTER X.

PROCEDURE OF REVENUE OFFICERS.

Revenue officer to be

145. In all official works and proceedings a Revenue officer shall be subject as

*Amended by Act No. III of 1355 F.

(۴) پیشکش ۔

(۵) محصولات ۔

(۶) لوکل سس ۔

(۷) جرمانہ و تاوانات ۔

(۸) آمدنی اراضیات ۔

(۹) رسوم ۔

(۱۰) فیس ۔

(۱۱) اخراجات ۔

(۱۲) سود و عدہ خلافی ۔

(۱۳) رقوم اجارہ ۔

(۱۴) رقوم جو ضمانت داروں سے واجب الوصول ہیں

[(۱۵)* قرضہ جات تقاوی]

[(۱۶)*] تمام رقوم جن کی نسبت قانون ہذا یا دوسرے کسی قانون میں حکم دیا گیا ہو کہ وہ مثل باقیات مالگزاری وصول کی جائیں ۔

باب دہم

ضابطہ کارروائی عہدہ داران مال ۔

دفعہ ۱۴۵ ۔ ہر عہدہ دار مال تمام سرکاری کا مواخذہ

عہدہ دار مال اپنے بالادست کے تابع رہے گا ۔

*ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۵۵ ف

Subordinate to his superior.

to the place, time, and manner, of performing his duty, to the direction and control of his superior provided there is no express provision in the law to the contrary.

146. Every Revenue officer not lower in rank than a Peshkar of a Tahsil, *[the Assistant Commissioner of Survery Settlement or the Assistant Commissioner of Land Records,] may issue summons to any person to be examined as a party or to give evidence as a witness or to produce any document or article, as the case may be, for the purposes of an enquiry which he is empowered to make. Such officer shall have all the powers which are vested in a Civil Court under the Code of Civil Procedure to compel the attendance of person to whom summonses has been issued or the production of document or other article.

Power to issue summons for evidance and producing document etc.

*Amended by Act No. III of 1355 F.

کارروائیوں میں اس امر کے متعلق کہ وہ اپنا کار منصبی کس مقام میں کس وقت اور کس طریقہ سے کرے اپنے بالادست کے حکم و نگرانی کے تابع ہوگا بشرطیکہ قانون میں کوئی صریح حکم اس کے خلاف موجود نہ ہو۔

شہادت و پیشی دستاویز وغیرہ کیلئے اطلاع نامہ جاری کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۱۴۶۔ ہر عہدہ دار مال جس کا عہدہ پیشکار تحصیل یا [مددگار ناظم پیمائش بندوبست یا مددگار ناظم لینڈ ریکارڈز] سے کم نہ ہو کسی تحقیقات کی غرض سے جس کا وہ مجاز ہو کسی شخص کے نام طلب نامہ جاری کرسکے گا کہ شخص مذکور بحیثیت فریق اظہار یا بحیثیت گواہ شہادت دینے کے لئے اس کے سامنے حاضر ہو یا کوئی دستاویز یا شئے (جیسی کہ صورت ہو) پیش کرے۔ عہدہ دار مذکور کو کسی شخص کو جس کے نام طلب نامہ جاری کیا گیا ہو حاضری یا پیشی دستاویز یا شئے دیگر پر مجبور کرنے کے لئے وہ کل اختیارات حاصل ہوں گے جو حسب ضابطہ دیوانی عدالت دیوانی کو حاصل ہیں۔

* ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

Every person to whom summons have been issued shall attend either in person or by an agent as may be directed in the summons and state the truth upon any subject respecting which his statement or evidence is recorded and produce such document and articles as may be required.

147. The provisions of the Code of Civil Procedure shall apply mutatis mutandis to the from; issue and service of sumnmons.

Form, issue and service of summons.

148. If any party, in any formal or summary inquiry, shall desire the attendance of witnesses he shall follow the rules contained in the Code of Civil Procedure regarding summons, allowance and sustenance to witnesses.

Code of Civil Procedure regarding sustenance allowance to be followed when party desires attendance of witnesses.

FORMAL INQUIRY.

149. In a formal inquiry, the officer making the inquiry shall in his own hand record the evidence in full in Urdu or cause it to be

Mode of recording evidence in formal inquiry.

ہر شخص پر جس کے نام طلب نامہ جاری ہوا ہو لازم ہوگا کہ اصالتاً یا بذریعہ مختار جیسی کہ اطلاع نامہ میں ہدایت ہو حاضر ہو۔ اور جس امر کے متعلق اس کا اظہار یا شہادت قلمبند ہو صحیح صحیح بیان کرے اور دستاویز و اشیاء مطلوبہ پیش کرے۔

طلب نامہ کی ترتیب و اجرا و تعمیل۔

دفعہ ۱۴۷۔ طلب نامہ کی ترتیب و اجرا و تعمیل سے ضابطہ دیوانی کے احکام بہ تبدیل مراتب قابل تبدیل متعلق ہوں گے۔

کوئی فریق جب گواہوں کو حاضر کرانا چاہے تو زر خوراک کی نسبت ضابطہ دیوانی کی پابندی۔

دفعہ ۱۴۸۔ اگر کوئی فریق کسی تحقیقات باضابطہ یا سرسری میں گواہوں کو حاضر کرانا چاہے تو اوس کو حسب قواعد مندرجہ ضابطہ دیوانی دربارۂ طلب نامہ و بہتہ و خوراک گواہاں کاربند ہونا چاہیے۔

تحقیقات باضابطہ۔

تحقیقات باضابطہ میں قلمبندی شہادت کا طریقہ۔

دفعہ ۱۴۹۔ تحقیقات باضابطہ میں پوری شہادت

recorded in his presence and under his personal superintendence that it may be audible to him and sign it.

زبان اردو میں عہدہ دار تحقیقات کنندہ اپنے قلم سے لکھے گا یا اپنے روبرو اور اپنی ذاتی نگرانی میں اس طرح کہ خود سن سکے قلمبند کرائے گا اور اس پر دستخط کریگا۔

The cases in which the officer making the inquiry is not able to record the evidence in his own hand, he shall, in the course of examination, make, in his own hand, a memorandum of the substance of the deposition of the witness and after signing it cause it to be put on the file. If such officer is not able to record such memorandum, he shall write the reason of his inability.

ان صورتوں میں جبکہ شہادت عہدہ دار تحقیقات کنندہ اپنے قلم سے نہ لکھ سکے تو اظہار لئے جانے کے اثناء میں اوس گواہ کے اظہار کے مضمون کی یادداشت اپنے قلم سے لکھا جائے گا اور اُس پر اپنی دستخط کرکے مثل میں شامل کرائے گا۔ اگر عہدہ دار مذکور ایسی یادداشت کے قلم بند کرنے میں معذور ہو تو اپنی معذوری کی وجہ لکھدے گا۔

150. The competent officer shall after completing the inquiry write every decision in his own hand and fully record therein the grounds on which the decision is based.

Mode of writing of decisions.

طریقۂ تحریر فیصلہ۔ | **دفعہ ۱۵۰** - ہر ایک فیصلہ بعد ختم تحقیقات عہدہ دار مجاز اپنے قلم سے لکھے گا اور اوس میں مفصل طور پر وہ دلائل جن پر تجویز مبنی ہو قلمبند کرے گا۔

SUMMARY INQUIRY.

تحقیقات سرسری۔

151. In summary inquiry the competent officer shall, in the course of inquiry, record a minute of the proceedings in his own hand in Urdu, containing the material averments of the parties to the case,

Mode of summary inquiry.

طریقۂ تحقیقات سرسری۔ | **دفعہ ۱۵۱** - تحقیقات سرسری میں عہدہ دار مجاز اثناء تحقیقات میں ایک یادداشت کارروائی متعلقہ کی اپنے قلم سے اردو زبان میں لکھے گا جس میں تمام ضروری بیانات فریقین مقدمہ کے

the gist of the evidence, and the decision and the reasons in brief for the same. But the officer making an inquiry may, if deemed fit, in the cases where an inquiry directed by this Act is to be summary, act under all or any of the rules in force for formal inquiry.

اور خلاصہ شہادت کا اور تجویز مع خلاصہ دلائل درج ہوگی لیکن عہدہ دار تحقیقات کنندہ جن مقدمات کی سرسری تحقیقات کرنے کے لئے اس قانون میں ہدایت ہے۔ اون میں کلاً یا جزاً بصورت مناسب بموجب اون قواعد کے عمل کرسکے گا جو تحقیقات باضابطہ کے لئے نافذ ہیں۔

Formal and summary inquiry to be deemed judicial proceedings and to be conducted openly.

152. In a formal or summary inquiry provided in this Act the proceedings by a competent officer shall be deemed to be judicial proceedings for purposes of sections 159, 174 and 186 of the Hyderabad Penal Code No. III of 1313 F. and his office shall be deemed to be a Civil Court.

تحقیقات باضابطہ و سرسری کارروائی عدالت متصور ہوگی اور وہ علانیہ ہوگی۔

دفعہ ۱۵۲۔ تحقیقات باضابطہ یا سرسری محکومہ قانون ہذا میں بہ اغراض دفعات ۱۵۹ و ۱۷۴ و ۱۸۶ مجموعۂ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۳) ۱۳۱۳ف عہدہ دار مجاز کی کارروائی کارروائی عدالت اور اوس کا محکمہ عدالت دیوانی متصور ہوگا۔

Every act and decision in a formal or summary inquiry shall be in public, and the parties to the case or their authorised agents, shall be duly given an opportunity for attendance.

ہر کام اور فیصلہ تحقیقات باضابطہ یا سرسری کا بالاعلان ہوگا اور ضرور ہوگا کہ فریقین مقدمہ یا اون کے مختار مجاز کو حسب ضابطہ حاضری کا موقع دیا جائے۔

Mode of ordinary inquiry.

153. An inquiry which this Act does not expressly require to be either formal or

طریقۂ تحقیقات عام۔

دفعہ ۱۵۳۔ کوئی ایسی تحقیقات

(Translation)

summary or an inquiry which a Revenue officer may on any occasion deem necessary in the execution of duties, shall be conducted according to any special or general, rules, made under the order of the *[Government] or at the instance of a superior authority and subject to such rules the said officer shall in his discretion adopt such procedure as may be fit for finding out facts and for the public welfare.

154. In all cases in which a formal or summary inquiry is made, authenticated copies and translations of decisions, orders and exhibits shall be furnished to the parties on application being made; and original documents produced in evidence, if they have not been impounded under any rule or by any order or decision, shall be restored to the persons who had produced them: provided that the full charges for copying or translation, as the case may be, have been received in accordance with the rules as are in force by the order of the *[Government.]

Manner of obtaining copies and translation.

*Amended by Act No. III of 1308 F.

جس کے لئے قانون ہذا میں صراحتاً حکم نہیں دیا گیا کہ وہ باضابطہ ہوگی یا سرسری یا کوئی ایسی تحقیقات جس کو عہدہ دار مال کسی موقع پر بہ ادائے فرائض منصبی خود ضروری سمجھے مطابق اون قواعد خاص یا عام کے ہوگی جو بحکم [سرکار عالی] یا بامائے عہدہ دار بالاتر منضبط کئے گئے ہوں اور بپابندی اون قواعد کے عہدہ دار مذکور ایسی تحقیقات میں حسب اقتضائے رائے خود وہ طریقہ اختیار کرے گا جو تمام ضروری واقعات کے منکشف ہونے اور بہبودی عامہ کے لحاظ سے مناسب ہو۔

طریقہ اخذ نقول وترجمہ۔ دفعہ ۱۵۴ ۔ تمام مقدمات میں جن کی باضابطہ یا سرسری تحقیقات عمل میں آئی ہو فریقین کو اون کی درخواست گزرنے پر فیصلوں اور احکام اور کاغذات ثبوت کے نقول مصدقہ اور ترجمہ دیا جائے گا۔ اور اصل دستاویزات جو بطور شہادت کے پیش ہوئے تھے جبکہ وہ کسی قاعدہ یا حکم یا فیصلہ کی رو سے ضبط نہ ہوئے ہوں اون لوگوں کو واپس کر دئے جائیں گے جنہوں نے داخل

* ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

کئے تھے بشرطیکہ اون سے پوری اجرت نقل نویسی وترجمہ
کی (جیسی کہ صورت ہو) بہ موجب اون قواعد کے
جو بحکم [سرکار عالی] نافذ ہوں وصول ہو چکی ہو۔

155. When, under the provisions contained in this Act, a defaulter or any other person is held liable to be arrested, such arrest shall be made upon a warrant of arrest issued by an officer competent to order the arrest, of such person.

Arrest to be made by warrant.

گرفتاری بذریعہ حکمنامہ ہوگی۔ | دفعہ ۱۵۵۔ جب از روئے
احکام مندرجۂ قانون ہذا کوئی باقیدار یا اور کوئی شخص
قابل گرفتاری ٹھہرے تو ایسی گرفتاری اوس عہدہ دار
کے حکمنامہ گرفتاری پر عمل میں آئے گی جو ایسے شخص کی گرفتاری
کا حکم دینے کا مجاز ہو۔

156. Every Revenue officer may, enter, whenever necessary for measurement, fixing of boundary marks or inspecting of boundaries, classification of soil, or assessment, or for any other necessity connected with the discharge of duty, any land or premises, whether such land or premises belongs to the *[Government] or to any private individual and whether the revenue is partially or wholly realised from the land or not: Provided that he shall not enter into any house used as a dwelling without the permission of the occupier of the house and without giving twenty-four hours' previous notice, and on entering such a house due regard shall be had to the religious and social ideologies of the occupier of the house.

Power to enter upon land or premises when necessary.

وقت ضرورت کسی اراضی یا ملک میں داخل ہونے کا اختیار۔ | دفعہ ۱۵۶۔ ہر عہدہ دار
مال کو جب کبھی پیمائش یا نصب
علامات حدود یا تنقیح حدود یا پرت بندی یا تشخیص
جمع کی یا بہ ادائی فرض منصبی کوئی اور ضرورت داعی ہو تو
وہ کسی اراضی یا املاک میں داخل ہو سکے گا خواہ وہ
اراضی یا املاک سرکاری ہوں یا کسی شخص غیر کے اور
اوس اراضی سے کامل یا جزو محاصل [سرکار عالی] کو وصول
ہوتا ہو یا نہ ہوتا ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ کسی مکان میں جو

*Amended by Act No. III of 1308 F.

* ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ف

بطور مقام سکونت کام میں لایا جاتا ہو بلا اجازت قابض مکان اور بغیر چوبیس گھنٹے قبل اطلاع دینے کے داخل نہ ہوسکے گا۔ اور نیز ایسے مکان میں داخل ہونے پر قابض مکان کے مذہبی و رواجی خیالات کا لحاظ رکھنا ہوگا۔

طریقہ کارروائی بیدخلی قابض ناجائز۔

157. Whenever a Taluqdar may desire to evict, under the provisions of this Act or any other law, any person having unlawful occupation of any land, such eviction shall be made in the following manner:–

Mode of evicting unlawful occupant.

دفعہ ۱۵۷۔ جب تعلقدار از روئے احکام مندرجہ قانون ہذا یا قانون دیگر کسی ایسے شخص کو جس کا قبضہ کسی اراضی پر ناجائز ہو بیدخل کرنا چاہے تو ایسی بیدخلی بطریقہ ذیل عمل میں آئے گی۔

(1) a notice shall be served on the unlawful occupant requiring him to vacate the land within a fixed period from the date of receipt of the notice;

(۱) قابض ناجائز کے نام اطلاع نامہ اس مضمون سے جاری کیا جائے گا کہ تاریخ وصول اطلاع نامہ مذکور سے میعاد معینہ کے اندر اراضی سے اپنا دخل اٹھالے۔

(2) if it is not obeyed such person shall be evicted from the land by force;

(۲) اگر اس کی تعمیل نہ ہو تو اوس شخص کو اراضی مذکور سے بجبر بیدخل کردیا جائے گا۔

(3) if such eviction is resisted and obstructed by any person, the Taluqdar may hold before him a summary inquiry into the case and if satisfied after enquiry into the facts of the case that the resistance or obstruction was without any just cause and that such resistance and obstruction continues, shall issue a warrant for the arrest of the said person and keep him in custody in the office of the district, or Tahsil or send him with a warrant for imprisonment in the Civil Jail of the district for a period not exceeding thirty days, as may be necessary to prevent the obstruction and resistance.

Explanation :–Nothing in this section shall prevent proceedings against such person under the Penal Code.

*[CHAPTER XI.

APPEAL, REVIEW AND REVISION.

APPEAL.

158. (1) Except as otherwise provided in this Act or any other law for the time being in force, an appeal shall lie

Appeal from order of Revenue officer.

*Amended by Act No. IV of 1345 F.

(۳) اگر کوئی شخص اوس بیدخلی میں مانع و مزاحم ہو تو تعلقدار اس مقدمہ کی تحقیقات سرسری اپنے روبرو کرسکے گا۔ اور اگر بعد دریافت واقعات مقدمہ اوس کو اطمینان ہو جائے کہ بلا وجہ معقول مزاحمت و تعرض کیا گیا تھا اور ایسا تعرض و مزاحمت بدستور قایم و جاری ہے تو وہ اوس شخص کی گرفتاری کے لئے حکم نامہ جاری کریگا۔ اور اوس کو کچہری ضلع یا تحصیل میں حراست میں رکھے گا یا بذریعہ حکم نامہ ضلع کے مجلس دیوانی میں ایسی میعاد تک قید کرنے کے لئے روانہ کرے گا جو تیس روز سے زائد نہ ہو اور جو رفع مزاحمت و تعرض کے لئے مناسب ہو۔

توضیح ۔ اس دفعہ کی کوئی عبارت اس امر کے مانع نہ ہوگی کہ اوس شخص کے مقابلہ میں بموجب قانون تعزیرات کارروائی کی جائے۔

باب یازدہم

مرافعہ تجویز ثانی و نگرانی

مرافعہ

عہدہ دار مال کے حکم کا مرافعہ ۔ | دفعہ ۱۵۸ ۔ (۱) بجز اس ۔

ے ترمیم بموجب قانون نشان (۴) ۱۳۴۵ف

(*Translation*)

against any decision or order passed by a Revenue officer under this Act or any other law for the time being in force, to his immediate superior officer, whether such decision or order may have been passed in the exercise of original jurisdiction or on appeal.

Explanation:—(1) For the purposes of this section superior officer with reference to the decisions and orders of Tahsildars shall mean the*[ ] Taluqdar*[] concerned, or the Second *[ ] Taluqdar, entrusted with the control of the Taluqa and specially invested by the *[Government] with powers to hear appeals against the decisions and orders of Tahsildars subordinate to him.

(2) An appeal shall lie to the *[Government] from any decision or order passed by a Subedar or *[Commissioner of Survey Settlement or Commissioner of Land Records;] but an appeal shall not lie against the decision or order passed by *[such officer] on second or third appeal.

*Amended by Act No. III of 1355 F.

کے کہ قانون ہذا یا کسی اور قانون نافذ الوقت میں کوئی حکم اس کے خلاف ہو کسی ایسے فیصلہ یا حکم کی ناراضی سے جو کسی عہدہ دار مال نے قانون ہذا یا کسی اور قانون نافذ الوقت کے تحت صادر کیا ہو اوس کے عین بالا دست عہدہ دار کے پاس مرافعہ ہوسکے گا۔ خواہ وہ فیصلہ یا حکم ابتدائی ہو یا بصیغہ مرافعہ صادر ہوا ہو۔

توضیح۔ تحصیلداروں کے فیصلوں اور احکام کے متعلق دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے بالا دست عہدہ دار سے [ ]* تعلقدار [ ]* متعلقہ یا وہ دوم [ ]* تعلقدار مراد ہے جسکے تفویض اس تعلقہ کی نگرانی ہو اور جس کو سرکار عالی نے بطور خاص ماتحت تحصیلداروں کے فیصلوں اور احکام کی ناراضی سے مرافعہ کی سماعت کا اختیار عطا کیا ہو۔

(۲) صوبہ دار [ ]* ناظم پیمائش بندوبست یا ناظم لینڈ ریکارڈز نے جو فیصلہ یا حکم صادر کیا ہو اوس کا مرافعہ [ ]* سرکار عالی] میں ہوسکیگا لیکن صوبہ دار یا [ ]* عہدہ دار

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۵۵ف

کے کسی ایسے فیصلہ یا حکم کی ناراضی سے مرافعہ نہ ہو سکے گا جو اس نے بہ صیغہ مرافعہ ثانی یا ثالث صادر کیا ہو۔

(3) When on account of promotion or change of designation, an appeal against any decision or order lies under this section to the same officer who has originally passed the decision or order appealed against, the appeal shall lie to the officer competent under this section to hear appeals against the decisions of the said officer.

(۳) جب بوجہ ترقی یا تبدیل عہدہ کسی فیصلہ یا حکم کی ناراضی سے مرافعہ تحت دفعہ ہذا اسی حاکم کے پاس پیش ہو جس نے فیصلہ یا حکم زیر مرافعہ ابتداءً صادر کیا تھا تو مرافعہ اس عہدہ دار کے پاس پیش ہو سکے گا جو بہ موجب احکام دفعہ ہذا حاکم مذکور کی نسبت مرافعہ سماعت کرنے کا مجاز ہو۔

(4) If any decision or order is modified or annuled on revision or review as hereinafter provided such revision or review shall be appealable as if it were an original order or decision.

(۴) اگر کسی فیصلہ یا حکم کی ترمیم یا تنسیخ حسب احکام مابعد بہ صیغہ نگرانی یا تجویز ثانی عمل میں آئے تو تجویز نگرانی و تجویز ثانی مذکور مثل حکم یا فیصلہ ابتدائی کے قابل مرافعہ ہوگی۔

159. The following orders shall be non-appealable :—

Non-appealable orders.

احکام ناقابل مرافعہ۔ دفعہ ۱۵۹۔ احکام مندرجہ ذیل ناقابل مرافعہ ہوں گے۔

(1) order for exemption from period of limitation for a memorandum of

(۱) حکم معافی میعاد متعلقہ درخواست مرافعہ یا تجویز

appeal or application for review under section 5 of the Hyderabad Limitation Act;

(2) order rejecting an application for revision or review.

160. Except as otherwise provided in this Act the period of limitation for the appeal preferred under section 158 shall be as follows :—

Period of limitation.

(1) when the appeal is against the order or decision of an officer lower in rank to a *[ ] Taluqdar *[ ] or *[Commissioner of Survey Settlement or Commissioner of Land Records,] 60 days;

(2) in all other cases, 90 days.

161. The original order or decision appealed against or an authentic thereof shall be filed along with every memorandum of appeal.

Original order or copy thereof to be filed along with of memorandum etc.

*Amended by Act No. III of 1355 F.

ثانی تحت دفعہ (۵) قانون میعاد سماعت سرکار عالی

(۲) حکم نامنظوری درخواست نگرانی یا تجویز ثانی۔

میعاد سماعت۔ | دفعہ ۱۶۰ - بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کوئی اور حکم ہو جو مرافعہ تحت دفعہ ۱۵۸ دائر کیا جائے اس کے لئے میعاد سماعت حسب ذیل ہوگی:—

(۱) جب مرافعہ ایسے عہدہ دار کے حکم یا تجویز کی ناراضی سی ہو جسکا درجہ [ ] تعلقدار [ ] یا [ناظم پیمائش بندوبست یا ناظم لیانڈ ریکارڈز] سے کم ہو تو (۶۰) یوم۔

(۲) تمام دوسری صورتوں میں (۹۰) یوم۔

درخواست مرافعہ وغیرہ کے ساتھ اصلی حکم یا اس کی نقل داخل کی جائے گی۔ | دفعہ ۱۶۱ - ہر درخواست مرافعہ کے ساتھ وہ اصل حکم یا فیصلہ یا اس حکم یا فیصلہ کی مصدقہ نقل داخل کی جائے گی جس کی ناراضی سے درخواست پیش کی جائے۔

ے ترمیم بہ موجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۵۵ف

Powers of appellate authority.

162. The appellate authority may admit the memorandum of appeal after or without calling for the record of the subordinate department or may after calling for the record and hearing the arguments of the appellant summarily dismiss without admitting it : provided that when the memorandum of appeal is time barred or the decision is non-appealable the record of the subordinate deparment shall not be called for.

اختیارات عہدہ دار سماعت کنندہ مرافعہ - دفعہ ۱۶۲ - (۱) عہدہ دار سماعت کنندہ مرافعہ مجاز ہوگا کہ درخواست مرافعہ کو بعد طلبی یا بلا طلبی مثل محکمہ تحت نمبر پر لے یا بعد طلبی مثل و سماعت بحث مرافعہ گزار سرسری طور پر اس نمبر پر لئے بغیر خارج کردے۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب درخواست مرافعہ میعاد عارض ہو یا تجویز ناقابل مرافعہ ہو تو محکمہ تحت کی مثل کا طلب کرنا لازم نہ ہوگا۔

(2) If the memorandum of appeal is admitted, a date shall be fixed for the hearing and the respondent informed of it by a notice.

(۲) اگر درخواست مرافعہ نمبر پر لی جائے تو سماعت بحث کے لئے ایک تاریخ مقرر کی جائے گی اور فریق ثانی کو بذریعہ اطلاع نامہ اس کی اطلاع دی جائے گی۔

(3) The appellate authority may, if the parties be present, after hearing their arguments and if, inspite of the due service of notice, any party be not present, after perusing the existing record :

(۳) اگر فریقین حاضر ہوں تو اُن کی بحث سماعت کرنے کے بعد اور اگر اطلاع نامہ کی باضابطہ تعمیل کے باوجود کوئی فریق حاضر نہ ہو تو عہدہ دار سماعت کنندہ مرافعہ بعد ملاحظہ روئداد موجودہ۔

5. Mode of election of Honorary Mir Mohallas and their appointments.
6. Vacancy in the office of Honorary Mir Mohalla.
6-A. Procedure in case of vacancy in office of Honorary Mir Mohalla.
7. Persons who cannot vote.
8. Register of persons qualified to vote.
9. Duties of Honorary Mir Mohallas.

قانون میر محلگان اعزازی

نشان ۸ سنہ ۱۳۱۹ ف

دفعہ

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔
۲ تعریف مجلس صفائی۔
۳ حدود صفائی کی حلقوں میں تقسیم۔
۴ میر محلگان اعزازی منتخب کئے جائیں گے۔
۵ میر محلگان اعزازی کے انتخاب کا طریقہ اور تقرر۔
۶ میر محلہ اعزازی کی جگہ کا خالی ہونا۔
۶ الف میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہونے کی صورت میں کارروائی۔
۷ اشخاص جو ووٹ نہ دے سکیں گے۔
۸ ان اشخاص کا رجسٹر جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔
۹ میر محلگان اعزازی کے فرائض۔

10. Orphans to be admitted to Orphanage and supervision of their religion.

11. Action on report of Honorary Mir Mohalla.

12. Framing of rules.

13. Bar of suit against Honorary Mir Mohalla.

Schedule (A).

Schedule (B).

Schedule (C).

۱۰ یتیم بچوں کا یتیم خانہ میں داخل کرانا اور مذہب کی نگرانی۔

۱۱ میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پر کارروائی۔

۱۲ قواعد کی ترتیب۔

۱۳ میر محلہ اعزازی پر مقدمہ رجوع کرنے کی ممانعت۔

ضمیمہ (الف)

ضمیمہ (ب)

ضمیمہ (ج)

(Translation)

THE HONORARY MIR MOHALLAS ACT.

No. VIII of 1319 F.

(Received the assent of His Highness the Nizam on 2nd Shehrewar, 1319 Fasli).

WHEREAS it is expedient to make a law relating to the appointment, duties and powers of Honorary Mir Mohallas; It is hereby enacted as follows :–

Short title, commencement & local extent.

1. (1) This Act may be called the Honorary Mir Mohallas Act and shall come into force from 1st Amardad 1319 F., within the municipal limits of the City of Hyderabad.

قانون میر محلگان اعزازی

نشان (۸) ۱۳۱۹ف

(پیشگاہ اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲ر شہریور ۱۳۱۹ف منظور ہوا۔)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ میر محلگان اعزازی کے تقرر اور ان کے فرائض و اختیارات کے متعلق قانون نافذ کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :–

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی

دفعہ ۱۔ یہ قانون[۵] بنام "قانون میر محلگان اعزازی" سے موسوم ہوگا۔ اور یکم امرداد ۱۳۱۹ف سے حدود صفائی بلدہ حیدرآباد میں نافذ ہوگا۔

۵۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۳ر مہر ۱۳۱۹ف میں شائع ہوا

(Translation)

(2) The Government in the Revenue Department may, by notification, enforce this Act in any other place within His Highness's Dominions.

(۲) سرکار عالی کو بصیغہ ما لگزاری اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کو کسی اور مقام موقوعہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں بذریعہ اشتہار نافذ فرمائیں۔

2. Muncipal Committee means the Municipal Committee or the Local Fund Board of the place where this Act is in force.

Definition of Municipal Committee.

تعریف مجلس صفائی۔ | دفعہ ۲۔ مجلس صفائی سے اس مقام کی مجلس صفائی یا لوکل فنڈ بورڈ مراد ہے جس میں یہ قانون نافذ ہو۔

3. The Municipal Committee shall divide the local limits of its jurisdiction into wards, and the extent of each ward shall, as regards area and population, be such as to enable two Honorary Mir Mohallas to discharge their respective duties conveniently.

Municipal limits to be divided into wards.

حدود صفائی کی حلقوں میں تقسیم۔ | دفعہ ۳۔ مجلس صفائی اپنی حدود اراضی کو حلقوں میں تقسیم کریگی اور ہر حلقہ کی وسعت بلحاظ رقبہ و آبادی ایسی ہوگی کہ دو میر محلگان اعزازی بہ آسانی کار متعلقہ انجام دے سکیں۔

4. For every ward that may be constituted under section 3, two persons shall be elected in the manner hereinafter provided to be called 'Honorary Mir Mohallas'.

Honorary Mir Mohalla to be elected.

میر محلگان اعزازی منتخب کئے جائیں گے۔ | دفعہ ۴۔ ہر حلقہ کے لئے جو حسب دفعہ ۳ مقرر کیا جائے دو اشخاص بطریقہ متذکرۂ مابعد منتخب کئے جائیں گے جو "میر محلگان اعزازی" کہلائیں گے۔

5. Honorary Mir Mohallas shall, under the supervision of the Municipal Comittee, be elected for three years

Mode of election of Honorary Mir

میر محلگان اعزازی کے انتخاب کا طریقہ اور تقرر۔ | دفعہ ۵۔ میر محلگان اعزازی کا انتخاب تین سال کے لئے زیر اہتمام مجلس صفائی

(*Translation*)

Mohallas and their appointments

from amongst those residents of the ward whose names are entered in the register referred to in section 8:

Provided that their annual income is not less than six hundred rupees and they are not members of the Municipal Committee and are not employed in the Departments, the supervision whereof falls to the Honorary Mir Mohallas and they do not follow any menial profession.

The proceedings of the meeting convened for election shall be submitted to the Government through the Municipal Committee, and after approval of the Government the names of the persons elected shall be published in the Jarida. There shall be a fresh election after every three years in the manner herein before prescribed and the persons who had already been Mir Mohallas shall be eligible for re-election. The existing Honorary Mir Mohallas shall, until the appointment of other persons, continue to hold office.

Vacancy in the office of Honorary Mir Mohalla.

6. *[The office of an Honorary Mir Mohalla shall be deemed to be vacant in the following circumstances:-

* Amended by Act No. II of 1332 F.

منجملہ ایسے ساکنین حلقہ ہوسکے گا جن کا نام رجسٹر متذکرۂ دفعہ ۸ میں درج ہو بشرطیکہ ان کی سالانہ آمدنی ۶۰۰ روپیہ سے کم نہ ہو اور وہ مجلس صفائی کے رکن نہ ہوں اور ایسے محکمہ جات میں ملازم نہ ہوں جن کی نگرانی میر محلگان اعزازی سے متعلق ہے اور کوئی رذیل پیشہ نہ کرتے ہوں۔

جلسۂ انتخاب کی روئداد مجلس صفائی کے ذریعہ سے سرکار عالی میں پیش کی جائے گی اور بعد منظوری [سرکار عالی][1] اشخاص منتخب شدہ کے نام جریدہ میں شائع کئے جائیں گے اور ہر تین سال کے بعد حسب طریقۂ مندرجہ بالا مجدداً انتخاب ہوگا۔ اور جو اشخاص پہلے میر محلہ اعزازی رہ چکے ہوں وہ دوبارہ منتخب ہوسکیں گے اور تاوقتیکہ دوسرے اشخاص کا تقرر نہ ہو موجودہ میر محلگان اعزازی اپنی خدمت پر قائم رہیں گے۔

میر محلہ اعزازی کی جگہ کا خالی ہونا۔

دفعہ ۶۔ [2]میر محلہ اعزازی کی جگہ مفصلہ ذیل صورتوں میں خالی متصور ہوگی:-

[1] ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

[2] " " " نشان ۲ سنہ ۱۳۳۲ ف

(1) by the death or resignation of an Honorary Mir Mohalla;

(۱) میر محلہ اعزازی کے فوت یا مستعفی ہونے سے۔

(2) by being rendered ineligible for election to the office of Honorary Mir Mohalla;

(۲) میر محلہ اعزازی کی خدمت پر منتخب ہونے کی حیثیت زائل ہونے سے۔

(3) when the Government is, on being moved by the Municipal Committee, of the opinion that any Honorary Mir Mohalla does nor properly discharge his functions or has been guilty of misconduct in the discharge of his duties.

(۳) جب مجلس صفائی کی تحریک پر سرکار عالی کی یہ رائے ہو کہ کوئی میر محلہ اعزازی اپنا کام بطور مناسب انجام نہیں دیتا یا اپنے فرایض کی انجام دہی میں بداعمالی کا مرتکب ہوا ہے۔

6-A. On the occurrence of a vacancy under section 6, a re-election to fill that vacancy for the unexpired period shall be held in accordance with section 5.

Pocedure in case of vacancy in office of Honorary Mir Mohalla.

دفعہ ۶ (الف) میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہونے کی صورت میں کارروائی۔ جب حسب دفعہ ۵ کسی میر محلہ اعزازی کی جگہ خالی ہوجائے تو بقیہ مدت سہ سالہ کے لئے میر محلہ اعزازی کا مکرر انتخاب حسب دفعہ ۵ عمل میں آئے گا۔

7. The election referred to in section 5 shall be conducted by votes unanimous or by majority; but the following persons shall not vote :-

Persons who cannot vote.

دفعہ ۷ اشخاص جو ووٹ نہ دے سکیں گے۔ انتخاب متذکرۂ دفعہ ۵ بذریعہ ووٹ بالاتفاق یا بغلبۂ آراء ہوگا۔ لیکن مفصلہ ذیل اشخاص ووٹ نہ دے سکیں گے :-

---

۵ - ترمیم بہ موجب قانون نشان ۲ سنہ ۱۳۳۲ ف

(Translation)

(1) owners or occupiers of houses or lands whose annual income is less than one hundred rupees ;

(۱) ایسے مالکان یا قابضان مکانات یا اراضی جن کا سالانہ محاصل ایک سو روپیہ سے کم ہو۔

(2) those who are not competent to contract under the Hyderabad Contract Act;

(۲) جو از روئے قانون معاہدہ سرکار عالی معاہدہ کرنے کی قابلیت نہ رکھتے ہوں۔

(3) those who are suffering from any infectious disease ;

(۳) جو کسی مرض متعدی میں مبتلا ہوں۔

(4) women; and

(۴) عورات اور

(5) person who has been convicted by a Criminal Court for an offence that depicts his character to be bad.

(۵) جو عدالت فوجداری سے ایسے جرم میں سزا پا چکا ہو جس سے اس کا رویہ برا ثابت ہوتا ہو۔

Register of persons qualified to vote.

8. There shall be maintained in the Municipal Office a register for each ward wherein shall be entered the names of all persons that are qualified to vote. The register shall be revised at the commencement of every third year whereupon the previous register shall be cancelled.

اُن اشخاص کا رجسٹر جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔

دفعہ ۸۔ محکمہ صفائی میں ہر حلقہ کے متعلق ایک رجسٹر مرتب کیا جائے گا جس میں اُن کل اشخاص کے نام درج ہوں گے جو ووٹ دینے کے مجاز ہیں اور تیسرے سال کے شروع میں رجسٹر پر نظر ثانی کی جائے گی جس کے بعد پہلا رجسٹر منسوخ ہو جائے گا

9. The Honorary Mir Mohalla of

میر محلگان اعزازی کے فرائض۔

دفعہ ۹۔ ہر حلقہ کے میر محلہ اعزازی پر لازم ہوگا کہ رجسٹر ات

(*Translation*)

Duties of Honorary Mir Mohallas

each ward shall maintain registers in the forms specified in schedules A, B & C. He shall exercise supervision over the following matters and shall, when necessary submit detailed reports thereon, as also any proposal that he may think necessary, to the Department concerned :—

حسب نمونہ ضمیمہ (الف) و (ب) و (ج) مرتب رکھے اور امور ذیل کی نگرانی اور بصورت ضرورت ان کے متعلق مفصل رپورٹ محکمہ جات متعلقہ میں پیش کرے۔ اور اگر کسی تحریک کی ضرورت سمجھے تو وہ بھی پیش کرے :۔

(1) Conservancy of the ward;

(۱) حلقہ کی صفائی۔

(2) Repairs of public raods or lanes within the ward;

(۲) شارع عام یا کوچہ ہائے حلقہ کی درستی۔

(3) To apply to Government officials for help in case of any accident;

(۳) اگر کوئی حادثہ ارضی یا سماوی واقع ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے عہدہ داران سرکاری سے مدد کی درخواست۔

(4) To draw the attention of the Police in rega rd to the burial of any unclaimed corpse in accordance with the religious belief of the deceased;

(۴) اموات لاوارث کی صورت میں متوفی کے مذہبی اعتقاد کے موافق تجہیز و تکفین میں کوتوالی کو متوجہ کرنا۔

(5) To co-operate with the Police in preparing list of the property of any person who may die without leaving heirs and to sign the list when prepared;

(۵) اگر کوئی شخص لاوارث فوت ہو جائے تو اس کی جائداد کی فہرست کی ترتیب میں کوتوالی کے ساتھ شریک رہنا اور جو فہرست مرتب ہو اس پر دستخط کرنا۔

(Translation)

(6) To caution the residents of his ward about the sanitary measures to be taken in case of outbreak of an epidemic and to help the medical and sanitary officers in the discharge of their functions;

(۶) بصورت شیوع وبا اپنے حلقہ کے ساکنین کو تدابیر حفظ صحت سے آگاہ کرنا اور افسران طبی و حفظان صحت کو اُن کے فرائض منصبی کے ادا میں مدد دینا۔

(7) The improvement and repairs of places of worship and in the case of such places of worship as are endowed with any Maash, to see whether the Mutawalli or the manager thereof discharges his duties properly and does not spend the Maash improperly;

(۷) معابد کی درستی اور مرمت اور اُن میں سے جو با معاش ہوں اُن کے متعلق اس امر کی نگرانی کہ آیا متولی یا مہتمم اپنا فرض منصبی ادا کرتا ہے اور معاش بیجا طور پر صرف نہیں کرتا۔

(8) To induce and persuade the residents of the ward to discharge their religious duties;

(۸) فرائض مذہبی کے بجالانے کے لئے ساکنین حلقہ کو تحریص و ترغیب۔

(9) The condition of the schools and the nature of instruction imparted therein;

(۹) مکاتب و مدارس کی حالت اور نوعیت تعلیم۔

(10) To try and improve the education of the residents of the ward and induce them to educate their children;

(۱۰) اپنے حلقہ کے ساکنین کی تعلیم میں کوشش کرنا اور ان کو تعلیم اطفال کے لئے ترغیب دینا۔

(11) To persuade the residents of the ward to get their children vaccinated and to help the vaccinator in the discharge of his duties;

(۱۱) ساکنین حلقہ کو اپنے بچوں کے ٹیکہ لگانے پر آمادہ کرنا اور چیچک برار کو

اپنے فرائض کی انجام دہی میں مدد دینا۔

(12) The education and condition of the ward;

(۱۲) وارڈ کی تعلیم اور حالت۔

(13) To assist in the improvement of arts and crafts followed within the ward and to assist the artisans and craftsmen and their children;

(۱۳) کسی حرفہ یا پیشہ کی جو اس حلقہ میں ہوتا ہو اور اہل حرفہ یا پیشہ وروں اور ان کے اطفال کی ترقی میں امداد۔

(14) To make arrangement for irrigation, water-supply and for lighting of public street;

(۱۴) آبپاشی و آب نوشیدنی و روشنی گزرگاہ کا انتظام۔

(15) Complaints against the Police administration and in case of any riot, to render assistance at the request of the Police;

(۱۵) شکایات متعلقہ انتظام کوتوالی اور بصورت کسی بلوہ کے کوتوالی کی خواہش پر اس کے انسداد میں مدد دینا

(16) To try and bring about a compromise in cases where there may be a conflict between two factions in a ward likely to cause a breach of the peace, and if necessary, to giveinformation to the Police for maintaining peace;

(۱۶) اگر کسی حلقہ میں دو گروہ میں آپس میں اختلاف ہو اور اس سے اندیشہ فساد ہو تو ان میں آپس میں صلح کرانے کی کوشش کرنا۔ اور اگر ضرورت ہو تو کوتوالی کو بغرض انتظام حفظ امن اطلاع دینا۔

(17) To take steps to prevent a breach of the peace in case of any act being done in any ward likely to

(۱۷) اگر کسی حلقہ میں کوئی ایسا فعل وقوع میں آئے جس سے نقض امن

to cause such breach and if necessary, to give information thereof to the Police ;

(18) Unani, Egyptian and Allopathic dispensaries and shops where medicines are sold.

10. Every Honorary Mir Mohalla shall get admitted to the Government Orphanage, orphans living in his ward who are without a guardian, and shall supervise as to the observance of their ancestral religion.

Orphans to be admitted to Orphanage and supervision of their religion.

11. When the report of an Honorary Mir Mohalla is submitted to any Department, the Head of that Department shall, if he considers any matter to be amenable to improvement, take such action thereon as he deems proper. The Honorary Mir Mohalla shall be informed of the decision taken on his report.

Action on report of Honorary Mir Mohalla.

12. (1) *[The Government] may

* Amended by Act No. III of 1308.

قانون میر محلگان اعزازی نشان ۱۳۱۹ف

سکا احتمال ہو تو اُس کے انسداد کی کوشش کرنا اور بصورت ضرورت کو توالی کو اُس کی اطلاع دینا۔

(۱۸) مطب یونانی و مصری و ڈاکٹری و دُکانات دوا فروشی۔

دفعہ ۱۰۔ ہر میر محلہ اعزازی پر لازم ہوگا کہ اپنے حلقہ کے یتیم بچوں کو جن کا کوئی ولی نہ ہو یتیم خانہ سرکاری میں داخل کرائے اور ان کے آبائی مذہب کی نگرانی رکھے۔

یتیم بچوں کا یتیم خانہ میں داخل کرانا اور مذہب کی نگرانی۔

دفعہ ۱۱۔ جس محکمہ میں میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پیش ہو اُس محکمہ کے افسر اعلیٰ کو اگر کوئی امر قابل اصلاح معلوم ہو تو وہ اس کے متعلق حسب مناسب رائے کرے گا اور رپورٹ کے متعلق جو فیصلہ ہو اس کی اطلاع میر محلہ کو دی جائے گی۔

میر محلہ اعزازی کی رپورٹ پر کارروائی۔

دفعہ ۱۲۔ قواعد کی ترتیب۔

قانون میر محلگان اعزازی نشان مر ۱۳۱۹ف

(*Translation*)

Framing of rules.

when necessary, make rules for the purposes of this Act after they have been published in the Jareeda.

(۱) [سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے حسب ضرورت قواعد بعد اشاعت جریدہ نافذ فرمائیں۔

(2) The rules referred to in sub-section (1) may, among, other matters, relate to the following :-

(۲) قواعد مندرجہ ضمن (۱) منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہو سکتے ہیں :-

(a) The executive work of the Honorary Mir Mohallas ;

(الف) میر محلگان کے انتظامی کام کے متعلق۔

(b) The expenses of preparing and printing registers to be kept by Honorary Mir Mohallas ;

(ب) اخراجات تیاری و طبع رجسٹر متعلقہ میر محلگان کے متعلق۔

(c) The manner of tendering and counting votes ;

(ج) ووٹ دینے اور شمار کرنے کے طریقہ کے متعلق۔

(d) The date, time, place and manner of election ;

(د) انتخاب کی تاریخ و وقت و مقام و طریقہ کے متعلق۔

(e) The contingency expenses of the Mir Mohallas ;

(ہ) میر محلگان کے اخراجات صادر

۵۔ ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ف

(f) Any other matter relating to the duties and powers of Mir Mohallas.

13. The report of an Honorary Mir Mohalla shall be treated as confidential. No proceedings either Civil or Criminal shall be instituted in respect of anything which has been reported in good faith.

Bar of suit against Honorary Mir Mohalla.

(و) کسی اور امر کے متعلق جو میر محلگان فرائض و اختیارات سے متعلق ہو۔

دفعہ ۱۳۔ میر محلہ کی رپورٹ راز سمجھی جائے گی اور کسی امر کی بابت جو اس رپورٹ میں نیک نیتی سے درج کیا گیا ہو کوئی مقدمہ دیوانی یا فوجداری رجوع نہ ہو سکے گا۔

میر محلہ اعزازی پر مقدمہ رجوع کرنے کی ممانعت۔

(*Translation*)

Schedule A.

(See Section 9.)

S. No. of House.	No. with boundaries of house.	Names of residents of house.						Remarks.
		Serial No.	Name.	Father's name.	Nationality.	Profession.	Age.	
1	2	3	4	5	6	7	8	9

قانون میر محلگان اعزازی نشان ۸ سنہ ۱۳۱۹ ف

ضمیمہ (الف)

ملاحظہ ہو دفعہ ۹

نشان شمار مکان	نمبر با حدود اربعہ مکان	نام ساکنین مکان						کیفیت
		نشان شمار	نام	ولدیت	قومیت	پیشہ	عمر	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

(*Translation*)

Schedule B.
(See Section 9.)

1	Serial Number.	
2	Name of institution.	
3	Number and boundaries of the place of instruction.	
4	Name of teacher or teachers.	
5	Number of boys receiving education.	
6	Up to 5 years.	Age of boys receiving education.
7	Up to 11 years.	
8	Above 11 years.	
9	Syed.	Nationality.
10	Shaikh.	
11	Moghal.	
12	Pathan.	
13	Brahman.	
14	Rajput.	
15	Telanga.	
16	Maharatta.	
17	Other Nationalities.	
18	Literary Profession.	Profession of Boys.
19	Military Profession.	
20	Ordinary Govt. Service.	
21	Ordinary Private Service.	
22	Blacksmith.	
23	Carpenter.	
24	Painter.	
25	Trade.	
26	Other Professions.	
27	Whether the teacher teaches gratis or accepts fees and if so, average fees realized per month.	
28	Names of books taught.	
29	REMARKS.	

قانون میر محلگان اعزازی نشان ۸ سنہ ۱۳۱۹ ف

ضمیمہ (ب) ملاحظہ ہو دفعہ ۹

۱	نشان شمار	
۲	نام تعلیم گاہ	
۳	نمبر یا حدود اربعہ مکان تعلیم	
۴	نام معلم یا معلمین	
۵	تعداد اطفال زیر تعلیم	
۶	تا پنج سال	عمر اطفال زیر تعلیم
۷	تا یازدہ سال	
۸	زائد از یازدہ سال	
۹	سید	قومیت
۱۰	شیخ	
۱۱	مغل	
۱۲	پٹھان	
۱۳	برہمن	
۱۴	راجپوت	
۱۵	تلنگہ	
۱۶	مرہٹہ	
۱۷	دیگر اقوام	
۱۸	کلاس اول تعلیم	
۱۹	کلاس اول تعلیم	
۲۰	عام کلاس سرکاری	
۲۱	عام کلاس خانگی	
۲۲	عداد	پیشہ اطفال
۲۳	نجار	
۲۴	نقاش	
۲۵	تجارت	
۲۶	دیگر پیشہ	
۲۷	آیا مجانی تعلیم دیتا ہے یا فیس لیتا ہے اگر فیس لیتا ہے تو اوسط ماہانہ فیس	
۲۸	نام کتب زیر تعلیم	
۲۹	کیفیت	

(*Translation*)

Schedule C.

(See Section 9.)

Serial Number.	Name and description of place of worship.	No. and boundaries of place of worship.	Name of Mutwalli or Manager.	Description of building of the place of worship.	Particulars of the Maash attached to the place of worship.	Particulars of expenditure of the place of worship.	Particulars of general management of the place of worship.	Remarks.
1	2	3	4	5	6	7	8	9

ضمیمہ (ج)

ملاحظہ ہو دفعہ ۹

نشان شمار	نام و تعریف معبد	نمبر سکان معبد با حدود اربعہ	نام متولی یا مہتمم معبد	کیفیت عمارات معبد	کیفیت معاش معبد	کیفیت مصارف معبد	کیفیت عام انتظام معبد	کیفیت عام
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

(*Translation*)

THE RAILWAYS, GOVERNMENT IRRIGATION SOURCES AND OTHER PUBLIC BUILDINGS PROTECTION ACT.

No. I of 1321 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Short title, commencement and extent.

2. Definitions.

3. Taluqdar and Superintending Engineer may inspect irrigation sources.

4. When Taluqdar considers necessary to have any work executed to protect any railway, Government irrigation sources or public building, he shall cause plan and estimate of proposed work to be prepared.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی سرکاری و دیگر عمارات عامہ

نشان ۱ سنہ ۱۳۲۱ ف

دفعہ

۰ تمہید

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ تعریفات۔

۳ تعلقدار اور مہتمم تعمیرات ذریعہ آبپاشی کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

۴ جب تعلقدار کسی ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا عمارات عامہ کے تحفظ کے لئے کوئی کام کرانا ضروری خیال کرے تو وہ

(Translation)

5. Taluqdar to send plan and estimate to jagirdar or land holder concerned with order to execute work or show cause why he should not execute it.

۵ تعلقدار نقشہ اور برآورد جاگیردار یا قابض اراضی متعلقہ کے پاس اس حکم کے ساتھ بھیجے گا کہ وہ اس کام کو کرے یا وجہ ظاہر کرے کہ اس کو کیوں اس کی تکمیل نہ کرنی چاہئے۔

6. Taluqdar may cancel or modify order.

۶ تعلقدار حکم کی تنسیخ یا ترمیم کرسکے گا۔

7. If order is upheld, Taluqdar to call upon jagirdar or land holder by notice to execute work.

۷ اگر حکم بحال رہے تو تعلقدار جاگیردار یا قابض اراضی کو بذریعہ اطلاعنامہ کام کی تکمیل کا حکم دے گا۔

8. Persons concerned may submit objections to Taluqdar as to nature of proposed work.

۸ اشخاص متعلقہ مجوزہ کام کی نوعیت کے متعلق تعلقدار کے روبرو عذرات پیش کرسکتے ہیں۔

9. If jagirdar or landholder fails to execute work, Taluqdar shall report the matter to Government who may direct execution thereof.

۹ اگر جاگیردار یا قابض اراضی کام کی تکمیل میں قاصر رہے تو تعلقدار سرکار عالی کو اطلاع

(*Translation*)

دے گا اور سرکار عالی کام کی تکمیل کا حکم دے سکیں گے۔

10. After execution of work, memorandum for payment of cost thereof to be served on jagirdar or landholder.

کام کی تکمیل کے بعد جاگیردار یا قابض اراضی پر اس کے اخراجات ادا کرنے کی یادداشت کی تعمیل کی جائے گی۔

11. Procedure in case of emergency.

۱۱ ضرورت کے وقت کارروائی۔

12. Taluqdar to decide amount to be paid by jagirdar or landholder.

۱۲ تعلقدار اس امر کا تصفیہ کرے گا کہ جاگیردار یا قابض اراضی کو کس قدر رقم ادا کرنی چاہیئے۔

13. Taluqdar may appoint 'Punch', to determine liability of jagirdar or landholder.

۱۳ جاگیردار یا قابض اراضی کی ذمہ داری کا تصفیہ کرنے کے لئے تعلقدار پنچ مقرر کر سکے گا۔

14. If jagirdar or landholder fails to pay amount, Taluqdar may recover it as arrears of land revenue.

۱۴ اگر جاگیردار یا قابض اراضی رقم ادا کرنے میں قاصر رہے تو تعلقدار اس کو مثل بقایا و مالگزاری وصول کر سکے گا۔

(Tranlastion)

15. Compensation to jagirdar or landholder for loss caused by execution of work.

۱۵ اس کام کی تکمیل سے جاگیردار یا قابض اراضی کو جو نقصان ہوا ہو اس کا معاوضہ۔

16. Taluqdar may appoint 'Punch' to settle compensation.

۱۶ معاوضہ کا تصفیہ کرنے کے لئے تعلقدار پنچ مقرر کرسکے گا۔

17. If jagirdar or landholder is dissatisfied with compensation awarded, he may have arbitrator appointed.

۱۷ اگر جاگیردار یا قابض اراضی مجوزہ معاوضہ سے ناراض ہو تو وہ ثالث مقرر کرا سکے گا۔

18. Notice, how to be served.

۱۸ اطلاعنامہ کی تعمیل کس طرح کی جائے گی۔

19. Procedure when Taluqdar is of opinion that portion of cost could be borne by Municipality, Local Board or Government.

۱۹ کارروائی جب تعلقدار کی رائے ہو کہ اخراجات کے کسی جزو کا بار محکمۂ صفائی لوکل بورڈ یا سرکار عالی پر عائد ہونا چاہئے۔

20.(1) When Taluqdar considers work in respect of any irrigation sources under control of Government should be executed for protection of railway, Government irrigation sources or public building, he shall report to Government.

۲۰ جب تعلقدار کی رائے ہو کہ کسی ذریعہ آبپاشی کے متعلق جو سرکار عالی کے اہتمام میں ہو کسی ریلوے یا سرکار عالی کے ذریعہ آبپاشی یا عمارت عامہ کے تحفظ کے لئے کوئی کام کیا جائے تو وہ سرکار عالی

(Translation)

(2) Taluqdar Atrafe Balda to take action in Atrafe Balda District.

(۲) تعلقدار اطراف بلدہ ضلع اطراف بلدہ میں رپورٹ کرے گا۔

21. Damage not to be claimed for breach of this Act.

۲۱ قانون ہذا کی خلاف ورزی کی بابت ہرجہ کا دعویٰ نہ ہو سکے گا۔

22. Government may confer upon Second or Third Taluqdar powers of Taluqdar.

۲۲ سرکار عالی دوم یا سوم تعلقدار کو تعلقدار کے اختیارات عطا کر سکتی ہے۔

THE RAILWAYS, GOVERNMENT IRRIGATION SOURCES AND OTHER PUBLIC BUILDINGS PROTECTION ACT.

No. 1 of 1321 Fasli.

(Received the assent of the Madarul-moham on 7th Khurdad, 1321 F.)

Whereas, it is expedient to protect the railway lines, Government irrigation sources and other public buildings against injury from the escape and over-flow of water which may not be due to extraordinary storm, from rivers, tanks, channels or irrigation sources, situated within His Highness the Nizam's Dominions; It is hereby enacted as follows :—

Preamble.

قانون

تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی سرکاری ودیگر عمارات عامہ

نشان (۱) سنہ ۱۳۲۱ف

(مدارالمہام سرکار عالی نے بتاریخ ۷ خورداد ۱۳۲۱ف منظور فرمایا)

تمہید | ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ریلوے لائنوں اور سرکاری ذرائع آبپاشی اور دیگر عمارات عامہ کو ندیوں، تالابوں، نہروں یا ذرائع آبپاشی موقوعہ ممالک محروسہ سرکار عالی سے ایسے سیلاب و اخراج آب کے باعث جو غیر معمولی طوفان سے نہ ہو مضرت پہونچنے سے محفوظ رکھا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

قانون تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی سرکاری وغیرہ نشان اسلامیات

(Translation)

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی

1. This Act may be called "The Railways, Government Irrigation Sources and other Public Buildings Protection Act" and it shall come into force in His Highness the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida.

Short title commencement and extent.

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی سرکاری ودیگر عمارات عامہ" موسوم ہو سکے گا۔ اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

تعریفات۔

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

Definitions.

دفعہ ۲۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو

جاگیردار۔

(1) the word "jagirdar" includes nobles of Paigah Estates, rulers of Samasthan and other nobles and jagirdars, exempted and unexempted;

Jagirdar.

(۱) لفظ "جاگیردار" میں امراء علاقہ جات پائیگاہ و والیان سمستان و دیگر امراء و جاگیرداران مستثنیٰ وغیر مستثنیٰ داخل ہوں گے۔

قابض اراضی۔

(2) the word "landholder" includes Makhtadars, Inamdars, Dastbandars, pattadars and Banjardars;

Landholder.

(۲)۔ الفاظ "قابض اراضی" میں مقطعہ داران و انعام داران و دستبندداران و پٹہ داران و بنجر داران داخل ہوں گے۔

*Published in the Jarida dated 8th Thir, 1321 Fasli.

۵۔ جریدہ علامیہ مورخہ ۸ تیر ۱۳۲۱ف میں شائع ہوا

(*Translation*)

(3) the word "railway" means a railway used for public conveyance of passengers or goods and includes:—

Railway.

(*a*) all lands situated within the fence or other boundry marks, which shall be laid under the Indian Railways Act No. IX of 1890;

(*b*) railway lines, extra-sidings or branches worked over for the purpose of or in connection with a railway;

(*c*) all stations, offices, warehouses, machinery fixed in the ground and other buildings constructed for the purpose of or in connection with a railway;

(4) the words "public buildings" also include bridges whether under the supervision of the Government or Municipality or Local Board;

Public buildings.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آمد و شد سرکاری وغیرہ نشان ۱۳۲۱ف

ریلوے نے | (۳) - لفظ "ریلوے" سے مراد ایسی ریلوے ہے جو عام طور پر مسافروں یا مال کے لے جانے کے لئے استعمال کی جائے اور اس میں شامل ہیں

(الف) - تمام اراضی جو باڑھ یا دیگر علامات حدود کے اندر واقع ہو۔ جو انڈین ریلوے ایکٹ نشان (۹) سنہ ۱۸۹۰ء کی رو سے قائم کئے جانے لازم ہوں۔

(ب) - ریل کی سڑک کی پٹریاں یا اطراف کی زائد پٹریاں یا شاخیں جو ریلوے کی اغراض کے لئے یا اس کے متعلق کام میں لائی جائیں۔

(ج) - تمام اسٹیشن - دفاتر - گودام کلیں جو زمین سے ملصق ہوں اور دیگر عمارات جو ریلوے کی اغراض کے لئے یا اس کے متعلق تعمیر کی گئی ہوں۔

عمارات عامہ | (۴) - الفاظ "عمارات عامہ" میں پل بھی داخل ہیں خواہ وہ سرکار عالی کے زیر اہتمام ہوں یا محکمہ صفائی یا لوکل بورڈ کے۔

(*Translation*)

(5). the words "irrigation sources" mean and include, tanks, ponds, rivers, brooks, embankments, sluices, weirs, revetments and other sources of like description;

Irrigation sources.

(6) the words "Superintending Engineer" mean the District Superintending Engineer incharge of irrigation work.

Superintending Engineer.

3. The Taluqdar or any officer, not below the rank of a Third Taluqdar, appointed by him for the work or any Superintending Engineer may, at any time, enter upon the land of any jagirdar or landholder and inspect or cause to be inspected any irrigation sources which shall be so situated on such land that any railway, Government irrigation sources or other public buildings are liable to be injured from the overflow or escape of water therefrom.

Taluqdar and Superintending Engineer may inspect irrigation sources.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی سرکاری وغیرہ نشان ۱۳۲۱ف

ذریعہ آبپاشی۔ (۵)۔ الفاظ "ذریعہ آبپاشی" سے مراد اور اس میں داخل تالاب۔ کنٹے۔ ندی۔ نالے۔ پشتے۔ تومہ۔ بنڈ۔ ڈائین اور اسی قسم کے دوسرے ذریعے ہیں۔

مہتمم تعمیرات۔ (۶)۔ الفاظ "مہتمم تعمیرات" سے مراد وہ مہتمم تعمیرات ضلع ہے جس کے تفویض آبپاشی کا کام ہو۔

تعلقدار اور مہتمم تعمیرات ذریعہ آبپاشی کا معائنہ کرسکتے ہیں۔

دفعہ ۳۔ تعلقدار یا کوئی عہدہ دار جس کا درجہ سوم تعلقدار سے کم نہ ہو جسے اس نے اس کام کے لئے مقرر کیا ہو یا کوئی مہتمم تعمیرات کسی جاگیردار یا قابض اراضی کی اراضی پر کسی ایسے ذریعہ آبپاشی کا معائنہ کرنے یا معائنہ کرانے کے لئے ہر وقت داخل ہوسکتا ہے جو ایسی اراضی پر اس طور پر واقع ہو کہ اس کے سیلاب یا اس کا پانی خارج ہونے سے کسی ریلوے یا کسی سرکاری ذریعہ آبپاشی یا دیگر عمارات عامہ کو مضرت پہونچنے کا احتمال ہو۔

4. When it appears to the Talukdar, after consultation with the Superintending Engineer, that any work should be executed in respect of any irrigation sources, situate on the land of any jagirdar or landholder for the protection of any railway, Government irrigation sources or other public building, against the overflow or escape of water, which is not the result of any extraordinary storm, he shall cause to be prepared plan and estimates thereof, specifying the work which, having regard to the safety of the railway lines, Government irrigation sources, other public buildings and the interest of the jagirdar, or landholder and other persons concerned, he may think necessary, and he shall also draw a statement showing with reasons, the proportion in which in his opinion, the jagirdar or landholder in possession of or having control over the said irrigation sources shall contribute towards the expenses for executing the work. The statement shall contain the estimated cost of the proposed work together with the following particulars:—

When Talukdar considers necessary to have any work executed to protect any railway, Government irregation sources or public building, he shall cause plan and estimate of proposed work to be prepared.

دفعہ ۴۔ جب تعلقدار کسی ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا عمارات عامہ کے تحفظ کے لئے کوئی کام کرنا ضروری خیال کرے تو وہ مجوزہ کام کا نقشہ اور برآورد تیار کرائے گا۔

جب تعلقدار کو بعد مشورہ مہتمم تعمیرات کسی ذریعہ آبپاشی کے متعلق جو کسی جاگیردار یا قابض اراضی کی اراضی پر واقع ہو کسی ریلوے یا کسی سرکاری ذریعہ آبپاشی یا دیگر عمارات عامہ کے ایسے سیلاب یا اخراج آب سے تحفظ کے لئے جو کسی غیر معمولی طوفان کا نتیجہ نہ ہو کسی کام کے کئے جانے کی ضرورت معلوم ہو تو وہ اس کا نقشہ اور برآورد مرتب کرائے گا جس میں اس کام کی صراحت ہوگی جو بہ لحاظ تحفظ ریلوے لائین و ذریعہ آبپاشی سرکاری و دیگر عمارات عامہ و حقوق جاگیردار یا قابض اراضی و دیگر اشخاص متعلقہ وہ ضروری خیال کرے اور نیز ایک کیفیت بھی مرتب کرے گا جس میں معہ وجوہ یہ درج ہوگا کہ اس کی رائے میں وہ جاگیردار یا قابض اراضی جس کے قبضہ یا اہتمام میں وہ ذریعہ آبپاشی ہو اس کام کی تکمیل کے لئے کس مناسبت سے شریک

(Translation)

(1) A description of the irrigation sources in respect of which the work is to be executed.

(2) The name of the jagirdar or landholder who, to the Taluqdar's knowledge and belief, is in possession of or has control over such irrigation sources.

(3) The proportion of the estimated expenditure which is to be borne by the jagirdar or the landholder.

(4) The portion of the estimated expenditure which is to be borne by the Municipality, Local Board or the Government. The Taluqdar shall have the statement translated in the language spoken in the district and cause copies thereof to be fixed at a conspicuous place or places in the village or villages to which the said sources belong.

قانون تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی سرکار وغیرہ نشان ۱۳۲۱ف

اجرا ہوگا۔ کیفیت مذکور میں مجوزہ کام کے

تخمینی اخراجات اور مفصلۂ ذیل امور درج

ہوں گے :۔

(۱) ۔ اُس ذریعۂ آبپاشی کی تفصیل جس

کے متعلق کام کی تکمیل ہوگی۔

(۲) ۔ اُس جاگیردار یا قابض اراضی

کا نام جس کے قبضہ یا اہتمام میں تعلقدار کے علم

ویقین میں وہ ذریعۂ آبپاشی ہو۔

(۳) ۔ کس مناسبت سے مجوزہ اخراجات

کا بار اُس جاگیردار یا قابض اراضی پر عائد

ہوگا۔

(۴) ۔ کس مناسبت سے مجوزہ اخراجات

کا بار محکمۂ صفائی یا لوکل بورڈ یا سرکار عالی

پر عائد ہوگا۔ تعلقدار کیفیت مذکور کا ترجمہ اُس

ضلع کی مروجہ زبان میں کرا کے اُس کی نقول اُس

موضع یا اُن مواضعات کے نمایاں مقام یا مقامات

پر چسپاں کرائے گا جن سے ذریعہ مذکور

قانون تحفظ ریلوے و دیگر آبپاشی سرکاری وغیرہ ۱۳۲۱ف

متعلق ہو۔

Taluqdar to send plan and estimate to jagirdar or landholder concerned with order to execute work or show cause why he should not execute it.

5. The Taluqdar shall, upon the preparation of the plan, estimate and statement referred to in the preceding section, send copies thereof to the jagirdar or landholder mentioned in the statement as being in possession of or having control over the said irrigation sources and shall also order in writing requiring the jagirdar or the landholder to execute within a reasonable time mentioned in the order the work specified in such plan and estimate or to represent to the Taluqdar in writing, or personally or through an agent or attorney and show cause why he should not execute the same.

دفعہ ۵۔ تعلقدار نقشہ اور تخمینہ اور بیان جاگیردار یا قابض اراضی متعلقہ کے پاس اس حکم کے ساتھ بھیجیگا کہ وہ اس کام کو کرے یا وجہ ظاہر کرے کہ اس کو کیوں اس کی تکمیل نہ کرنی چاہئے۔

دفعہ ۵ کے بعد تعلقدار اُن کی نقول اُس جاگیردار یا قابض اراضی کے پاس بھیجیگا جس کی نسبت کیفیت میں درج ہو کہ ذریعہ آبپاشی مذکور اُس کے قبضہ یا اہتمام میں ہے اور یہ حکم بھی تحریر آدیگا کہ جاگیردار یا قابض اراضی مذکور مناسب مدت کے اندر جس کی حکم میں صراحت ہوگی اس کام کی تکمیل کرے جس کی صراحت نقشہ اور تخمینہ مذکور میں ہے یا تعلقدار کے پاس تحریراً یا اصالتاً یا بذریعہ پیروکار یا مختار رجوع ہو کر وجہ ظاہر کرے کہ اُس کو اس کی تکمیل کیوں نہ کرنی چاہئے۔

Taluqdar

6. If the jagirdar or landholder, after making objection in

دفعہ ۶۔ تعلقدار حکم کی تنسیخ یا ترمیم کر سکیگا۔

اگر جاگیردار یا قابض اراضی بذریعہ تحریر

may cancel or modify order.

writing or through an agent or attorney, satisfies the Taluqdar, after such inquiry as he thinks fit, that the irrigation source specified in the statement is not wholly or partly in his possession or control or that the work other than the work proposed may be carried out for protection of the Government irrigation sources or other public building or that the whole or any part of the cost demanded from him to carry out the proposed work, should not be charged to the area, the Taluqdar shall cancel or modify his order.

If order is upheld. Taluqdar to call upon jagirdar or landholder.

7. If the Taluqdar does not cancel the order, he shall send a notice to the aforesaid jagirdar or landholder requiring him to carry out, within such reasonable time, to be specifed

قانون تحفظ ریلوے وزرائع آبپاشی وغیرہ نشان ۱۳۲۱ ف

یا پیروکار یا مختار عذر داری کرنے کے بعد تعلقدار کو بعد ایسی تحقیقات کے جو اس کے نزدیک مناسب ہو اس امر کا اطمینان دلادے کہ وہ ذریعہ آبپاشی جس کی کیفیت میں تصریح ہے کلّا یا جزاً اُس کے قبضہ یا انتظام میں نہیں ہے یا ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا دیگر عمارت عامہ کے تحفظ کے لئے بجائے مجوزہ کام کے اور کام کیا جاسکتا ہے۔ یا اُن اخراجات کا جو مجوزہ کام کی تکمیل کے لئے اُس سے طلب کئے گئے ہیں کُل یا کوئی جزو اس علاقہ کے ذمہ نہ ڈالا جانا چاہئے تو تعلقدار اپنے حکم کو منسوخ یا ترمیم کرے گا۔

دفعہ ۷۔ اگر تعلقدار اُس حکم کو منسوخ نہ کرے تو وہ جاگیردار یا قابض اراضی متذکرہ بالا کے پاس اطلاع نامہ بھیجے گا کہ وہ ایک مناسب مدت کے اندر جو بلحاظ مناسبت تکمیل کار کافی ہو اور جس کی اطلاع نامہ میں صراحت

اگر حکم بحال رہے تو تعلقدار جاگیردار یا قابض اراضی کو بذریعہ اطلاع نامہ کام کی تکمیل کا حکم دے گا۔

by notice to execute work.

in the notice, as may be sufficient for the completion of work mentioned in the original or modified order; a copy of the order to be carried out, shall be enclosed with the notice.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی وغیرہ نشان ۱۳۲۱ف

ہوگی اس کام کی تکمیل کرے جو اصل یا مرمہ حکم میں درج ہو۔ اطلاع نامہ کے ساتھ حکم قابل تعمیل کی نقل منسلک رہے گی۔

Persons concerned may submit objections to Taluqdar as to nature of proposed work.

8. Pending inquiry by the Taluqdar or within 60 days from the date when the copy of the notice is affixed in the aforesaid manner, all concerned persons may submit their objections to the Taluqdar in regard to the nature of the proposed work.

دفعہ ۸۔ اشخاص متعلقہ مجوزہ کام کی نوعیت کے متعلق تعلقدار کے روبرو عذرات پیش کرسکتے ہیں۔

تعلقدار کی تحقیقات کے دوران میں یا حسب طریقہ بالا اطلاع نامہ کی نقل چسپاں کئے جانے کی تاریخ سے ۶۰ دن کے اندر تمام اشخاص متعلقہ مجاز ہوں گے کہ تعلقدار کے روبرو حاضر ہوکر مجوزہ کام کی نوعیت کے متعلق اپنے عذرات پیش کریں۔

If Jagirdar or land holder fails to execute work, Taluqdar shall report the matter to Government who may direct execution thereof.

9. If the work mentioned in the order specified in section 7 is not executed within the fixed period, the Taluqdar shall report the matter to the Government in the Finance Department who may direct that the proposed work be carried out or may pass any other suitable order.

دفعہ ۹۔ اگر جاگیردار یا قابض اراضی کام کی تکمیل میں قاصر رہے تو تعلقدار سرکار عالی کو اطلاع دے گا اور سرکار عالی کام کی تکمیل کا حکم دے سکیں گے۔

اگر مدت معینہ کے اندر اس کام کی تکمیل نہ کی جائے جس کا ذکر حکم مصرحہ دفعہ (۷) میں ہے تو تعلقدار اس کی اطلاع سرکار عالی کو بصیغہ قینانس دے گا۔ اور سرکار عالی مجوزہ

(Translation)

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی وغیرہ نشان ۱۳۲۱ف

کام کی تکمیل کا یا کوئی اور مناسب حکم دے سکیں گے

A copy of the order of the Government shall be caused to be served on the jagirdar or landholder and it shall also be published in the Jarida.

سرکار عالی کے حکم کی نقل کی تعمیل جاگیردار یا قابض اراضی پر کرائی جائے گی اور جریدہ میں بھی شائع کی جائے گی۔

After execution of work, memorandum for payment of cost thereof to be served on jagirdar or landholder.

10. After the execution of work as required by section 9, the Taluqdar shall cause to be served upon the jagirdar or landholder a memorandum showing the total cost incurred in the execution of the work and also the sum which is required to be paid, in the opinion of the Taluqdar, by the jagirdar or landholder.

کام کی تکمیل کے بعد جاگیردار یا قابض اراضی پر اس کے اخراجات ادا کرنے کی یادداشت کی تعمیل کی جائے گی۔

دفعہ ۱۰ حسب دفعہ ۹ کام کی تکمیل کے بعد تعلقدار جاگیردار یا قابض اراضی پر ایک ایسی یادداشت کی تعمیل کرائے گا جس میں اُن کل اخراجات کی صراحت ہو جو اُس کام کی تکمیل میں عائد ہوئے ہیں اور نیز اُس رقم کی جو تعلقدار کی رائے میں جاگیردار یا قابض اراضی کو ادا کرنی چاہیئے۔

A notice requiring payment of of amount within a period specified therein shall also be sent along with the memorandum.

یادداشت کے ساتھ ایک اطلاع نامہ بھی بھیجا جائے گا جس میں بتصریح مدت رقم ادا کرنے کا حکم ہوگا۔

(*Translation*)

11. (1) If the Taluqdar has reason to believe that the immediate execution of any work in respect of any irrigation sources in the possession or under the control of a jagirdar or landholder is necessary for protection against injury by flood, which may not be due to extraordinary storm, to any railway, Government irrigation sources or other public building and that the circumstances of the case do not permit of action first being taken under sections 4 and 5 of this Act, the Taluqdar shall, after recording reasons therefor, take immediate steps for the execution of such work. Thereafter, the Taluqdar shall, without unnecessary delay, prepare a report showing the grounds on which his opinion is based together with the material facts of the case. A copy of the said report shall be caused to be served by the Taluqdar upon the jagirdar or landholder, whom he believes

Procedure in case of emergency.

ضرورت کے وقت کارروائی۔ | **دفعہ ۱۱**۔

(۱)۔ جب تعلقدار کو اس امر کے باور کرنے کی وجہ ہو کہ کسی ذریعۂ آبپاشی کے متعلق جو کسی جاگیردار یا تالقہ اراضی کے قبضہ یا اہتمام میں ہو کسی کام کی فوری تکمیل اس غرض سے ضروری ہے کہ کسی ریلوے یا سرکاری ذریعۂ آبپاشی یا دیگر عمارت عامہ کو ایسے سیلاب سے جو کسی غیر معمولی طوفان کا نتیجہ نہ ہو مضرت پہونچنے سے محفوظ رکھا جائے۔ اور مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے اس کا موقع نہ ہو کہ قانون ہذا کی دفعات ۴ و ۵ کی رو سے پہلے کارروائی کی جائے تو تعلقدار بہ تحریر وجوہ اس کام کی تکمیل کے لئے فوری کارروائی کرے گا۔ اس کے بعد تعلقدار بلا تاخیر غیر ضروری ایک کیفیت مرتب کرے گا جس میں وہ وجوہ جن پر اس کی رائے مبنی ہو اور نیز اس مقدمہ کے اہم واقعات درج ہوں گے۔ اور کیفیت مذکور کی ایک نقل کی تعمیل تعلقدار اس جاگیردار یا تالقہ اراضی پر کرائے گا جس کے قبضہ یا اہتمام میں اس ذریعۂ آبپاشی کا ہونا وہ باور کرے۔ اور اس کے ساتھ ایک یادداشت منسلک کی

(*Translation*)

to be in possession of or to have control over such irrigation sources and to it shall be appended a memorandum specifying the nature of the work, the total cost thereof and the sum which, in the opinion of the Taluqdar, the said jagirdar or landholder should pay. A notice calling upon him to pay such sum within the period fixed therein or to appear before the Taluqdar and show cause why he shouldnot be made to pay the same, shall also be appended.

(2) A copy of the said report, when prepared shall be submitted to [*the Government] forthwith together with a copy of the memorandum appended thereto.

Taluqdar to decide amount to be paid by jagirdar or landholder.

12. If the jagirdar or landholder or their attorney, agent or secretary, shows cause before the Taluqdar under section 11, the Taluqdar shall, after such inquiry as he may deem fit, decide the amount to be

* Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی و دیگر عمارات عامہ نشان ۱ سنہ ۱۳۲۱ ف

جائے گی جس میں کام کی نوعیت اور اس کے کل مصارف اور اس رقم کی جو تعلقدار کی رائے میں جاگیردار یا قابض اراضی مذکور کو ادا کرنی چاہئے تصریح ہوگی اور نیز ایک اطلاع نامہ منسلک رہے گا جس میں اس کو حکم دیا جائے گا کہ مدت معینہ اطلاع نامہ مذکور کے اندر رقم مذکور ادا کرے۔ یا تعلقدار کے سامنے حاضر ہو کر اس امر کی وجہ ظاہر کرے کہ وہ کیوں اس کے ادا کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔

(۲) کیفیت مذکور کی ایک نقل معہ نقل یادداشت منسلکہ ترتیب کے بعد فوراً [سرکار عالی] میں پیش کی جائے گی۔

تعلقدار اس امر کا تصفیہ کرے گا کہ جاگیردار یا قابض اراضی کو کس قدر رقم ادا کرنی چاہئے۔

دفعہ ۱۲۔ اگر جاگیردار یا قابض اراضی یا اُن کے مختار۔ کارپرداز یا معتمد کی جانب سے تعلقدار کے روبرو حسب دفعہ ۱۱ وجہ ظاہر کی جائے

۵ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۹ قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

paid by the jagirdar or landholder and shall cause a notice to be served upon him requiring him to pay the amount whithin the period fixed in the notice.

13. When the Taluqdar is holding an inquiry under section 6 or section 12, he may, on the application of the jagirdar or landholder appoint a Punch for the purposes of ascertaining whether the jagirdar or landholder is liable to payment and if so, to what extent. The number of such Punch including the Sar-Punch, who shall be acceptable to both the parties, shall not exceed five and of the remaining Punch, half the number shall be nominated by the Taluqdar and the other half by the jagirdar or landholder, and in case of difference over the appointment of Sar-Punch, the decision of the Subedar shall be final. The Taluqdar may summon the Punch at such place and at such time as he thinks fit and may also fix the period within which they are to submit their opinion.

Taluqdar may appoint Punch to determine liability of jagirdar or landholder.

آانون تحفظ ریلوے وغیرہ آیاشی دیگر عمارات عامہ نشان (۱) ۱۳۲۱ف

تو تعلقدار بعد ایسی تحقیقات کے جو وہ مناسب خیال کرے اس امر کا تصفیہ کرے گا کہ جاگیردار یا قابض اراضی کو کس قدر رقم ادا کرنی چاہیئے اور اُس پر ایک اطلاع نامہ کی تعمیل کرائے گا۔ جس میں مدت معینہ اطلاع نامہ مذکور کے اندر رقم ادا کرنے کا حکم درج ہوگا۔

دفعہ ۱۳۔ جاگیردار یا قابض اراضی کی ذمہ داری کا تصفیہ کرنے کے لئے تعلقدار پنچ مقرر کرسکے گا۔

حسب تعلقدار حسب دفعہ

۶ یا دفعہ ۱۲ تحقیقات کر رہا ہو تو جاگیردار یا قابض اراضی کی درخواست پر اس امر کے تعین کے لئے پنچ مقرر کرسکے گا کہ آیا جاگیردار یا قابض اراضی ذمہ دار ہوگا اور اگر ہوگا تو کس حد تک ایسے پنچوں کی تعداد مع سرپنچ کے پانچ سے زیادہ نہ ہوگی جن میں سے ایک سرپنچ ہوگا جو مقبولہ فریقین ہوگا۔ اور مابقی پنچوں میں سے نصف تعلقدار نامزد کرے گا۔ اور نصف جاگیردار یا قابض اراضی اور اختلاف تقرر سرپنچ کی صورت میں صوبہ دار کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

14. If any jagirdar or landholder, to whom an order has been given under sections 10, 11 or 12, neglects or refuses to pay the sum mentioned therein, in whole or in part, the Taluqdar may recover the sum from the said jagirdar or landholder like arrears of land revenue under the provisions of the Land Revenue Act.

If jagirdar or landholder fails to pay amount, Taluqdar may recover it as arrears of land revenue.

15. Any jagirdar or landholder or any other person shall be entitled to reasonable compensation for any loss or damage occasioned to him by, or in the course of the execution of work done, under sections 5, 7, 9 or 11. The amount of compensation shall be fixed by the Taluqdar after such inquiry as he may deem fit.

Compensation to jagirdar or landholder for loss caused by execution of work.

دفعہ ۱۴۔ اگر جاگیردار یا قابض اراضی رقم ادا کرنے میں قاصر رہے تو تعلقدار اس کو مثل بقایا مالگزاری وصول کرسکے گا۔

اگر جاگیردار یا قابض اراضی جس کو حسب دفعہ ۱۰ یا ۱۱ یا ۱۲ حکم دیا گیا ہو رقم مندرجہ کے کلاً یا جزاً ادا کرنے میں غفلت یا انکار کرے تو تعلقدار اس رقم کو جاگیردار یا قابض اراضی مذکور سے مثل بقایا مالگزاری حسب احکام قانون مالگزاری وصول کرسکے گا۔

دفعہ ۱۵۔ ہر جاگیردار یا قابض اراضی یا اور شخص اس نقصان یا ہرجہ کی بابت جو اس کو اس کام کی تکمیل میں یا اس کی وجہ سے ہوا ہو جو اس کام کی تکمیل سے جاگیردار یا قابض اراضی کو جو نقصان ہوا ہو اس کا معاوضہ۔

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی و دیگر عمارات عامہ نشان ۱۳۲۱ف

Taluqdar may appoint Punch to settle compensation.

16. For the purposes of inquiry, the Taluqdar may, on the application of the claimant, appoint Punch, not exceeding five in number including the Sar-Punch, who shall be acceptable to both the parties, of the remaining Punch half the number shall be nominated by the Taluqdar and half by the claimant. In case of disagreement as to the appointment of Sar-Punch, the decision of the Subedar shall be final. The Taluqdar may summon the Punch at such place and at such time as he thinks fit and may also fix a period within which they shall submit their opinion.

دفعہ ۱۶۔ معاوضہ کا تصفیہ کرنے کے لئے تعلقدار پنچ مقرر کرسکے گا۔

اُس تحقیقات کی اغراض کے لئے تعلقدار دعویدار کی درخواست پر پنچ مقرر کرسکے گا جن کی تعداد مع سرپنچ کے پانچ سے زیادہ نہ ہوگی جن میں سے ایک سرپنچ ہوگا جو مقبول فریقین ہوگا۔ باقی پنچوں میں سے نصف پنچ تعلقدار نامزد کرے گا اور نصف دعویدار۔ اور اختلاف تقرر سرپنچ کی صورت میں صوبہ دار کا فیصلہ قطعی ہوگا۔ تعلقدار پنچوں کو ایسے مقام اور وقت پر جو وہ مناسب خیال کرے طلب کرسکے گا اور اس مدت کا بھی تعین کرسکے گا جس کے اندر اُن کو اپنی رائے پیش کردینی چاہیئے

If jagirdar or landholder is dissatisfied with

17. (1) In the event of the Taluqdar and the jagirdar, landholder or other person, being unable to come to an agreement as to the

دفعہ ۱۷۔ اگر جاگیردار یا قابض اراضی مجوزہ معاوضہ سے ناراض ہو تو وہ ثالث مقرر کرا سکے گا۔

(*Translation*)

compensation awarded he may have arbitrator appointed.

amount of compensation, the said jagirdar, landholder or other person may apply that the amount of compensation be fixed by an arbitrator.

(2) The Government, when it disagrees with the amount of compensation fixed by the Taluqdar and every jagirdar and landholder when he is not satisfied with any order mentioned in section 10 or section 12, may apply for the settlement of the matter by an arbitrator.

(3) On an application mentioned in sub-sections (1) and (2) being made, the matter shall be referred to a Judge of the High Court or Divisional Judge who may be appointed as an arbitrator by the Government and his decision shall be final.

18. Every notice issued under the

قانون تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی ودیگر عمارات عامہ نشان ۱۳۲۱ف

تعلقدار اور جاگیردار یا قابض اراضی یا اور شخص معاوضہ کی رقم پر متفق نہ ہوسکیں تو جاگیردار یا قابض اراضی مذکور یا وہ اور شخص یہ درخواست کرسکے گا کہ معاوضہ کی رقم کا تعین بذریعہ ثالث کیا جائے۔

(۲)۔ سرکار عالی کو جب وہ معاوضہ کی رقم سے جو تعلقدار نے مقرر کی ہو ناراض ہو اور ہر جاگیردار یا قابض اراضی کو جب وہ کسی حکم متذکرہ دفعہ ۱۰ یا دفعہ ۱۲ سے ناراض ہو اختیار ہوگا کہ اس معاملہ کا تصفیہ بذریعہ ثالث کئے جانے کی درخواست کرے۔

(۳)۔ درخواست متذکرہ ضمن ۱ و ۲ کے پیش ہونے پر وہ معاملہ کسی رکن مجلس عالیہ عدالت یا ناظم صدر عدالت کے جسے سرکار عالی ثالث مقرر کرے سپرد کیا جائے گا۔ اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

دفعہ ۱۸۔ اطلاع نامہ کی تعمیل کس طرح کی جائیگی۔

ہر اطلاع نامہ کی جو حسب احکام قانون ہذا جاری

(*Translation*)

Notice, how to be served.

provisions of this Act shall, as far as possible, be served on the person to whom it is addressed or if he is not present, shall be left at his usual or last known place of abode with some adult member of his family, servant or agent or may be sent by a registered letter or be affixed upon a conspicuous part of his usual or last known place of abode. When the notice is so served it shall be deemed to have been duly presented or served.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی و دیگر عمارات عامہ نشان (۱) ۱۳۲۱ ف

کیا جائے حتی الامکان مکتوب الیہ کی ذات پر تعمیل کی جائے گی۔ یا اگر وہ موجود نہ ہو تو وہ اس کے معمولی یا آخری جائے سکونت پر اُس کے خاندان کے کسی بالغ رکن یا اُس کے ملازم یا کارندہ کے پاس چھوڑا جائے گا یا بذریعہ ٹپہ رجسٹری بھیجا جائیگا یا اس کے معمولی یا آخری جائے سکونت کے کسی نمایاں مقام پر چسپاں کیا جائے گا۔ جب اطلاع نامہ کی اس طرح تعمیل ہو تو وہ حسب ضابطہ پیش کیا گیا یا تعمیل پایا گیا متصور ہوگا۔

19. (1) When the Taluqdar is of opinion that a portion of the awarded cost should be borned by the Municipality, Local Board or the Government, he shall forward a copy of the report to the concerned department.

Procedure when Taluqdar is of opinion that portion of cost should be borne by Municipality, Local Board or Government.

دفعہ ۱۹۔ کارروائی جب تعلقدار کی رائے ہو کہ اخراجات کے کسی جزو کا بار محکمہ صفائی۔ لوکل بورڈ یا سرکار عالی پر عائد ہونا چاہئے۔

(۱)۔ تعلقدار کی جب یہ رائے ہو کہ مجوزہ اخراجات کے کسی جزو کا بار محکمہ صفائی۔ لوکل بورڈ یا سرکار عالی پر عائد ہونا چاہئے تو وہ اُس کیفیت کی ایک نقل محکمہ متعلقہ میں پیش کرے گا۔

(2) Within thirty days of the receipt of the copy of the report, the Muninicipality, Local Board or Government shall intimate to the Taluqdar approval or disapproval of the work.

(۲)۔ کیفیت کی نقل وصول ہونے کے تیس ۳۰ دن کے اندر محکمہ صفائی لوکل بورڈ یا سرکار عالی تعلقدار کو اس کام کی منظوری یا نامنظوری کی اطلاع

(3) If the Municipality or Local Board approves the execution of the work, it shall pay the amount which the Taluqdar has determined as payable by it and in case of disapproval, the matter shall be referred to the Finance Department for order of the Government and the order of the Government in this behalf shall be final.

20. (1) Whenever it shall appear necessary to the Taluqdar that any work should be executed in respect of any irrigation sources under the control of the Government for the protection of any railway, Government irrigation sources or other public building, he shall at once report the matter to the Government in the Finance Department and suitable orders in this behalf shall be issued by the Government.

When Taluqdar considers work in respect of any irrigation source under control of *[Government] should be executed for protection of railway, Government Irrigation sources or public building he shall report to Government.

*Amended by Act. No. III of 1308 F.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آبپاشی و دیگر عمارات انشان (۱) ۱۳۲۱ ف

(۳) - اگر محکمہ صفائی یا لوکل بورڈ اُس کام کا کیا جانا منظور کرے تو وہ اُس قدر رقم ادا کرے گا جو تعلقدار نے واجب الادا قرار دی ہو اور بصورت نامنظوری وہ معاملہ محکمہ فینانس میں سرکار عالی کے حکم کے لئے پیش کیا جائے گا اور اس کی نسبت سرکار عالی کا حکم قطعی ہوگا۔

دفعہ ۲۰۔ (۱) - جب تعلقدار کی رائے ہو کہ کسی ذریعہ آبپاشی کے متعلق جو سرکار عالی کے اہتمام میں ہو کسی ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا عمارت عامہ کے تحفظ کے لئے کوئی کام کیا جائے تو وہ سرکار عالی میں رپورٹ کرے گا۔ جب تعلقدار کو اس امر کی ضرورت معلوم ہو کہ کسی ذریعہ آبپاشی کے متعلق جو سرکار عالی کے اہتمام میں ہو کسی ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا دیگر عمارات عامہ کے تحفظ کیلئے کوئی کام کیا جائے تو وہ اس کی رپورٹ فوراً سرکار عالی میں بصیغہ فینانس کریگا اور سرکار عالی سے اس کی

ے ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ ف

قانون تحفظ ریلوے وذرائع آبپاشی ودیگر عمارات عامہ نشان ۱۳۲۱ف

متعلق حسب مناسب احکام صادر کئے جائیں گے۔

ضلع اطراف بلدہ میں کارروائی تعلقدار اطراف بلدہ کریگا۔

(۲) ۔ جب تعلقدار ضلع اطراف بلدہ کو اس امر کی ضرورت معلوم ہو کہ کسی ذریعہ آبپاشی کے متعلق جو اس کے اہتمام میں ہو کسی ریلوے یا سرکاری ذریعہ آبپاشی یا دیگر عمارت عامہ کے تحفظ کے لئے کوئی کام کیا جائے تو وہ اس کی رپورٹ فوراً معتمد صرف خاص کو کریگا اور وہ اس کے متعلق حسب مناسب احکام صادر کریں گے تعلقدار رپورٹ مذکور کی ایک نقل معتمد سرکار عالی صیغہ تعمیرات عامہ کے پاس بھی بھیجیگا۔

Taluqdar Atrafe-Balda to take action in Atrafe-Balda District.

(2) When it appears necessary to the Taluqdar Atrafe-Balda that work should be executed in respect of any irrigation sources under his control for the protection of any railway, Government irrigation sources or other public building, he shall at once report the matter to the Secretary, Sarfe-khas and he shall issue suitable orders in the matter. The Taluqdar shall also send a copy of the report to the Secretary to Government, in the Public Works Department.

دفعہ ۲۱۔ قانون ہذا کی خلاف ورزی کی بابت ہرجہ کا دعویٰ نہ ہوسکے گا۔

قانون ہذا کے کسی مضمون سے ریلوے کمپنی میونسپلٹی یا لوکل بورڈ کو یہ حق نہ ہوگا کہ قانون ہذا کے احکام کی خلاف ورزی کی بابت ہرجہ کا دعویٰ کرے۔

21. Nothing herein contained shall entitle railway company, Municipality or Local Board to claim damages for breach of the provisions of this Act.

Damage not to be claimed for breach of this Act.

دفعہ ۲۲۔ سرکار عالی رد م یا سوم تعلقدار کو تعلقدار کے اختیارات عطا کرسکتی ہے۔

22. The Government may by

(*Translation*)

Government may confer upon Second or Third Taluqdar powers of Taluqdar.

notification, authorise any Second or Third Taluqdar to exercise any of the powers of a Taluqdar vested in him under this Act.

قانون تحفظ ریلوے و ذرائع آمد و رفت و دیگر عمارات عامہ نشان (۱) ۱۳۲۱ف

سرکار عالی بذریعہ اشتہار کسی دوم یا سوم تعلقدار کے ان اختیارات میں سے کسی کے استعمال کا مجاز کر سکتی ہے جو اس کو حسب قانون ہذا حاصل ہیں۔

THE HYDERABAD TREASURE-TROVE ACT

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی

تشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف

No. III OF 1322 F.

CONTENTS.

Section.

Preamble. — دفعہ تمہید۔

CHAPTER I. — باب اول

Preliminary. — مراتب ابتدائی

1. Short title, extent and commencement. — ۱ نام قانون ووسعت مقامی وتاریخ نفاذ۔

2. Repeal. — ۲ تنسیخ

3. Definitions. — ۳ تعریفات

CHAPTER II.

PROCEDURE ON FINDING TREASURE-TROVE.

باب دوم

دفینہ دستیاب ہونے پر کارروائی۔

4. Notice by finder of treasure-trove.

۴ یابندہ دفینہ کی جانب سے اطلاع۔

5. Notification requiring claimants to appear.

۵ دعویداروں کی حاضری کیلئے اشتہار۔

6. Forfeiture of right on failure to appear.

۶ عدم حاضری سے حق کا زائل ہونا۔

7. Matters to be determined by the Taluqdar.

۷ امور جن کا تصفیہ تعلقدار کرے گا۔

8. Time to be allowed for filing suit in a Civil Court by claimants to treasure-trove.

۸ دعویداروں کی جانب سے عدالت دیوانی میں دعوی رجوع کرنے کے لئے مہلت۔

9. When treasure-trove may be declared ownerless.

۹ کس صورت میں حکم دیا جاسکے گا کہ دفینہ کا کوئی مالک نہیں ہے۔

10. Proceeding subsequent to order under section 9.

۱۰ حسب دفعہ ۹ تجویز ہونے کے بعد

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی، نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف
کارروائی۔

11. When no other person claims as owner of place where treasure-trove is found, treasure to be given to finder.

۱۱ جب اُس مقام کے مالک کی حیثیت سے کوئی دعویدار نہ ہو جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو تو وہ یا بندہ دفینہ کے حوالہ کیا جائیگا

12. When only one such person claims as owner of place where treasure-trove is found and his claim is not disputed by finder, treasure to be distributed.

۱۲ دفینہ کی تقسیم جب صرف ایک شخص اُس مقام کے مالک کی حیثیت سے دعویدار ہو جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو اور یابندہ دفینہ کو اس کے حق پر اعتراض نہ ہو۔

13. Procedure when ownership of place where treasure-trove is found is disputed.

۱۳ کارروائی جب اس مقام کی ملکیت کے متعلق نزاع ہو جہاں دفینہ دستیاب ہو۔

14. Institution of suit in Civil Court.

۱۴ عدالت دیوانی میں مقدمہ کا ارجاع۔

15. Division as per decree.

۱۵ ڈگری کے موافق تقسیم۔

16. Power to acquire treasure-trove on behalf of Government.

۱۶ دفینہ سرکار عالی کے لئے حاصل کرنے کا اختیار

17. Decision of Taluqdar to be final, and no suit to be instituted against him therefor in a Civil Court.

۱۷ تعلقدار کا فیصلہ قطعی ہوگا اور اس کے مقابلہ میں عدالت دیوانی میں مقدمہ رجوع نہ ہو سکے گا۔

18. Taluqdar to exercise powers of a Civil Court.

۱۸ تعلقدار عدالت دیوانی کے اختیارات استعمال کرے گا۔

19. Power to make rules.

۱۹ قواعد بنانے کا اختیار

CHAPTER III.

باب سوم

Penalties.

سزائیں

20. Penalty for finder, failing to give notice.

۲۰ سزا جب یابندہ دفینہ اطلاع نہ دے۔

21. Penalty for owner abetting offence under Section 20.

۲۱ سزا جب مالک جرم متذکرۂ دفعہ ۲۰ میں اعانت کرے۔

THE HYDERABAD TREASURE-TROVE ACT

No. III OF 1322 F.

(Received the assent of H. E. the Madarul Moham on the 18th Isfandar 1322 F.)

WHEREAS it is expedient to consolidate the law relating to treasure-trove in H. H. the Nizam's Dominions; It is hereby enacted as follows :—

CHAPTER I.
Preliminary.

Short title, extent and commencement.

I. This *Act may be called the Hyderabad Treasure-Trove Act and it shall come into force in the whole of H. H. the Nizam's Dominions from the first day of Khurdad 1322 F.

*Published in the Jarida dated 16-5-1322 F.

قانون
دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی.

نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف

(مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۸ اسفندار سنہ ۱۳۲۲ ف منظور فرمایا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں دفینہ کے متعلق مکمل قانون وضع کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:—

باب اول
مراتب ابتدائی

نام قانون دوسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون نیام قانون دفینہ ممالک

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳ ۱۳۲۲ف
محروسہ سرکار عالی " موسوم ہو سکے گا اور
کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں بحکم خورد
۱۳۲۲ف سے نافذ ہوگا۔

Repeal.

2. The Treasure-Trove Regulation issued on 29th Rabi-us-sani 1278 Hijri shall be repealed with effect from the date of enforcement of this Act.

تنسیخ۔ | دفعہ ۲۔ تاریخ نفاذ قانون
ہذا سے دستور العمل دفینہ مجریہ ۲۹ ربیع الثانی
سنہ ۱۲۷۸ھ منسوخ ہوگا۔

Definitions.

3. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context—

تعریفات۔ | دفعہ ۳۔ قانون ہذا میں
بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اوس
کے خلاف ہو۔

" Treasure Trove ".

(a) 'Treasure-Trove' means anything of any value hidden in the soil or in anything affixed thereto;

دفینہ۔ | (الف) "دفینہ" سے ہر شئے مراد
ہے خواہ اُس کی کچھ ہی قیمت ہو جو زمین میں
یا کسی شئے میں جو اُس سے ملصق ہو مخفی ہو۔

"Taluqdar"

(b) "Taluqdar" means —
(1) Taluqdar of a district ; or

تعلقدار۔ | (ب) تعلقدار سے
(۱)۔ تعلقدار ضلع۔ یا

(2) any officer appointed by the Government for the purposes of

(۲) ایسا عہدہ دار جسے سرکار عالی

(*Translation*)

this Act to perform the functions of the Taluqdar of a district ;

قانون دفینہ مالک محروسہ سرکار عالی مجریہ ۳ سنہ ۱۳۲۲ف

نے قانون ہذا کی اغراض کے لئے تعلقدار

ضلع کا کام انجام دینے کے لئے مقرر کیا ہو۔

مراد ہے۔

"Finder of Treasure Trove"

(c) When a treasure-trove is found in the course of any work performed in accordance with the directions of any person, express or implied, such person alone shall be deemed to be the "finder of treasure-trove" ;

یابندۂ دفینہ۔ (ج) جس صورت میں کوئی دفینہ کسی ایسے کام کی انجام دہی میں دستیاب ہو جو کسی شخص کی صریحی یا معنوی ہدایت کے موافق کیا جارہا ہو تو اوس صورت میں صرف شخص مذکور "یابندۂ دفینہ" تصور کیا جائے گا۔

"Owner"

(d) when any land or thing attached thereto is transferred by an instrument subject to the condition that the transferer shall be entitled to the treasure trove found therein, such transferer shall be deemed to be the "Owner" of such land or thing for the purpose of this Act.

مالک۔ (د) جب کوئی اراضی یا شئے جو اوس سے ملصق ہو کسی دستاویز کی رو سے منتقل کی گئی ہو اور اس میں یہ شرط ہو کہ منتقل کنندہ اُس دفینہ کا مستحق ہوگا جو اُس میں دستیاب ہو تو قانون ہذا کی اغراض کے لئے ایسا منتقل کنندہ اُس اراضی یا شئے کا "مالک" تصور کیا جائے گا۔

CHAPTER II

باب دوم

(*Translation*)

PROCEDURE ON FINDING TREASURE-TROVE.

Notice by finder of treasure-trove.

4. Whenever any treasure-trove exceeding ten rupees in amount or value is found, the finder of the treasure-trove shall, as soon as practicable, give to the Taluqdar a notice in writing in respect of the following matters :—

(a) the nature and amount or approximate value of the treasure-trove;

(b) the place in which and the circumstances under which it was found;

(c) the date of the finding;

and shall either deposit the treasure-trove with the nearest Government treasury, or give the taluqdar such security, as the latter thinks fit, to produce the treasure-trove at such time and place as he may require.

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی، نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف

دفینہ دستیاب ہونے پر کارروائی

یا بندۂ دفینہ کی جانب سے اطلاع ۔ | دفعہ ۴ ۔

جب کوئی دفینہ جس کی تعداد یا مالیت عشرہ سے زیادہ ہو دستیاب ہو تو یا بندۂ دفینہ جس قدر جلد ممکن ہو امور ذیل کی تحریری اطلاع تعلقدار کو دے گا ۔

(الف) دفینہ کی نوعیت اور رقم یا تخمینی مالیت ۔

(ب) مقام جہاں اور حالات جن میں وہ دستیاب ہوا ۔

(ج) اس کی دستیاب ہونے کی تاریخ ۔

اور دفینہ کو قریب ترین سرکاری خزانہ میں جمع کرے گا یا حسب اطمینان تعلقدار اس امر کی ضمانت دے گا کہ جس وقت اور جس مقام پر اس کے پیش کرنے کا حکم دیا

Notification requiring claimants to appear.

5. On receiving a notice under section 4, the Taluqdar shall, after making such inquiry as he thinks fit, take the following action–

دفعہ ۵ – دعویداروں کی حاضری کے لئے اشتہار –

جب دفعہ ۴ اطلاع وصول ہونے پر تعلقدار ایسی تحقیقات کے بعد جو وہ مناسب خیال کرے حسب ذیل کارروائی کرے گا –

(a) he shall publish a notification in such manner as the Government, from time to time, prescribe in this behalf to the effect that —

(الف) – ایک اشتہار اس طریقہ سے شایع کیا جائے گا جو سرکار عالی وقتاً فوقتاً مقرر کرے جس میں درج ہوگا کہ –

(1) on a certain date,

(۱) – فلاں تاریخ کو –

(2) certain treasure-trove (mentioning its nature, amount and approximate value),

(۲) – دفینہ (جس کی نوعیت، رقم اور تخمینی مالیت یہ ہے –)

(3) was found in a certain place, and requiring all parties claiming the treasure-trove or any part thereof, to appear before the Taluqdar on the date, and at the place therein named, but such date shall not be earlier than four months, or later than six months, from the date of the publication of such notification ;

(۳) – فلاں مقام میں دستیاب ہوا اور ان کل اشخاص کو جو اس دفینہ یا اس کے کسی جزو کے دعویدار ہوں حکم دیا جائے گا کہ اس مقام پر اور اس تاریخ کو جو اشتہار میں درج

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۲ف

ہوگی تعلقدار کے روبرو حاضر ہوں تاریخ جو اس طرح مقرر کی جائے گی وہ اشتہار کے شائع ہونے کی تاریخ سے چار مہینے سے کم یا چھ مہینے سے زائد نہ ہوگی۔

(b) when the place in which the treasure-trove was found appears to the Taluqdar to have been, at the date of finding, in the possession of some person other than the finder, the Taluqdar shall give to such person a special notice in writing to that effect.

(ب) جب تعلقدار کو معلوم ہو کہ وہ مقام جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہے اس کے دستیاب ہونے کی تاریخ کو یا بندۂ دفینہ کے سوائے کسی اور شخص کے قبضہ میں تھا تو تعلقدار اس شخص کو امور متذکرہ عمدہ کی تحریری اطلاع بطور خاص دے گا۔

عدم حاضری سے حق کا زائل ہونا۔ | دفعہ ۶۔

Forfeiture of right on failure to appear.

6. Any person who, having any right to such treasure-trove or any part thereof, as owner of the place in which it was found or otherwise, fails to appear as required by the notification issued under section 5, shall forfeit his right.

کوئی شخص جو اس مقام کے مالک کی حیثیت سے جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو یا اور طور پر کسی دفینہ یا اس کے جزو کا حق رکھتا ہو اور اس اشتہار کے موافق جو حسب دفعہ ۵ جاری ہوا ہو حاضر نہ ہو تو اس کا حق زائل ہو جائے گا۔

امور حق کا تصفیہ تعلقدار کرے گا۔ | دفعہ ۷۔

7. On the date specified in sec-

قانون دفینہ ممالک محروسہ (سرکار عالی) نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ف

Matters to be determined by the Taluqdar.

tion 5, the Taluqdar shall cause the treasure-trove to be produced before him, and shall inquire as to, and determine the following matters :—

اس تاریخ کو جس کی صراحت دفعہ ۵ میں کی گئی ہے تعلقدار دفینہ اپنے روبرو پیش کرائیگا اور امور ذیل کے متعلق تحقیقات اور تصفیہ کرے گا :-

(a) the person by whom, the place in which and the circumstances under which, the treasure-trove was found ;

(الف) - دفینہ کس شخص کو اور کس مقام پر اور کن حالات میں دستیاب ہوا اور

(b) as far as possible, the person by whom and the circumstances under which it was hidden.

(ب) - جہاں تک ممکن ہو وہ دفینہ کس شخص نے اور کن حالات میں مخفی کیا -

Time to be allowed for filing suit in a civil court by claimants to treasure-trove.

8. If, during an inquiry made under section 7 the Taluqdar has reason to believe that the treasure-trove was hidden, within one hundred years from the date of the finding, by a person appearing as required by the said notification and claiming such treasure-trove or by some other person through whom such person claims, the Taluqdar shall adjourn the hearing of the case for such period as he deems sufficient to allow a suit being instituted in a civil court by the claimant to establish his right as against other claimants.

دعویداروں کی جانب سے عدالت دیوانی میں دعوی رجوع کرنے کے لئے مہلت -

دفعہ ۸ - اگر اس تحقیقات کے دوران میں جو حسب دفعہ ۷ کی جائے تعلقدار کو یہ باور کرنے کی وجہ ہو کہ دفینہ کے دستیاب ہونے کی تاریخ کے سو سال کے اندر اس شخص نے جو اشتہار متذکرہ صدر کے موافق حاضر ہو کر دعویدار ہے یا کسی اور شخص نے جس کے ذریعہ سے وہ دعویدار ہے اس کو مخفی کیا

قانون دفینہ تالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۲ف

توتعلقدار مقدمہ کی سماعت ایسی مدت کے لئے ملتوی کرے گا جو وہ کافی خیال کرے تاکہ دعویدار عدالت دیوانی میں اپنا حق اور دعویداروں کے مقابلہ میں ثابت کرنے کے لئے مقدمہ رجوع کرسکے۔

When treasure-trove may be declared ownerless.

9. (1) If upon such inquiry, the Taluqdar sees no reason to believe that the treasure-trove was so hidden ; or

دفعہ ۹۔ (۱)۔ اگر ایسی تحقیقات کے بعد تعلقدار کو یہ باور کرنے کی وجہ نہ ہو کہ دفینہ اس طرح مخفی کیا گیا۔ یا

کس صورت میں حکم دیا جاسکے گا کہ دفینہ کا کوئی مالک نہیں ہے۔

if, where a period is fixed under section 8 for the institution of a suit, no suit is instituted within such period to the knowledge of the Taluqdar ; or

جب جب دفعہ ۸ مقدمہ رجوع کرنے کے لئے کوئی مدت مقرر کی جائے اور تعلقدار کو اس مدت کے اندر اس طرح مقدمہ رجوع ہونے کا علم نہ ہو۔ یا

if such suit is instituted within such period and the plaintiff's claim is finally rejected,

جب اس مدت کے اندر مقدمہ رجوع کیا جائے اور مدعی کا دعویٰ بالآخر نامنظور ہو جائے۔

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ف

the Taluqdar may make an order in respect of such treasure-trove to the effect that it shall be dealt with in a manner as if it were ownerless ; and subject to such appeal as may be preferred under sub-section (2), such order shall be final.

تو تعلقدار اس دفینہ کے متعلق تجویز کرسکے گا کہ اس کے متعلق اس طرح عمل کیا جاسکتا ہے کہ گویا اس کا کوئی مالک نہیں ہے اور ایسی تجویز بمتابعت اس مرافعہ کے جو حسب ضمن (۲) کیا جائے قطعی ہوگی۔

(2) Any person aggrieved by an order made under sub-section (1), may appeal to the Subedar, against such order within two months from the date thereof.

(۲) جب کوئی شخص تعلقدار کی تجویز سے جو حسب ضمن (۱) کی گئی ہو ناراض ہو تو تجویز صادر ہونے کے دو مہینے کے اندر وہ صوبہ دار کے پاس مرافعہ رجوع کرسکے گا۔

Proceeding subsequent to order under sec. 9.

10. When an order has been made in respect of any treasure-trove under section 9, such treasure-trove shall, in accordance with the provisions hereinafter contained, either be delivered to the finder thereof, or be devided between him and the owner of the place in which it was found.

دفعہ ۱۰۔ حسب دفعہ ۹ تجویز ہونے کے بعد کارروائی۔

جب کسی دفینہ کے متعلق حسب دفعہ ۹ تجویز ہوجائے تو ایسا دفینہ بمتابعت ان قواعد کے جو مابعد درج ہیں یا بندہ دفینہ کے حوالہ کیا جائے گا۔ یا یا بندۂ دفینہ اور اس مقام کے مالک کے مابین جہاں وہ دستیاب ہوا تقسیم کیا جائے گا۔

(*Translation*)

When no other person claims as owner of place where treasure-trove was found, treasure-trove to be given to finder.

11. When an order has been made in respect of any treasure-trove under section 9, and no person other than the finder has appeared on the basis of the notification published under section 5, and claimed a share of the treasure-trove as owner of the place in which it was found, the Taluqdar shall deliver the treasure-trove to the finder thereof.

When only one such person claims as owner of place where treasure-trove is found and his claim is not disputed by finder, treasure-trove to be distributed.

12. When an order has been made in respect of any treasure-trove under section 9, and only one person other than the finder of the treasure-trove has so appeared in accordance with section 5 and the claim of such person is not disputed by the finder, the Taluqdar shall divide the treasure-trove between the finder and the person so claiming, according to the following rule :—

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی۔ نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف

دفعہ ۱۱۔

جب اس مقام کے مالک کی حیثیت سے کوئی دعویدار نہ ہو جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو تو وہ یا بندۂ دفینہ کے حوالہ کیا جائے گا۔

جب حسب دفعہ ۹ کسی دفینہ کے متعلق تجویز ہو چکی ہو اور اس اشتہار کی بنا پر جو حسب دفعہ ۵ شائع کیا گیا ہو سوائے یا بندۂ دفینہ کے کوئی اور شخص حاضر ہو کر اس دفینہ کے کسی حصہ کا اس مقام کے مالک کی حیثیت سے جہاں وہ دفینہ دستیاب ہوا ہو دعویدار نہ ہو تو تعلقدار وہ دفینہ یا بندۂ دفینہ کے حوالہ کرے گا۔

دفعہ ۱۲۔

دفینہ کی تقسیم جب صرف ایک شخص اس مقام کے مالک کی حیثیت سے دعویدار ہو جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو اور یا بندۂ دفینہ کو اس کے حق پر اعتراض نہ ہو۔

جب کسی دفینہ کے متعلق حسب دفعہ ۹ تجویز ہو چکی ہو اور یا بندۂ دفینہ کے علاوہ صرف ایک شخص حسب دفعہ ۵ حاضر ہو کر دعویدار ہوا اور یا بندۂ دفینہ کو اس کے حق کے متعلق اعتراض نہ ہو تو تعلقدار

قانون دفینہ ممالک محروسہ (سرکار عالی) فسان ۱۳۲۲ف

حسب ذیل قاعدہ کے موافق اُس دفینہ کی تقسیم یابندۂ دفینہ اور اُس شخص کے مابین کرے گا :-

If the finder and the person so claiming have entered into any agreement then in force, the treasure-trove shall be divided in accordance with such agreement; but, if no agreement has been entered into, three-fourths of the treasure-trove shall be given to the finder and the residue to the person so claiming; provided that the Taluqdar, if he thinks fit, instead of dividing the treasure-trove as herein provided for may—

اگر یابندۂ دفینہ اور اُس شخص کے مابین جو اس طرح دعویدار ہو کوئی معاہدہ ہوا ہو جو اُس وقت نافذ ہو تو تقسیم اُس معاہدہ کے موافق ہوگی۔ لیکن اگر کوئی معاہدہ نہ ہوا ہو تو ۳/۴ حصہ یابندۂ دفینہ کو دیا جائے گا۔ اور بقیہ حصہ اُس شخص کو جو اس طرح دعویدار ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ تعلقدار اگر مناسب سمجھے تو حسب احکام دفعہ ہذا دفینہ کی تقسیم کرنے کی بجائے۔

(a) give to either party the whole or more than his share of such treasure-trove, provided that the party pays to the Taluqdar for the other party such sum of money as the Taluqdar may order in respect of the share of such other party or of the excess so given; or

(الف)۔ کسی فریق کو کل دفینہ یا اُس کے حصہ سے زیادہ دلا سکے گا بشرطیکہ وہ فریق تعلقدار کو دوسرے فریق کے لئے اس قدر رقم دیدے جو تعلقدار دوسرے فریق کے حصہ کی بابت یا اس زائد حصہ کی بابت جو اُس فریق کو دلایا گیا ہو تجویز کرے۔ یا

(b) sell such treasure-trove or any portion thereof by public auction, and divide the sale-proceeds between the parties according to the aforesaid rule; provided also that when the Taluqdar has, by his order under section 9 rejected any claim made under this Act by any person other than the said finder or person claiming as owner of the place in which the treasure-trove was found, such division shall not be made until after the expiration of two months from the date of the said order withont an appeal having been preferred under sub-section (2) of section 9, by the person whose claim has been so rejected, or when an appeal has been so preferred until after such appeal has been dismissed.

When the Taluqdar has made a division under this section, he shall deliver to each party his share of the treasure-trove or the money to which he is entitled.

(ب) اُس دفینہ یا اس کے کسی جزو کو نیلام کر سکے گا اور زر ثمن نیلام قاعدہ متذکرۂ صدر کے موافق فریقین میں تقسیم کر سکے گا۔

بشرطیکہ تعلقدار نے اُس تجویز میں جو حسب دفعہ ۹ کی ہو یا مبتدۂ دفینہ اور اُس شخص کے سوائے جو اس مقام کے مالک کی حیثیت سے جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو دعویدار ہو کسی اور شخص کے دعوے کو جو حسب قانون بذا کیا گیا ہو نامنظور کیا ہو تو ایسی تقسیم اس وقت تک نہ کی جائے گی جب تک ایسی تجویز صادر ہونے کے بعد دو مہینے نہ گزر جائیں اور اس شخص کی جانب سے جس دفعہ ۹ ضمن (۲) کوئی مرافعہ رجوع نہ ہوا ہو یا اگر اُس شخص کی جانب سے مرافعہ رجوع ہوا ہو تو جب تک مرافعہ نامنظور نہ ہو جائے۔

جب تعلقدار نے حسب دفعہ ہذا تقسیم کی ہو تو وہ ہر فریق کو اُس کے حصہ کا دفینہ یا وہ

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۲ف

رقم جس کا وہ مستحق ہو حوالہ کرے گا۔

دفعہ ۱۳۔ جب کسی دفینہ کے متعلق حسب دفعہ ۹ تجویز ہو چکی ہو اور حسب مذکورہ بالا دو یا زیادہ اشخاص حاضر ہوئے ہوں اور اس مقام کے مالک کی حیثیت سے جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہر ایک دعویدار ہو یا ایسے شخص کے حق کے متعلق جو اس طرح حاضر ہو کر دعویدار ہو یا بندۂ دفینہ کو اعتراض ہو تو تعلقدار دفینہ کو اپنے پاس رکھ کر یہ حکم دے گا کہ کارروائی اُس وقت تک ملتوی رہے جب تک کہ اس معاملہ کے متعلق عدالت دیوانی تحقیقات کر کے تصفیہ نہ کرے۔

کارروائی جب اس مقام کی ملکیت کے متعلق نزاع ہو جہاں دفینہ دستیاب ہو۔

13. When an order has been made in respect of any treasure-trove under section 9, and two or more persons have appeared as aforesaid and each of them claims as owner of the place where such treasure-trove was found, or the right of any person who has so appeared and claimed is disputed by the finder of such treasure-trove the Taluqdar shall retain such treasure-trove with himself and make an order that the proceedings be stayed until such time as the matter is inquired into and determined by a Civil Court.

Procedure when ownership of place where treasure-trove is found is disputed.

دفعہ ۱۴۔ ہر شخص جو اس طرح حاضر ہو کر دعویدار ہو تاریخ حکم سے ایک مہینہ کے اندر عدالت دیوانی میں استقرار حق کی ڈگری حاصل کرنے کے لئے دعویٰ رجوع کر سکے گا اور ایسے مقدمہ میں بانیدۂ دفینہ

عدالت دیوانی میں مقدمہ کا رجوع۔

14. Any person who has so appeared and claimed may, within one month from the date of such order, institute a suit in a Civil Court to obtain a decree declaring his right ; and in such a suit, the finder of the treasure-trove and all persons disputing such claim before the Taluqdar, shall be made defendants.

Institution of suit in Civil Court.

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۳ف

اور وہ کل اشخاص جو تعلقدار کے روبرو اُس کے حق سے انکار کرتے ہوں۔ مدعی علیہم بنائے جائیں گے۔

Division as per decree.

15. If such suit is instituted and the plaintiff's claim therein is finally decreed by the Court, the Taluqdar shall, subject to the provisions of section 12, divide the treasure-trove between him and the finder.

ڈگری کے موافق تقسیم۔ دفعہ ۱۵۔ اگر ایسا مقدمہ رجوع کیا جائے اور مدعی کا دعویٰ عدالت سے بالآخر ڈگری ہو تو تعلقدار بمتابعت احکام دفعہ ۱۲ دفینہ یا بندۂ دفینہ اور اس کے مابین تقسیم کرے گا۔

If no such suit is instituted or if the plaintiff's claim is finally rejected, the Taluqdar shall deliver the treasure-trove to the finder.

اگر حسب متذکرہ بالا کوئی مقدمہ رجوع نہ کیا جائے یا مدعی کا دعویٰ بالآخر خارج کیا جائے۔ تو تعلقدار دفینہ یا بندۂ دفینہ کے حوالہ کرے گا۔

Power to acquire treasure-trove on behalf of Government.

16. The Taluqdar may, at any time, after making an order under section 9, and before delivering or dividing the treasure-trove as hereinbefore provided declare, by an order signed by himself, his intention to acquire on behalf of the Government the trea-

دفینہ سرکار عالی کے لئے حاصل کرنے کا اختیار۔ دفعہ ۱۶۔ تعلقدار کسی وقت حسب دفعہ ۹ تحویر کرنے کے بعد اور حسب احکام متذکرہ صدر دفینہ کی تقسیم اور حوالگی کے قبل اپنے دستخطی حکم کے ذریعہ سے اُس ارادہ کا اظہار کرسکتا ہے کہ دفینہ یا اُس کا کوئی خاص حصہ سرکار عالی کے لئے

sure-trove or any specified portion thereof, by payment to the persons entitled thereto of a sum equal to five-sixths of the value of the materials of such treasure-trove or the portion thereof. Such sum shall be deposited with the Government treasury to the credit of such persons ; and thereupon such treasure-trove or the portion thereof shall be deemed to be the property of the Government and the money so deposited shall be dealt with as if it were such treasure-trove or the portion thereof.

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳ سنہ ۱۳۲۲ ف

حاصل کیا جائے گا اور ان اشخاص کو جو اُس کا کوئی خاص حصہ سرکار عالی کے لئے حاصل کیا جائیگا اور اُن اشخاص کو جو اُس کے مستحق ہوں اُس قدر رقم ادا کی جائے گی جو اُس دفینہ یا حصہ کی اشیاء کی مالیت کے پنجے حصہ کے مساوی ہو اور ایسی رقم خزانہ سرکاری میں ان اشخاص کے نام جمع کی جائیگی اس اظہار کے بعد وہ دفینہ یا حصہ سرکار عالی کی ملک متصور ہوگا اور رقم کے متعلق جو اس طرح جمع کیجائے اُسی طرح عمل ہوگا کہ گویا وہ دفینہ یا حصہ ہے۔

17. No suit may be filed in a Civil Court against any decision given or act done by the Taluqdar under this Act ; and no suit or other proceeding shall lie against him for anything done in good faith in exercise of the powers hereby conferred.

Decision of Taluqdar to be final and no suit to be instituted against him therefor in a Civil Court.

دفعہ ۱۷

تعلقدار کا فیصلہ قطعی ہوگا اور اُس کے مقابلہ میں عدالت دیوانی میں مقدمہ رجوع نہ ہوسکے گا۔

کسی تجویز یا فعل کے متعلق جو تعلقدار نے حسب قانون ہذا کیا ہو عدالت دیوانی میں مقدمہ رجوع نہ ہوسکے گا اور تعلقدار کے مقابلہ میں کسی فعل کی بابت جو اس نے ان اختیارات کے نفاذ میں نیک نیتی سے کیا ہو جو اس کو حسب قانون ہذا حاصل ہوں کوئی مقدمہ یا اور کارروائی رجوع نہ ہوسکیگی

(Translation)

18. A Taluqdar making an inquiry under this Act may exercise the powers conferred on a Civil Court by the Code of Civil Procedure for the trial of suits.

Taluqdar to exercise powers of a Civil Court.

19. *[The Government] may, from time to time, make rules not inconsistent with this Act to regulate the proceedings hereunder.

Such rules shall, after their publication in the Jarida, have the force of law.

Power to make rules.

CHAPTER III.

PENALTIES.

20. If the finder of any treasure-trove fails to give notice or does not either make the deposit or give the security as required by section 4, or alters or at-

Penalty for finder failing to give notice.

*Amended by Act No. III of 1308 F-

قانون دفینہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۲ف

دفعہ ۱۸۔ تعلقدار عدالت دیوانی کے اختیارات استعمال کرے گا۔ جو حسب قانون ہذا کوئی تحقیقات کر رہا ہو وہ اختیارات استعمال کر سکے گا جو عدالت دیوانی کو حسب مجموعہ ضابطہ دیوانی مقدمات کی تحقیقات کے متعلق حاصل ہیں۔

دفعہ ۱۹۔ [سرکار عالی] قواعد بنانے کا اختیار رکھیں گے اس کارروائی کے متعلق جو حسب قانون ہذا کی جائے وقتاً فوقتاً ایسے قواعد مرتب کر سکیں گے جو قانون ہذا کے نقیض نہ ہوں اور وہ بعد اشاعت جریدہ قانون کا حکم رکھیں گے۔

باب سوم

سزائیں۔

دفعہ ۲۰۔ اگر سزا جب یابندۂ دفینہ یابندۂ دفینہ حسب اطلاع نہ دے۔

* ترمیم بموجب قانون نشان ۱۳۰۸ف

tempts to alter such treasure-trove with intent to conceal its identity, the treasure-trove, or the share of the money in lieu thereof to which he would have been entitled, shall vest in the Government and he shall, on conviction before a Magistrate, be punished with imprisonment for a term which may extend to one year, or with fine, with both.

قانون دفینہ مالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۳۲۲ف

دفعہ ۱۹ اطلاع دینے یا دفینہ جمع کرنے یا نصف

دینے میں قاصر رہے یا دفینہ کو اس غرض

سے تبدیل کرے یا کرنے کا اقدام کرے

کہ اس کی شناخت نہ ہو سکے تو وہ دفینہ یا رقم کا

وہ حصہ جس کا یا بابتہ اس کے بجائے مستحق ہوتا

سرکار عالی کی ملک ہو جائے گا اور وہ ناظم فوجداری

کے روبرو جرم ثابت ہونے پر سزائے قید

کا جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکے گی یا جرمانہ

کا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

Penalty for owner abetting offence under section 20.

21. If the owner of the place in which any treasure-trove is found abets within the meaning of the Hyderabad Penal Code, any offence punishable under section 20, the treasure-trove or the share of money to which he would have been entitled, shall vest in the Government; and he shall, on conviction before a Magistrate, be punished with imprisonment for a term which may extend to six months, or with fine or with both.

سزا جب مالک جرم متذکرہ دفعہ ۲۰ میں اعانت کرے۔

دفعہ ۲۱ ۔ اگر اس مقام کا مالک جہاں دفینہ دستیاب ہوا ہو مجموعہ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی کے معنی میں اس جرم کے ارتکاب میں اعانت کرے جو حسب دفعہ ۲۰ قابل سزا ہے تو وہ دفینہ یا اس رقم کا وہ حصہ جس کا وہ مستحق ہوتا سرکار عالی کی ملک ہو جائے گا اور وہ ناظم فوجداری کے روبرو جرم ثابت ہونے پر وہ سزائے قید کا جس کی میعاد چھ مہینے تک ہو سکے گی یا جرمانہ کا یا دونوں سزاؤں

قانون اراضی مقبوضہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳ سنہ ۱۳۳۲ ف
کا مستوجب ہوگا۔

(Translation)

THE POISONS ACT.

No. IV of 1322 Fasli.

Sections.

1. Short title, commencement, extent and repeal.

GENERAL PROVISIONS RELATING TO POISONS.

2. Power to make rules for possessing for sale and sale of any poison within municipal limits.

ARSENIC.

3. Prohibition of importing arsenic without licence.

قانون سمیات

نشان (۴) ۱۳۲۲ف

دفعہ

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی و تنسیخ۔

سمیات کے متعلق عام احکام۔

۲ کسی سم کو کسی مقام کی حدود صفائی کے اندر فروخت کرنے کے لئے قبضہ میں رکھنے و فروخت کرنے کے متعلق قواعد وضع کرنے کا اختیار۔

سنکھیا۔

۳ بلا اجازت نامہ سنکھیا درآمد کرنے کی ممانعت۔

4. Possession for sale and sale of arsenic.

5. Prohibition for possession of arsenic in certain places.

OTHER POISONS.

6. Power to apply this Act to other poisons.

PENALTIES AND PROCEDURE.

7. Penalty for unlawful importation, etc.

8. Power to issue search-warrant.

9. R u l e s.

10. S a v i n g s .

۴ سنکھیا فروخت کے لئے قبضہ میں رکھنا اور فروخت کرنا۔

۵ بعض مقامات میں سنکھیا قبضہ میں رکھنے کی ممانعت۔

دیگر سمیات۔

۶ قانون ہذا کو دیگر سمیات سے متعلق کرنے کا اختیار۔

سزائیں اور ضابطہ۔

۷ ناجائز درآمد وغیرہ کی سزا۔

۸ حکم نامہ تلاشی جاری کرنے کا اختیار۔

۹ قواعد۔

۱۰ استثناء۔

(Translation)

THE POISONS ACT.

No. IV of 1332 F.

(Received the assent of the Madar-ul-Moham on 18th Isfandar, 1322 Fasli.)

Whereas it is expedient to enact law for the possessing and selling of poisons, and for the importing, possessing and selling of arsenic in His Highness the Nizam's Dominions ; It is enacted as follows:—

1. This *Act may be called "The Poisons Act", and it shall come into force in His Highness the Nizam's Dominions on the first day of Khurdad, 1322 Fasli. From the date of commencement

Short title, commencement, extent and repeal.

*Published in the Jarida dated 30th Farwardi, 1322 F.

قانون سمّیات

نشان (۴) سنہ ۱۳۲۲ف

(مدار المہام سرکار عالی نے بتاریخ ۱۸ اسفندار سنہ ۱۳۲۲ف منظور فرمایا۔)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں سمیات کے قبضہ میں رکھنے اور فروخت کرنے کے متعلق اور سنکھیا درآمد کرنے۔ قبضہ میں رکھنے اور فروخت کرنے کے متعلق قانون وضع کیا جائے، لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی و تنسیخ۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون نیام "قانون سمیات" موسوم ہو سکے گا۔ اور یکم خورداد سنہ ۱۳۲۲ف سے

* جریدہ اعلامیہ مورخہ ۳۰ فروردی سنہ ۱۳۲۲ف میں شائع ہوا۔

(Translation)

of this Act, the Resolution of the Home Department No. 27/11 dated 23rd Ardibehist, 1299 Fasli shall be repealed.

GENERAL PROVISIONS RELATING TO POISONS.

Power to make rules for possessing for sale and sale of any poison within municipal limits.

2. (1) *[The Government] may. by notification, make rules as to any poisons with reference to any place the limits whereof shall be defined for the following matters :—

(a) to possesss for sale;

(b) to sell whether wholesale or by retail.

*Amended by Act. No. III of 1308 F.

سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے رزولیوشن ہوم ڈپارٹمنٹ نمبر ۲۷/۱۱ واقع ۲۳ ماردی بہشت سنہ ۱۲۹۹ف منسوخ ہوگا۔

سمیات کے متعلق عام احکام۔

دفعہ ۲۔

(۱) [سرکار عالی][۵] بذریعہ اشتہار کسی مقام کے متعلق جس کے حدود کی صراحت کی جائے گی کسی سم کے بارے میں مفصلۂ ذیل امور کے متعلق قواعد مرتب کرسکیں گے :۔

کسی سم کو کسی مقام کی حدود صفائی کے اندر فروخت کرنے کے لئے قبضہ میں رکھنے و فروخت کرنے کے متعلق قواعد وضع کرنے کا اختیار۔

(الف) فروخت کے لئے قبضہ میں رکھنا۔

(ب) فروخت کرنا خواہ بذریعہ خوک فروشی یا چلر فروشی۔

۵ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ف

(2) The rules referred to in sub-section (1) may, provide for, amongst other matters:—

(a) the grant of licences to possess any poison for sale and the fixing of the fee (if any) to be paid for such licences; whether such sale is wholesale or by retail;

(b) the specification of the class of persons to whom such licences may be granted;

(c) specification of the class of persons to whom such poison may be sold;

(d) the maximum quantity of poison which may be sold to any one person;

(e) the maintenance by vendor of poison of register of sale of poison, the particulars to be entered in such register, and the inspection of the register;

قانون سمیات نشان ۴ سنہ ۱۳۲۲ف

(۲) ۔ قواعد متذکرہ ضمن (۱) منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہوسکیں گے :۔

(الف) ۔ کسی سم کے فروخت کے لئے قبضہ میں رکھنے کے متعلق اجازت نامجات عطا کرنا اور فیس کا تعین (اگر کوئی ہو) جو ایسے اجازت نامجات کی بابت ادا کرنی ہوگی ۔ خواہ ایسی فروخت بذریعہ تھوک فروشی ہو یا جلیر فروشی ۔

(ب) ۔ فرقہ اشخاص کی صراحت جن کو ایسے اجازت نامہ جات عطا کئے جاسکیں گے

(ج) ۔ فرقہ اشخاص کی صراحت جن کے ہاتھ ایسا سم فروخت کیا جاسکے گا ۔

(د) ۔ سم کی انتہائی مقدار جو کسی ایک شخص کے ہاتھ فروخت کی جاسکے گی ۔

(ھ) ۔ فروخت کنندہ سم کا سم کے فروخت کی بابت رجسٹر رکھنا ۔ امور جو ایسے رجسٹر میں درج ہوں گے ۔ اور رجسٹر کا معائنہ ۔

(f) the safe custody of such poisons and the labelling of the vessels in which any such poison is sold or kept for sale;

(g) the inspection and examination of any such poison when possessed for sale by any vendor of poison.

(3) Any substance declared as a poison in any rule made under this section shall be deemed to be a poison for the purposes of this Act.

ARSENIC.

3. Prohibition of importing arsenic without licence.

*[The Government] may, by notification, declare that arsenic shall not, without obtaining a licence and save in accordance with the conditions mentioned in that licence, be imported into His Highness the Nizam's Dominions and may make rules for granting a licence and with regard to the conditions mentioned therein.

4. (1) Possession for sale and sale of arsenic.

*[The Government] may for the whole or any part of His Highness the Nizam's Dominions make rules for the following matters:—

Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

(و)۔ ایسے سمیات کا حفاظت سے رکھنا اور نشانات جو ان ظروف پر لگائے جائیں گے جن میں کوئی سم فروخت کیا جائے یا فروخت کیلئے رکھا جائے۔

(ز)۔ کسی ایسے سم کا معائنہ اور امتحان جب وہ کسی فروخت کنندہ سم کے قبضہ میں فروخت کیلئے ہو۔

(۳)۔ کوئی شے جو کسی قاعدہ میں جو حسب دفعہ ہذا مرتب کیا گیا ہو سم قرار دی گئی ہو وہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے سم متصور ہوگی۔

سنکھیا۔

دفعہ ۳۔ بلا اجازت نامہ سنکھیا درآمد کرنے کی ممانعت

سرکار عالی بذریعہ اشتہار قرار دے سکیں گے کہ بلا حصول اجازت نامہ اور بپابندی ان شرائط کے جو اس اجازت نامہ میں درج ہوں سنکھیا ممالک محروسہ سرکار عالی میں درآمد نہ کیا جاسکے گا اور اجازت نامہ عطا کئے جانے اور شرائط کے متعلق جو اس میں درج ہوں قواعد وضع کرسکیں گے۔

دفعہ ۴۔ سنکھیا فروخت کیلئے قبضہ میں رکھنا اور فروخت کرنا۔

سرکار عالی کل ممالک محروسہ سرکار عالی کیلئے اس کے کسی جز و کیلئے امور مصرحہ ذیل کے متعلق قواعد وضع کرسکیں گے:—

* ترمیم بموجب قانون نشان ۱، (۳) سنہ ۱۳۰۸ ف

(a) to possess arsenic for sale;

(b) to sell arsenic whether wholesale or by retail.

(2) The rules mentioned in sub-section (1) may provide, amongst other matters, for all the- matters specified in sub-section (2) of section 2.

(3) The rule made under sub-section (1) may further provide that no person shall sell the powder of arsenic, unless the same is, before the sale thereof mixed with soot, indigo, or Prussian blue in the proportion of two and a half tolas of soot, indigo or Prussian blue to one seer of arsenic :

Provided that where the arsenic is stated by the purchaser to be required for some purpose for which such admixture would render it unfit, arsenic may be sold without such admixture, in a quantity of not less than five seers.

(الف) سنکھیا فروخت کے لئے قبضہ میں رکھنا۔

(ب) سنکھیا فروخت کرنا خواہ ایسی فروخت بذریعہ ٹھوک فروشی ہو یا پھٹکر فروشی۔

(۲)۔ قواعد متذکرۂ ضمن (۱) منجملہ اور امور کے اُن کل اُمور کے متعلق ہو سکتے ہیں جن کی دفعہ ۲ ضمن (۲) میں صراحت کی گئی ہے۔

(۳)۔ قواعد جو حسب ضمن (۱) مرتب کئے جائیں اُن میں یہ بھی حکم ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص سنکھیا کا سفوف فروخت نہ کرے گا جب تک کہ اُس میں اُس کے فروخت کے قبل کاجل یا نیل یا پرشین بلو ایک سیر سنکھیا میں ڈھائی تولہ کاجل یا نیل یا پرشین بلو کی نسبت سے نہ ملایا جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب خریدار یہ بیان کرے کہ سنکھیا کی ضرورت ایسے کام کے لئے ہے کہ اس طرح آمیزش سے وہ اُس کام کے ناقابل ہو جائیگا۔

Prohibition for possession of arsenic in certain places.

5. (1) *[The Government] may make rules for possessing arsenic in any place where murder by poisoning with arsenic or commission of mischief by poisoning cattle is of such frequent occurrence that such restriction may be deemed desirable.

بعض مقامات میں سنکھیا قبضہ میں رکھنے کی ممانعت

دفعہ ۵ (۱) [سرکار عالی] کسی ایسے مقام پر سنکھیا قبضہ میں رکھنے کے بارے میں قواعد وضع کر سکیں گے جہاں اس کے ذریعہ سے قتل عمد کا یا مویشی کو زہر دینے سے نقصان رسانی کا ارتکاب ایسا کثیر الوقوع ہو کہ ایسے قیود مناسب خیال کئے جائیں۔

(2) In the rules made under sub-section (1), *[the Government] may provide that the person committing a breach thereof shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to one year, or with fine which may extend to one thousand rupees or with both, and that the arsenic in respect of which the breach has been committed, together with the vessels which contain the same shall be confiscated.

(۲)۔ قواعد جو حسب ضمن (۱) مرتب کئے جائیں ان میں [سرکار عالی] یہ حکم دے سکیں گے کہ جو شخص ان کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو اس کو سزا قید دی جا سکے گی جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکے گی یا سزائے جرمانہ جس کی تعداد ایک ہزار روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی اور نیز وہ سنکھیا جس کے متعلق خلاف ورزی کی گئی ہو مع ان ظروف کے جن میں وہ ہو ضبط کیا جائیگا۔

*Amended by Act. No. III of 1308 F.

* ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ف

OTHER POISONS.

Power to apply this Act to other poisons.

6 (1) *[The Government] may, by notification, apply to any other particular poison, all or some of the provisions of this Act relating to arsenic.

(2) Any substance specified in the notification mentioned in sub-section (1) shall be deemed to be a poison for the purposes of this Act.

PENALTIES AND PROCEDURE.

Penalty for unlawful importation, etc.

7. (1) Whoever —

(a) commits a breach of any rule made under section 2 or section 4, or

*Amended by Act. No. III of 1308 F.

دیگر سمیات۔

دفعہ ۶۔ (۱) [سرکار عالی] بذریعہ اشتہار قانون ہذا کو دیگر سمیات سے متعلق کرنے کا اختیار۔

کل یا چند احکام قانون ہذا جو سنکھیا سے متعلق ہیں کسی اور خاص سم سے متعلق کر سکیں گے۔

(۲)۔ ہر شے جس کی اشتہار متذکرۂ ضمن (۱) میں صراحت کی جائے۔ قانون ہذا کی اغراض کے لئے سم متصور ہوگی۔

سزائیں اور ضابطہ۔

دفعہ ۷۔ کوئی شخص جو

(الف)۔ کسی ایسے قاعدہ کی خلاف ورزی کرے جو حسب دفعہ ۲ یا دفعہ ۴ مرتب کیا گیا ہو۔ یا

۵۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ ف

(b) imports into His Highness the Nizam's Dominions, without a licence, arsenic, the importation of which is for the time being, prohibited under section 3, or

(ب) ۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں بغیر اجازت نامہ کے سنکھیا درآمد کرے جس کی درآمد کی اُس وقت حسب دفعہ ۳ ممانعت ہو۔ یا

(c) contravenes any condition mentioned in the licence granted to him under section 3 for importing arsenic shall be punishable;

(ج) ۔ کسی ایسی شرط کی خلاف ورزی کرے جو اس اجازت نامہ میں درج ہو جو سنکھیا درآمد کرنے کے لئے حسب دفعہ ۳ عطا کیا گیا ہو۔

on a first conviction with imprisonment for a term which may extend to three months, or with fine which may extend to five hundred rupees, or with both; and

وہ اول مرتبہ مجرم ثابت ہونے پر سزائے قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد تین مہینے تک ہوسکے گی یا جرمانہ کا جس کی تعداد (صفر) تک ہوسکے گی۔ یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔ اور

on a second or subsequent conviction, with imprisonment for a term which may extend to six months, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both.

دوسری مرتبہ یا اُس کے بعد مجرم ثابت ہونے پر سزائے قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد چھ مہینے تک ہوسکے گی یا جرمانہ کا جس کی تعداد (الف) تک ہوسکے گی یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔

(2) The poison in respect of which an offence is commited.

(۲) جس سم کے متعلق حسب دفعہ ہذا جرم کا ارتکاب کیا جائے مع اُن ظروف کے جن میں وہ

under this section together with the vessels containing the poison and, in the case of any offence mentioned in clause (b) and clause (c) of sub-section (1), the animals and vehicles used in carrying it and owned by him shall be liable to confiscation.

قانون سمیات نشان ۴ سنہ ۱۳۲۲ ف

ہو اور جرم متذکرہ ضمن (۱) فقرہ (ب) و فقرہ (ج) کی صورت میں مع اُن جانوروں اور گاڑیوں کے جو اُس کے لیجانے میں استعمال کی جائیں اور اُس کی ملک ہوں قابل ضبطی ہوگا۔

Power to issue search-warrant.

8. (1) Every Magistrate having powers not less than the powers of the First class Magistrate may issue a warrant for the search of a place in which he has reason to believe or to suspect that any poison in contravention of this Act or the rules made thereunder is possessed or sold by any person or that any poison liable to confiscation under this Act is kept or concealed.

حکمنامہ تلاشی جاری کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۸۔ (۱) ہر ناظم نوجداری جس کے اختیارات درجۂ اول سے کم نہ ہوں ایسے مقام کی تلاشی کے لئے حکمنامہ تلاشی جاری کرسکے گا۔ جہاں اُس کو باور کرنے کی یا شبہ کرنے کی وجہ ہو کہ کوئی سم قانون ہذا یا قواعد نافذہ حسب قانون ہذا کے خلاف کسی شخص کے قبضہ میں ہے یا فروخت کیا جاتا ہے یا کوئی سم جو حسب قانون ہذا قابل ضبطی ہے موجود ہے یا مخفی کیا گیا ہے۔

(2) The person to whom the warrant is directed may enter and search the place in accordance therewith; and the provisions of the Hyderabad Code of Criminal Procedure relating to search-warrants shall, as far as may be, apply to such warrants.

(۲)۔ وہ شخص جس کے نام حکمنامہ ہو اُس کے موافق اُس مقام میں داخل ہوسکے گا اور تلاشی لے سکے گا اور مجموعہ ضابطہ نوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی کے احکام جو حکمنامہ جات تلاشی سے متعلق ہیں جہاں تک متعلق ہو سکتے

قانون سمیات · نشان ۴ — ۱۳۲۲ف

ہیں ایسے حکم تادرجات سے بھی متعلق ہوں گے ۔

9. (1) In addition to the powers to make rules hereinbefore contained, *[the Government] may make rules generally to carry out the purposes of this Act.

Rules

قواعد — | دفعہ ۹ — (۱) قواعد بنانے کے ان اختیارات کے علاوہ جو مندرجہ بالا دفعات میں درج ہیں [سرکار] عالی] عام طور پر قانون ہذا کی اغراض کی تکمیل کے لئے قواعد مرتب کر سکیں گے ۔

(2) The power to make rules under this Act shall be subject to the condtion of the rules being made after previous publication.

(۲) حسب قانون ہذا قواعد مرتب کرنے کا اختیار اس شرط کے تابع ہوگا کہ قواعد بعد اشاعت سابقہ مرتب کئے جائیں گے ۔

(3) The rules made under this Act shall be published in the Jarida, and on publication, shall be deemed to be a part of this Act.

(۳) ۔ قواعد جو حسب قانون ہذا مرتب کئے جائیں وہ جریدہ میں شائع کئے جائیں گے اور بعد اشاعت قانون ہذا کا جزو سمجھے جائیں گے

10. (1) Nothing in this Act or in the rules made thereunder or any licence granted under this Act shall apply to the acts done in good faith in carrying on their profession or business as such by the following persons :—

Savings.

استثناء — | دفعہ ۱۰ — (۱) قانون ہذا کا یا قواعد کا جو حسب قانون ہذا

*Amended by Act No. III of 1308 F.

۵ ۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

قانون سمیات نشان ۴ سنہ ۱۳۲۲ف

مرتب کئے جائیں یا کسی اجازت نامہ کا جو حسب
قانون ہذا عطا کیا جائے۔ کوئی مضمون ان
افعال سے متعلق نہ ہوگا جو مفصلہ ذیل اشخاص
نیک نیتی سے اپنے پیشہ یا کاروبار کی انجام
دہی میں اسی حیثیت سے کریں۔

(a) a medical or veterinary practitioner,

(الف)۔ ہر طبیب یا سلوتری۔

(b) a chemist or druggist authorised by law to carry on his profession,

(ب)۔ دواساز یا دوافروش جسے
قانوناً اپنا پیشہ انجام دینے کی اجازت ہو۔

(c) a chemist, druggist or compounder dispensing or compounding according to the prescription of a medical or veterinary practitioner,

(ج)۔ دواساز یا دوافروش یا کمپاؤنڈر
جو کسی طبیب یا سلوتری کے نسخہ کی بنا پر کوئی
دوا دے یا تیار کرے۔

(d) a tanner or hide-merchant, subject to the rules in force under section 5.

(د)۔ تابعیت اُن قواعد کے جو
حسب دفعہ (۵) نافذ ہوں کوئی چمڑا کمانے
والا یا چمڑے کا سوداگر۔

(2) Notwithstanding anything

(۲)۔ باوجود کسی حکم مندرجہ قانون

hereinbefore contained, *[the Government] may, by general or special order, declare, that all or some of the provisions of this Act shall not apply to any article or class of articles of commerce specified in the order, or to any poison or class of poisons used for the purpose specified therein *[The Government] may, from time to time, cancel or vary such order.

(3) *[The Government] may, by general or special order, exempt any person or class of persons, generally or in respect of any particular poison or poisons specified in the order, from the operation of any such rule.

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

ہذا [سرکار عالی] کسی عام یا خاص حکم کے ذریعہ سے یہ قرار دے سکیں گے کہ قانون ہذا کے کل یا چند احکام کسی ایسی تجارتی شئے یا قسم اشیاء سے متعلق نہ ہوں گے جس کی حکم میں صراحت ہو یا کسی سم یا قسم سمیات سے متعلق نہ ہوں گے جو اس کام میں لایا جائے جس کی صراحت کی گئی ہو۔ [سرکار عالی] ایسے حکم کو وقتاً فوقتاً منسوخ یا تبدیل کر سکیں گے۔

(۳) [سرکار عالی] کسی عام یا خاص حکم کے ذریعہ سے کسی شخص یا جماعت اشخاص کو عام طور پر یا کسی خاص سم یا سمیات کے متعلق جن کی حکم میں صراحت ہو کسی ایسے قاعدہ کے اثر سے مستثنیٰ کر سکیں گے۔

ے۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ف

(Translation)

THE HYDERABAD COURT FEES ACT.

No. VI of 1324 Fasli.

Sections.

Preamble .

CHAPTER I.

PRELIMINARY.

1. Short title, extent and commencement.

2. Repeal.

CHAPTER II.

COURT FEES.

3. Court Fees.

قانون رسوم عدالت ممالک محروسہ وسرکار عالی

نشان (٦) باتیہ ١٣٢٤ف

دفعہ

تمہید۔

باب اول

مراتب ابتدائی۔

١ مختصر نام۔ وسعت مقامی وتاریخ نفاذ۔

٢ تنسیخ۔

باب دوم

رسوم عدالت۔

٣ رسوم عدالت۔

4. Computation of fees payable in certain suits.

۴ بعض مقدمات میں رسوم واجب الادا کی تعداد کا تعین۔

5. Fee on memorandum of appeal against order relating to compensation for land acquired.

۵ رسوم بابتہ عرضی مرافعہ بنام اراضی حکم معاوضہ متعلق حصول اراضی۔

6. Power of Court to ascertain net profit or market value.

۶ اختیار عدالت بابتہ تحقیقات منافع خالص یا قیمت بازار۔

7. Procedure when net profit or market value wrongly estimated.

۷ کارروائی جب کہ منافع خالص یا قیمت بازار کے تعین میں غلطی واقع ہوئی ہو۔

8. Procedure in suits for mesne profits and account, when amount decreed exceeds amount claimed.

۸ کارروائی بہ مقدمات زر واصلات و بقایائے حساب جب کہ تعداد زر ڈگری شدہ تعداد مدعی بہا سے زیادہ ہو۔

9. Decision of questions relating to fee.

۹ فیصلہ امور متعلقہ رسوم۔

10. Refund of fee paid on memorandum of appeal.

۱۰ واپسی رسوم عرضی مرافعہ۔

11. Refund of fee on review.

۱۱ واپسی رسوم بحالت تجویز ثانی۔

12. Refund of fee where Court reverses or modifies its former decision.

۱۲ رسوم کی واپسی جب عدالت فیصلہ سابقہ کی تنسیخ یا ترمیم کرے۔

13. Suits having multifarious Causes of action.

۱۳ مقدمات مشتمل بر متعدد بنا ہائے دعویٰ۔

14. Written deposition of complainants.

۱۴ تحریری اظہار مستغیث۔

15. Exemptions.

۱۵ مستثنیات۔

CHAPTER III.

COURT-FEE ON PROBATE AND LETTERS OF ADMINISTRATION.

باب سوم

رسوم صداقتنامہ نفاذ وصیت و اہتمام ترکہ۔

16. Procedure ,where court-fee is over paid.

۱۶ طریقہ کارروائی جب کہ زیادہ رسوم داخل کی گئی ہو۔

17. Procedure where debt due from deceased person has been paid out of his estate.

۱۷ طریقہ کار روائی جب کہ قرضہ دینگی شخص متوفی اُس کی جائداد سے ادا کیا گیا ہو۔

18. Subsequent grants exempt from fee.

۱۸ دوبارہ عطاء پر رسوم کی معافی۔

19. Validity of probate of property held by deceased in trust or by title.

۱۹ جواز صداقت نامہ متعلق جائداد جس کا متوفی بطور امین قابض یا مستحق رہا ہو۔

20. Procedure where less court-fee has been paid on probate.

۲۰ طریقہ کار روائی جب صداقتنامہ پر کم رسوم ادا کی گئی ہو۔

21. Administrator to give security.

۲۱ مہتمم ترکہ سے ضمانت۔

22. Penalty for non-payment of proper court fee.

۲۲ سزا جو پوری رسوم ادا نہ کئے جانے کی صورت میں ہو سکتی ہے۔

23. Notice of application to be given to Taluqdar, and procedure thereon.

۲۳ درخواست سے متعلق تعلقدار کو اطلاع اور اس کی بنا پر کارروائی۔

قانون رسوم عدالت نشان ۶ سنہ ۱۳۲۴ ف

24. Payment of court-fee in respect of probate or letters of administration.

۲۴ ادائی رسوم بابتہ صدور اختتام نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ۔

25. Recovery of penalties etc.

۲۵ وصول تاوان وغیرہ۔

26. Sections 3 and 33 not to apply to probates and letters of administration.

۲۶ دفعات ۳ و ۳۳ نفاذ وصیت و اہتمام ترکہ سے متعلق نہ ہوں گی۔

CHAPTER IV.

باب چہارم

PROCESS-FEES.

رسوم حکمنامہ جات۔

27. Power to make rules.

۲۷ اختیارات ترتیب قواعد۔

28. Table of fees to be conspicuously exposed to view.

۲۸ تختہ رسوم کا منظر عام پر آویزاں ہونا۔

29. Number of peons to be fixed.

۲۹ نوجوانوں کی تعداد کا مقرر کرنا۔

CHAPTER V.

